# THE
# SENATE OF PAKISTAN
# DEBATES

## *OFFICIAL REPORT*

Sunday, 9th November, 2025
(355th Session)
Volume XI, No.04
(Nos.01-08)

Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad
Volume XI SP.XI (04)/2025
No.04 04

# Contents


1. Recitation from the Holy Quran ....................1
2. Leave of Absence ....................2
3. Statement by Mr. Chairman regarding commemorating Iqbal Day.....4
4. Further discussion on motion regarding the Constitution (Twenty-seventh Amendment) Bill, 2025 ....................7
    - Senator Syed Ali Zafar ....................7
    - Senator Hamid Khan ....................18
    - Senator Pervaiz Rasheed ....................21
    - Senator Muhammad Azam Khan Swati ....................24
    - Senator Syed Masroor Ahsan ....................28
    - Senator Mohsin Aziz ....................32
    - Senator Faisal Javed ....................39
    - Senator Noor ul Haq Qadri ....................43
    - Senator Muhammad Talha Mahmood ....................46
    - Senator Saifullah Abro ....................49
    - Senator Dr. Afnan Ullah Khan ....................55
    - Senator Sarmad Ali ....................60
    - Senator Mohammad Ishaq Dar (Leader of the House)............60
    - Senator Danesh Kumar ....................65
5. Motion for Dispensation of Rules in order to move a Resolution......67
6. Resolution moved by Senator Sherry Rehman regarding 148th birth anniversary of Dr. Allama Muhammad Iqbal ....................68
7. Point raised by Senator Hidayatullah Khan regarding name of the province of Khyber Pakhtunkhwa ....................70
    - Senator Mohammad Ishaq Dar ....................72
8. Further discussion on the motion regarding the Constitution (Twenty-Seventh (Amendment) Bill, 2025 ....................75
    - Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur ....................75
    - Senator Naseema Ehsan ....................79

**SENATE OF PAKISTAN**
**SENATE DEBATES**

Sunday, 9th November, 2025

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at thirty-five minutes past three in the evening with Mr. Chairman (Syed Yousuf Raza Gilani) in the Chair.

----------------

## Recitation from the Holy Quran

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَ مِيْثَاقَهُ الَّذِيْ وَاثَقَكُمْ بِهٖۤ ۙ اِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا وَ اَطَعْنَا ۫ وَ
اتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝۷ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ لِلّٰهِ
شُهَدَآءَ بِالْقِسْطِ ۫ وَ لَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰۤى اَلَّا تَعْدِلُوْا ؕ اِعْدِلُوْا ۫ هُوَ اَقْرَبُ
لِلتَّقْوٰى ۫ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝۸ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ
عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝۹

ترجمہ: اور اللہ تعالیٰ نے جو تم پر احسان کیے ہیں ان کو یاد کرو اور اس عہد کو بھی جس کا تم سے قول لیا تھا (یعنی) جب تم نے کہا تھا کہ ہم نے (اللہ تعالیٰ کا حکم) سن لیا اور قبول کیا۔ اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔ کچھ شک نہیں کہ اللہ تعالیٰ دلوں کی باتوں (تک) سے واقف ہے۔ اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ کے لیے انصاف کی گواہی دینے کے لیے کھڑے ہو جایا کرو۔ اور لوگوں کی دشمنی تم کو اس بات پر آمادہ نہ کرے کہ انصاف چھوڑ دو۔ انصاف کیا کرو کہ یہی پرہیزگاری کی بات ہے اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو۔ کچھ شک نہیں کہ اللہ تعالیٰ تمہارے سب اعمال سے خبردار ہے۔ جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کرتے

رہے ان سے اللہ تعالیٰ نے وعدہ فرمایا ہے کہ ان کے لیے بخشش اور اجر عظیم ہے۔

سورۃ المائدہ (آیات ۷

تا ۹)

## Leave of Absence

Mr. Chairman: Senator Ahmad Khan has requested for the grant of leave for 9th and 10th October 2025 during 354th Session and 4th and 7th November during the current Session due to visit abroad. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Muhammad Aslam Abro has requested for the grant of leave for 3rd to 10th October during the 454th Session and 4th November 2025 during the current Session due to visit abroad. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Mir Dostain Khan Domki has requested for the grant of leave for 3rd October 2025 during the 354th Session due to personal engagement. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Farooq Hamid Naek has requested for the grant of leave for 6th to 10th October 2025 during the 354th Session due to personal engagement. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Fawzia Arshad has requested for the grant of leave for 30th September, 3rd and 6th October 2025 during the 354th Session due to personal engagement. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Sarmad Ali has requested for grant of leave for 9th and 10th October, 2025 during the 354th and 4th November, 2025 during the current session due to personal engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Rahat Jamali has requested for grant of leave from 6th to 10th October, 2025 during the 354th session due to personal engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Asad Qasim has requested for grant of leave from 6th to 10th October, 2025 during the 354th session due to personal engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Saeed Ahmed Hashmi has requested for grant of leave for the 354th session due to personal engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

## **Statement by Mr. Chairman regarding commemorating Iqbal Day**

Mr. Chairman: I have to make a statement. Today, as we gather to commemorate Iqbal Day, we honour and pay homage to a towering figure in our nation's history—a poet, philosopher, and political thinker. On behalf of this august House of the Federation, and the people of Pakistan, I pay glowing tribute to Allama Iqbal. Today, we celebrate his enduring vision that laid the very foundation of a separate, independent, and sovereign homeland for the Muslims of the subcontinent in the form of Pakistan.

The "Poet of the East," inspired the hearts and minds of Muslims from the subcontinent to the banks of Nile, and from Nile to Kashgar. He awakened a spirit of self-realization and unity that continues to resonate deeply within the fabric of our society. Iqbal's contributions to the ideology of Pakistan are immeasurable. His poetry and philosophy ignited the flame of aspirations among Muslims for a separate homeland. On this day, we reflect upon his timeless message, which remains ever relevant in our pursuit of people empowerment and cultural preservation. Iqbal urged us to strive for selfhood, to cultivate our identities, and to recognize the importance of our collective strength as a united Ummah.

As we celebrate Iqbal Day, we are reminded that this occasion serves not only as a commemoration of his life and work, but also as a call to action for all of us. It is a day to reignite national pride and unity. It's a day to

reinforce the values and ideals upon which our nation was founded. Iqbal’s vision of a spiritually and intellectually revived Muslim community continues to inspire us. It urges us to pursue excellence and to advocate for a future characterized by dignity and respect for all individuals.

Moreover, Iqbal's emphasis on the unity of the Muslim world is a message that we must embrace wholeheartedly. In an era where divisions can threaten our collective identity, Iqbal’s call for solidarity serves as a guiding light. His philosophy encourages us to transcend the limitations of nationalism, and instead promote "religious nationalism" where our Islamic principles guide our actions and our aspirations.

As we reflect on Iqbal’s teachings, let us commit to educating future generations about his legacy. Educational institutions have a pivotal role in imparting Iqbal’s ideas, particularly, the concept of Khudi, which speaks to the empowerment of individuals and the pursuit of their highest potential. This is not merely an academic exercise but a vital mission that will shape the character and vision of our youth, instilling in them the values of ambition, excellence, and a profound sense of purpose.

Let us reaffirm our commitment to his ideals. Together, we must make concerted efforts to inspire a generation that embodies his teachings, fostering a spirit of unity and cooperation within our nation. May we carry forth his legacy, ensuring that the principles he

championed continue to guide us toward a prosperous future for Pakistan and the entire Muslim Ummah. Thank you.

Senator Muhammad Azam Khan Swati: Mr. Chairman, may I ask you if you have decided about the appointment of Opposition Leader?

Mr. Chairman: I have requested for a time and insha-Allah soon, we will get back to you.

جہاں تک timeline کی بات ہے تو میں آپ سے ملوں گا۔ ان شاء اللہ، جتنی جلدی ممکن ہوا، ہم decide کر لیں گے۔

(اس موقع پر سینیٹر محمد ہمایوں مہمند نے اپنی نشست پر کھڑے ہو کر بات کی)

Mr. Chairman: I agree with you.

کل میں نے ایک ruling دی تھی جس پر میں نے آپ سے request کی تھی کہ جو چیئرمین سینیٹ کے سیکرٹریٹ کے issues ہیں، وہ آپ آفس میں تشریف لائیں گے تو ہم انہیں discuss کر لیں گے۔ کل میں نے کہا تھا۔ آپ بات کریں۔

سینیٹر دوست محمد خان: جناب! کل آپ نے اپنی پیاری اور میٹھی زبان سے ہمیں کہا کہ لیڈر آف دی اپوزیشن کو باقاعدہ کرسی بھی دوں گا اور ساتھ میں time بھی دوں گا لیکن نہ آپ نے کرسی دی ہے اور نہ time دے رہے ہیں۔ مہربانی کرکے انہیں کم از کم یہ تو کہہ دیں کہ کرسی پر بیٹھ جائیں۔

جناب چیئرمین: دیکھیں، میں پھر آپ سے بات کرنا چاہتا ہوں، آپ سے میں نے کل یہ گزارش کی تھی کہ سیٹ پر بیٹھنے سے متعلق میں ابھی decision لوں گا۔ میں نے آپ سے کہا تھا

کہ ان کو میں سب سے پہلے time دوں گا اور میں نے راجا صاحب کو time دیا۔ ان شاء اللہ، جیسے آپ مجھ سے ملیں گے، ہم بات کریں گے۔

سینیٹر فلک ناز: جناب چیئرمین! آپ اپنی اتھارٹی کو استعمال کریں کیونکہ یہ جمہوریت کا حسن ہے، ان کو کرسی پر بٹھائیں اور ایک مثال قائم کریں۔ یہ حقیقی اپوزیشن لیڈر ہیں، فارم 47 کے نہیں ہیں، یہ فارم 45 کے ہیں۔

جناب چیئرمین: دیکھیں، لیڈر آف دی ہاؤس، ڈپٹی پرائم منسٹر نے ایک بات کی کہ that is my prerogative. If it is my prerogative, then why they have not appointed the Leader of the Opposition in the National Assembly? آپ بات کرنا چاہیں گے؟

Senator Syed Ali Zafar: Sir, I want to talk about the 27th Amendment.

## Further discussion on motion regarding the Constitution (Twenty-seventh Amendment) Bill, 2025

### Senator Syed Ali Zafar

سینیٹر سید علی ظفر: جناب چیئرمین! بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ ایک آزاد عدلیہ کے بغیر معاشرے میں انصاف نہیں ہوتا۔ جس معاشرے میں انصاف نہیں ہوگا، وہاں نہ تو آزادی ہے، نہ ہی کوئی سالمیت ہے۔ اگلے چند گھنٹوں میں، جو نظر آرہا ہے، آپ کے سامنے ایک بل آئے گا اور کوشش کی جائے گی کہ اس ایوان سے سپریم کورٹ آف پاکستان کا جنازہ نکالا جائے۔ میں کوشش کروں گا کہ کچھ دلائل دے کر majority of the House کو convince کر سکوں کہ وہ اس amendment میں ہمارا PTI کا ساتھ دیں۔ PTI نے اس کی مخالفت کرنی ہے۔ میں اس کے بارے میں بات کروں گا۔

یہ غلط فہمی ہے ہم سب کی کہ آئین صرف ایک قانونی دستاویز ہے، اصل میں جناب چیئرمین! یہ ایک زندہ رشتہ ہے جو قوم کو جوڑ کر رکھتا ہے۔ یہ ایک قوم کا ایک ایسا معاہدہ ہے جو کہ عوام اور ریاست کے درمیان ہے اور اس کا یہ status ایک عہد اور ایمان کا ہے۔ اس کی اپنی ایک

spirit ہے، اس کی اپنی ایک روح ہے، احساس ہے اور نظریہ ہے۔ یہ وہ وعدہ ہے جناب! جس میں چاہے آپ پنجاب سے ہوں، چاہے آپ خیبر پختونخوا سے ہوں، سندھ سے ہوں، بلوچستان سے ہوں، پاکستان کے کسی بھی حصے سے ہوں۔ یہ وہ وعدہ ہے جس پر متفقہ طور پر سب نے کہا ہے کہ ہم اپنی پُرامن زندگی انصاف اور قانون کے مطابق گزاریں گے۔ جب 1973 میں آئین آیا تو یہی کہا گیا کہ یہ آئین کسی ایک party کا نہیں، کسی ایک شخص کا بھی نہیں، یہ پوری قوم کا ہے۔ تو جب آپ آئین میں کسی قسم کی تبدیلی کرنے جاتے ہیں تو this is equal to tinkering and tampering with the foundation of building کسی عمارت کی جو بنیاد ہے، اس کو آپ پھر چھیڑ رہے ہیں۔ اور اگر آپ نے کوئی غلطی کی تو پوری کی پوری عمارت گر سکتی ہے۔ آئین میں amendment کی بات ہو رہی ہے وہ اسی طرح ہے کہ آپ ایک building کی foundations کو تباہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ جب 1973 کا آئین آیا جناب تو dictators دو آئے اس کے درمیان، اور انہوں نے بہت ساری amendments کیں۔ ایک چیز آپ note کریے گا کہ وہ جو amendments dictators کے زمانے میں آئیں آئین میں، ان میں بھی بڑا وقت لگا۔ چار چار، چھ چھ مہینے لگے۔ انہوں نے آئین کو توڑا، اور پھر اٹھارویں ترمیم آئی۔ اٹھارویں ترمیم کو نو مہینے لگے، 90 meetings ہوئیں، اور جو 1973 آئین کی اصل روح تھی، وہ اٹھارویں ترمیم کے ذریعے واپس ہو گئی۔ 1973 آئین کی جو بنیادی روح ہے جناب! اس کے پانچ نکات کا میں ضرور ذکر کرنا چاہوں گا۔ وہ اس لیے کرنا چاہوں گا کہ وہ پانچوں نکات اس 27 ویں ترمیم میں انکو ٹھیس پہنچائی جا رہی ہے، ان کو puncture کیا جا رہا ہے۔ پہلی، پاکستان ایک federation ہے، ایک وفاقی ڈھانچہ ہے جس میں صوبے خود مختار ہیں۔ دوسری، جو آئین کی ایک بنیادی روح ہے وہ یہ ہے کہ Parliament جس کا ہم حصہ ہیں، وہ عوام کے ووٹ سے بنتی ہے اور وہ بااختیار ہے لیکن آئین کے پابند ہیں۔ تیسری، آئین میں بنیادی حقوق دیے گئے ہیں قوم کو۔ قوم نے خود ہی دیے ہیں اپنے آپ کو، اور وہ بنیادی روح کی implementation کے لیے ان کے اوپر عمل درآمد کرنے کے لیے عدالتیں قائم کیں تاکہ ان کی وہ enforcement ہو سکے۔ اور چوتھا ستون یہ ہے کہ ایک

آزاد عدلیہ ہونی چاہیے جو کہ لوگوں کے حقوق کا خیال رکھے اور جو ضامن ہے جمہوریت کی اور انسانی و بنیادی حقوق کی۔

اور آخر میں، اس پورے آئین کا جو ایک principal ہے وہ یہ ہے کہ civilian supremacy ہونی چاہیے۔ تو یہ جو آئین کا توازن ہے، آئین کے پانچویں ستونوں پر یہ بہت اہم ہے جناب چیئرمین! اگر آپ اس توازن کو ذرا سا بھی کسی ترمیم کے ذریعے ہلائیں گے، تو پورا آئین ہل جائے گا اور بہت بڑا chaos پیدا ہو سکتا ہے۔ اب بد قسمتی سے مجھے دیکھنے میں آیا کہ پچھلے دو تین سال میں ایک عجیب سی افسوس ناک اور ہولناک داستان دیکھنے میں آئی۔ عمران خان صاحب کی حکومت ہٹائی گئی، اور اس کے بعد یہ جو توازن جس کی میں بات کر رہا ہوں آئین میں اس کو تہس نہس کرنا شروع کیا گیا۔ اس کی story میں تھوڑی سی سناتا ہوں آپ کو تاکہ پوری قوم بھی اس سے آگاہ ہو جائے، اور یہ record بھی آ جائے کہ کس طرح systematically آج ہم 27 ویں ترمیم تک پہنچے ہیں۔ Mr. Chairman! I have witnessed in these last two years a slow gradual but effective erosion of democracy and Supreme Court of Pakistan کس طرح عدلیہ کو استعمال کیا گیا، کس طرح عوام کا mandate چرایا گیا، اس کی کہانی میں آپ کو بیان کرتا ہوں۔ کہانی شروع ہوتی ہے جناب Punjab Assembly اور KPK Assembly کی جب dissolve کیا گیا۔ تو آئین کہتا ہے کہ 90 دن میں election ہونا ہے۔ Supreme Court of Pakistan نے کہا کہ آپ آئین کے مطابق 90 دن میں election کرائیں۔ سب سے پہلے تو اس judgment کی خلاف ورزی — 90 دن میں election نہیں ہوا۔ Election Commission of Pakistan اور PDM کی حکومت نے مل کے 90 دن کیا، ڈیڑھ سال تک وہ حکومت کرتے رہے۔ آخر میں elections کا وقت آیا۔ جب election کا وقت آیا تو ایک Chief Justice صاحب تھے، ان کا نام جسٹس قاضی فائز عیسیٰ تھا۔ ان Chief Justice صاحب کی عدالت میں ایک فیصلہ کیا گیا جو Election Commission of Pakistan اور judiciary نے مل کے کیا کہ PTI کا symbol لے لو، symbol لے لو تاکہ وہ election میں ان کو شکست

ہو۔ جناب فروری میں election ہوا لیکن ہم نے عوام کا انقلاب دیکھا جس میں symbol نہ ہونے کے باوجود جس جس کو عمران خان صاحب نے nominate کیا تھا وہ جیتا۔ لیکن جن کو طاقت چاہیے تھی، جن کو اقتدار چاہیے تھا، resultان کو قبول نہیں تھا۔ راتوں رات جیتے ہوئے لوگ ہار گئے، اور ہارے ہوئے لوگوں کو جتا کے Parliament میں لایا گیا۔ لیکن عوام نے یہ دکھا دیا کہ حقیقی طاقت عوام کے پاس ہے۔

اب وقت آیا جب عدلیہ کو control کرنے کا۔ جسٹس قاضی فائز عیسیٰ رخصت ہو رہے تھے، جاتے جاتے انہوں نے ایک فیصلہ کیا کہ Article 63A ، جس کو Supreme Court نے تشریح کی تھی اور کہا تھا کہ اگر کوئی ووٹ دیتا ہے اپنے Parliamentary Leader کی اجازت کے بغیر، تو اس کا ووٹ count نہیں ہوگا۔ جاتے جاتے قاضی فائز عیسیٰ صاحب نے وہ judgment reverse کر دی اور کہا کہ آپ کا ووٹ count ہوگا۔ تو گویا judiciary نے اس فیصلے سے 26 ویں ترمیم کے لیے دروازہ کھول دیا۔ اس کے باوجود PDM Government کے پاس 26 ویں ترمیم کے لیے اکثریت نہیں تھی مگر انہوں نے کچھ لوگوں کو by force ، تشدد کر کے زبردستی ووٹ دلوایا کیونکہ 63 A اب نہیں تھا۔ ان کا ووٹ اب count ہوگا۔ اور ہمارے ساتھی JUI کے ساتھ میں کھوں گا فریب کیا، دھوکہ کیا، ان کو وعدہ کچھ اور کیا اور ان سے ایک معاہدہ کرا لیا۔ معاہدے میں یہ ہوا کہ Supreme Court میں بجائے Constitutional Court بنانے کے، Constitutional benches بنا دیے گئے۔ کچھ ذکر ہوا تھا کل میرے بارے میں کہا گیا تھا کہ میں حصہ تھا JUI جب negotiate کر رہی تھی حکومت کے ساتھ، اور ہم نے جو 26 ویں ترمیم تھی PTI نے اس کو مانا تھا۔ ایسی بات نہیں ہے۔ ہم ضرور discussion میں موجود تھے، اور ہماری کوشش تھی کہ ہم JUI کو convince کریں کہ 26 ویں ترمیم کو as it is رد کر دیں۔ 26ویں ترمیم میں وہ جو Constitutional Court لے کے آ رہے تھے، اس کو جب JUI نے کہا کہ ہم bench ماننے کو تیار ہیں لیکن Court بنانے کو تیار نہیں ہیں۔ تو اس وقت ہم نے کہا this is lesser of two evils یعنی یہ غلط ہے، لیکن Constitutional Court سے کم غلط ہے۔ ہم اس کو نہیں مانتے، آپ مانتے ہیں تو مان لیں۔ ہم نے آ کے 26 ویں ترمیم کے خلاف

speeches بھی کیں اور ہم نے ووٹ بھی کیا۔ تو ریکارڈ کے لیے، اے این پی کے کچھ حضرات جو کل کہہ رہے تھے کہ پی ٹی آئی نے 26 ویں ترمیم کو مانا، ایسی بات نہیں ہے۔ بہر حال، 26ویں ترمیم کے تحت بنچ بن گیا۔ جناب چیئرمین! اگر آپ میری speech note کریں، میں نے اُس وقت بھی کہا تھا کہ 27 ویں ترمیم آنے والی ہے۔ یہ 26 ویں ترمیم صرف ایک قدم ہے۔ اصل مقصد ہے کہ آپ آئین کی آزادی، عدالتوں کی آزادی کو ختم کر رہے ہیں۔ جب 26 ویں ترمیم آ گئی اور 27ویں ترمیم کے لیے ان کو دو تین چیزیں چاہیے تھیں۔ سب سے پہلے تو آئینی بنچ بن گیا۔ حکومت نے عدالت کو کنٹرول کر لیا۔ اس کے بعد تین چار judgements کیں جن کا ذکر میں ضرور کردوں گا، کیونکہ حکومت نے کسی نہ کسی طرح پارلیمنٹ میں two-thirds majority لینی تھی۔ تو حکومت نے کیا کیا۔ سب سے پہلے تو بنچ کے ذریعے reserved seats کی judgement تھی۔ Reserved seats پر سپریم کورٹ کی ایک judgement آئی ہوئی تھی جس میں کہا گیا تھا reserved seats جتنی ہیں وہ پی ٹی آئی کو ملیں گی لیکن جب 26 ویں ترمیم کا بنچ بنا تو اس بنچ نے reserved seats کی وہ judgement تبدیل کر دی۔ پی ٹی آئی کی مخصوص نشستیں ختم کر دیں اور ساری مخصوص نشستیں پیپلز پارٹی، پاکستان مسلم لیگ (ن)، اے این پی، جے یو آئی اور باقی جماعتوں کو دے دیں۔

سپریم کورٹ بنچ سے دوسرا فیصلہ military trial کا لیا۔ Military trial اس لیے کہ پی ٹی آئی کے workers کو سزائیں ہو سکیں۔ تیسری judgement یہ تھی کہ اسلام آباد ہائی کورٹ کو کنٹرول کرنے کے لیے چونکہ چیف جسٹس ہائی کورٹ سے ٹرانسفر ہو رہے تھے، نئے چیف جسٹس نے آنا تھا، اسلام آباد ہائی کورٹ کو کنٹرول کرنا تھا تاکہ عمران خان کے cases نہ سنائے جائیں اور ان کے فیصلے نہ ہوں۔ اس لیے انہوں نے چیف جسٹس تبدیل کر کے اس آئینی بنچ سے وہ approval بھی لے لیا۔ گویا 27ویں ترمیم کے لیے پورا ماحول بنا دیا۔ اس کے ساتھ ساتھ جب یہ سارا کچھ ہو گیا تو اچانک tweet کے ذریعے ہمیں پتا چلا کہ 27 ویں ترمیم آ رہی ہے۔ یہ ساری کہانی جو میں نے آپ کو سنائی، یہ سارا جو قصہ ہے، یہ تاریخ کا حصہ ہے۔ اسی لیے میں آج یہ آپ کے ساتھ ریکارڈ پر لایا ہوں۔ یہ 27 ویں ترمیم جو آ رہی ہے، اس میں کیا ہونے جا رہا ہے اور ہماری objections کیا ہیں۔

نمبرا۔ اس سے پہلے کہ میں merits پر بات کروں، میں نے تھوڑی دیر پہلے آئینی ترمیم کے بارے میں آپ کو بتایا کہ آئین ایک living document ہے جو قوم نے بنایا ہے۔ اس میں اکثریت سے تبدیلی کی جا سکتی ہے۔ اگرآپ کے پاس two-thirds majority ہو تو بالکل، میرے دوست بجافرمار رہے ہیں کہ اگر two-thirds majority ہے تو ہم اس کو تبدیل کر سکتے ہیں لیکن جو اصل ترمیم ہوتی ہے، اُس کے پیچھے ایک tradition بھی ہے، ایک تاریخ بھی ہے اور اخلاقیات بھی ہیں۔ وہ یہ کہ جب آپ آئین میں ترمیم کریں گے، چونکہ وہ پوری قوم کے لیے ہے تو وہ اتفاق رائے سے ہونی چاہیے۔ ہمیں 1973 کے آئین تک پہنچنے میں 26 سے 30 سال لگے کیونکہ consensus develop کرنا تھا۔ جب consensus develop ہوا تو وہ Constitution last تھی۔ اٹھارھویں ترمیم پر بھرپور کوشش کی گئی کہ consensus ہو finally جب consensus ہوا تو اس کو نو مہینے بعد pass کیا گیا۔ اس لیے consensus اور majority دو مختلف چیزیں ہیں۔ دو تہائی اکثریت سے آپ آئینی ترمیم تو کرلیں گے لیکن اگر اتفاق رائے نہیں ہوگا تو اس آئینی ترمیم کو کوئی مانے گا نہیں۔ You cannot force a Constitution through bullets. You can only force it if the people accept it willingly and voluntarily. میری نظر میں سب سے پہلی بات تو یہ ہے جس پر ہم مخالفت کرتے ہیں کہ پی ٹی آئی کروڑوں عوام کو represent کرتی ہے۔ ہم کروڑوں عوام کو represent کرتے ہیں اور ہم کہہ رہے ہیں کہ ہم اس ترمیم کو مسترد کرتے ہیں، اس کا مطلب ہے کہ قوم کا consensus اس ترمیم پر نہیں ہے۔ آپ respect کریں۔

Respect the mandate of the people and kindly don't vote for this amendment.

جناب! دوسری چیز بڑی interesting ہے۔ جب آپ ترمیم کی بات کرتے ہیں کہ دو تہائی اکثریت سے ترمیم ہو سکتی ہے تو سوال پیدا ہوتا ہے کہ ترمیم کرنے والے کون ہیں۔ ترمیم کرنے والے وہ ہونے چاہییں جو genuinely elected ہوں۔ وہ ہونے چاہییں جو کہ اتفاق رائے پر یقین رکھتے ہوں۔ وہ ہونے چاہییں جن کا کوئی selfish یا ذاتی motive نہ ہو۔ وہ

ہونے چاہییں جو صرف اقتدار میں نہیں رہنا چاہتے۔ وہ ہونے چاہییں جن کو genuinely لوگوں کا خیال ہے اور وہ قوم کے لیے کام کرنا چاہتے ہیں۔ جس طرح میں نے ابھی آپ کو پاکستانی تاریخ کی کہانی سنائی۔ یہ الیکشن چرایا ہوا ہے۔ جو لوگ جیتے تھے، وہ پارلیمنٹ میں نہیں ہیں۔

(اس موقع پر ڈیسک بجائے گئے)

سینیٹر سید علی ظفر: اس لیے میری نظر میں یہ پارلیمنٹ with due respect با اختیار نہیں ہے۔ اس کے پاس یہ اختیار نہیں ہے کہ وہ یہ amendments pass کرے۔ تو دو وجوہات ہوئیں۔ نمبر ایک یہ کہ یہ تبدیلی اتفاق رائے کے بغیر نہیں ہونی چاہیے۔ نمبر دو یہ کہ یہ ترامیم ایک جعلی پارلیمنٹ جو elected نہیں ہے، ان کا right نہیں ہے کہ وہ یہ کریں۔ تیسری چیز یہ ہے جناب چیئرمین! آپ کی اجازت سے میں کہوں گا کہ ہماری نظر میں یہ نورا کشتی ہو رہی ہے۔ اصل میں پاکستان مسلم لیگ (ن) جو حکومت میں ہے اور اور ان کے اتحادی جماعتوں نے پہلے ہی سے فیصلہ کر لیا ہے کہ ہم نے کیا actually amend کرانا ہے۔ اس tweet میں بہت ساری چیزیں تھیں۔ ایک چیز یہ تھی کہ ہم provincial autonomy ختم کر رہے ہیں۔ ایک چیز تھی کہ ہم این ایف سی ایوارڈ ختم کر رہے ہیں۔ میری نظر میں پیپلز پارٹی کو ایک face saving تھی کہ پیپلز پارٹی ترامیم پر agree کر لے اور قوم کو بتا سکے کہ دیکھیں ہم نے این ایف سی ایوارڈ بھی بچا دیا، دیکھیں ہم نے صوبائی خودمختاری کو بھی بچا لیا۔ یہ جو نورا کشتی ہے with due respect, ہمیں نظر آ رہی ہے، اسی لیے ہم نے اس کمیٹی میں شرکت نہیں کی جو یہ کمیٹی فیصلہ کرے گی، ابھی تھوڑی دیر بعد آپ کے پاس آ جائے گا، اس میں یہ ساری approvals کے ساتھ آپ دیکھیں گے کہ یہی 27 ویں ترمیم آئے گی۔

جناب! تیسری چیز بہت ضروری ہے کہ اس ترمیم میں ہو کیا رہا ہے۔ اس ترمیم میں سپریم کورٹ آف پاکستان کو ایک Supreme District and Session Judge بنا دیا گیا ہے۔ سپریم کورٹ اب سپریم کورٹ نہیں رہا، یہ ایک سب سے اونچا ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کے level کا ہو گیا۔ جتنی طاقت ہے وہ ایک وفاقی آئینی عدالت کو دی جا رہی ہے۔ اب ہم اس کی کیوں مخالفت کر رہے ہیں۔

نمبر۱۔ یہ عدلیہ کی آزادی کے خلاف ہے۔ Independence of the judiciary has been slaughtered.

نمبر۲۔ سپریم کورٹ کو آپ ختم کر کے ایک نئی عدالت بنا رہے ہیں جس کی کوئی ضرورت بھی نظر نہیں آ رہی ہے۔

نمبر۳۔ وفاقی شریعت کورٹ، اس ترمیم میں لکھا ہوا ہے کہ صدر صاحب فیصلہ کر سکتے ہیں کہ میں نے کتنے جج لگانے ہیں، پانچ، سات، آٹھ، اس کی تعداد بالکل صدر صاحب کے پاس ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ آپ selected پانچ یا دس ججز کو لے کر ایک آئینی عدالت بنا لیں گے۔

نمبر۴۔ جناب! اس کی جو age ہے وہ 65 سال سے 68 سال کر دی گئی ہے یعنی جو جج صاحبان سپریم کورٹ یا ہائی کورٹس سے ریٹائر ہو رہے ہیں یا ہونے والے ہیں، تحفے کے طور پر ان کو کہا جائے گا کہ آپ کو ہم تین سال اور دیتے ہیں، آپ تین سال آئینی بنچ میں آ جائیں۔ ان کو ایک incentive دے دیا گیا کہ وہ حکومت کے ایک طرح سے planned judges ہوں۔ حکومت کے favourite judges ہوں۔ اور وہ حکومت کے favourite judges ہی آ کر آئینی عدالت میں بیٹھیں گے۔ آپ کو مجھ سے زیادہ پتا ہے کہ آئینی عدالت میں کون سے cases آئیں گے۔ وہ cases آئیں گے جو حکومت اور شہریوں کے درمیان ہیں۔ یعنی حکومت خود ہی Constitutional Court کے Judges appoint کرے گی اور خود ہی اپنی favour میں فیصلے لے گی۔ تو کہاں گئے بنیادی حقوق؟ کہاں گئی قانون کی حکمرانی؟ اس لیے ہم اس کو object کرتے ہیں۔ اور کسی نے آج بڑا اچھا درست فرمایا کہ Constitutional Court یہ نوٹ کر لیں جناب! Constitutional Court will be a warehouse for compliant Judges. Executive ہمیشہ control کرنا چاہتی ہے Courts کو، جب Supreme Court ہے تو اس میں بہت سارے Judges ہیں، cases control کرنا مشکل ہے۔ لیکن جب وہ تھوڑے ہوں گے تو بڑے آسانی سے control کیا جائے گا ان کو Executive اور میرا خیال میں اس ستائیسویں ترمیم کا جو زہر ہے وہ یہ ہے transfer of Judges کا، یعنی کہ یہ ایک تلوار ہے جو لٹکی رہے گی ہمیشہ کے لیے Judges کے اوپر کہ

Supreme Court سے اٹھا کر اور کسی بھی High Court سے اٹھا کر ان کو کسی اور جگہ بھیجا جا سکتا ہے اور یہ بھی لکھا گیا ہے کہ اگر آپ نہیں مانیں گے یعنی ان کی اجازت نہیں مانگی، ان کو حکم ہوگا کہ آپ نے اس High Court سے جا کے اس High Court میں چلے جانا ہے اور اگر وہ نہیں مانتے تو وہ retire ہو جائیں گے۔ تو یہ ایک ایسی تلوار ہے اس ستائیسویں ترمیم میں جو کہ Judiciary کو totally Executive کے control میں لے جائے گی۔ Executive کے پاس اگر یہ طاقت ہے کہ وہ کسی کو اٹھا کر کہیں پھینک دے تو پھر کون سی آزادی رہی۔ High Court کا Article 199 ختم کر دیا گیا۔ اب یہ کہا گیا ہے Article 199 آپ کو بھی پتا ہے یہ وہ Article ہے، جہاں آپ کا کوئی بنیادی حق ہے اور وہ حکومت نہیں دے رہی تو آپ جا کر High Court سے لے سکتے ہیں۔ اس کے لیے بھی اب یہ کہا گیا ہے کہ وہ بھی JCP فیصلہ کرے گی کہ High Court کے جو cases ہیں Article 199 کے وہ کون سے Judges سنیں گے۔ اور JCP آپ کو پتا ہے وہ حکومت کی controlled ہے۔ اگر JCP حکومت کی controlled ہے تو حکومت decide کرے گی کہ میں نے کون سا Constitutional case کس particular Judge کے سامنے بھیجنا ہے اور ہمارے میں سے جو وکلاء ہیں، ان کو پتا ہے کہ یہ ضروری نہیں ہے کہ جج بدنیت ہو لیکن جس قسم کا معاملہ ہو جو جج کی inclination ہے، وہ اگر bench آپ کا ہو تو پھر آپ کو زیادہ chance ہے کہ آپ کو relief ملے۔ تو اگر آپ control کرتے ہیں کہ کس جگہ پر Court نے جانا ہے، کس جگہ پر case نے جانا ہے، کس جج کے سامنے جانا ہے، تو پھر آپ ایک طرح case کا result بھی control کرتے ہیں۔

اب جناب! FCC کو کیا کیا طاقت دی ہے؟ FCC کو جو Government کا dispute ہے وہ بھی Constitutional Court کو دے دیا گیا ہے۔ جو petitions ہیں enforcement of fundamental rights کے لیے، یعنی بنیادی حقوق کی enforcement کے لیے، ان پر عمل کرنے کے لیے، وہ بھی Federal Shariat Court کو دے دی گئی ہیں ۔ Federal Shariat Court President کو advice دے سکتا ہے on Constitutional matters. تو basically Federal Shariat Court کو ساری طاقت دے دی۔

ایک اور بڑی interesting چیز کی اور جو جو ادھر قانون جانتا ہے، اس وقت رانا ثناء اللہ صاحب بھی بیٹھے ہیں، مصدق صاحب بھی ہیں، پارلیمانی اور بھی بہت سارے ہمارے وکلا ہیں، وہ جانتے ہیں کہ ہماراجو common Law system ہے وہ precedent پر based ہے۔ Precedent کا مطلب یہ ہے کہ اگر ایک فیصلہ ہے Supreme Court of Pakistan کا، تو وہ فیصلہ سب پر لاگو ہے اور وہ future پر بھی لاگو ہے جب تک Supreme Court اس کو تبدیل نہ کرے۔ Federal Shariat یہ جو Constitutional Court بنایا ہے اس میں یہ precedent کا system جو سو سال کا ہے، اس کو بھی ختم کر دیا گیا۔ اب آپ نے کہا ہے کہ Federal Shariat Court Supreme Court کی judgments اس پر لاگو نہیں ہوں گی۔ جتنے سو سال کے precedents ہیں، وہ اب binding نہیں رہے۔

جناب! یہ chaos ہے، یہ Judicial chaos ہے، یہ آپ کا system collapse کر جائے گا۔ اس کے بارے میں سوچا ہی نہیں، کیونکہ haste میں یہ کر رہے ہیں۔ تو میں ان کو suggest کر رہا ہوں کہ ابھی بھی سوچیں، اس پر کوئی جلدی نہیں ہے، سوچ کے کریں۔ درست بات میں کر رہا ہوں، سچ بات میں کر رہا ہوں، اور قانون کے مطابق بات کر رہا ہوں۔ اپنی conscience کے مطابق vote کریں۔ اب جتنے transfer cases benches کے پاس pending تھے وہ چلے جائیں گے Federal Constitutional Court کے پاس۔ اب Federal Constitutional Court کے پاس، یعنی کہ جو case ہے چھبیسویں آئینی ترمیم جس میں challenge ہوئی ہے، وہ بھی اب ختم کر دیا اس amendment کی وجہ سے، وہ بھی اب Constitutional Court میں جائے گا، تو اس کا result آپ کے سامنے ہی ہے کہ کیا ہوگا۔ یہ ایک one specific case judgment ہے، شاید یہ گھبرا رہے تھے کہ چھبیسویں آئینی ترمیم کو عدالت کچھ نہ کر دے۔

ایک اور چیز، میرے دوست کہتے ہیں کہ ہم نے اس لیے یہ سارا کچھ کیا کیونکہ بہت pendency تھی۔ میں کہتا ہوں کہ جو وکیل بھی یہ کہے گا وہ پھر intellectually

pendency ہے جتنی پاکستان میں dishonest ہے اور آپ کو اس کی وجہ میں بتاتا ہوں، پاکستان میں جتنی pendency ہے صرف دو فیصد cases Supreme Court میں pending ہیں، باقی سارے other courts میں ہیں۔ 02% یعنی کہ 98% جو pendency ہے اس کے بارے میں بات نہیں ہو رہی۔ صرف اس ستائیسویں ترمیم میں اس لیے اتنی بڑی عدالت بنائی جا رہی ہے کیونکہ 02% pendency ہے۔ اگر کوئی یہ کہتا ہے کہ ہم pendency کی وجہ سے کر رہے ہیں تو due respect وہ بالکل جھوٹ بول رہا ہے، وہ بالکل غلط بیانی کر رہا ہے۔ اگر اتنا خیال ہوتا pendency کا، تو وہ پہلے 98% reform لوگوں کے لیے آتے، not for 02% جو Supreme Court میں ہے۔

جناب! آخر میں میں یہ بھی کہوں گا کہ یہ سب کچھ جو ہو رہا ہے، مجھے اس کی ایک اور شق ستائیسویں ترمیم نظر آئی، شاید یہ سب کچھ اسی لیے ہو رہا ہے یہ give and take اور وہ ہے amnesty ایک Article ہے اس Constitutional Amendment میں جہاں President اور Governor کو کہا گیا ہے کہ آپ اپنے tenure میں جو بھی جرم کریں آپ کو کوئی چھو نہیں سکتا، ساری عمر کے لیے نہیں چھو سکتا، life amnesty. جس طرح علامہ صاحب نے کل بھی کہا کہ یہ کون سا قانون ہے اور یہ کس Shariah کے تحت یہ قانون بنایا گیا ہے جبکہ ہمارا آئین کہتا ہے کہ آپ نے follow کرنا ہے injunctions of Islam تو یہ کہاں سے ایسی شق آ گئی ہمارے آئین میں جو کہ ایک one-person specific ہے، وہ کچھ لوگوں کو safeguard کرنا ہے۔ حالانکہ اگر کوئی President ہو یا Governor ہو تو سب سے پہلے اس کو کہنا چاہیے کہ میرے اگر tenure میں کوئی غلطی ہوتی ہے تو مجھے accountable ٹھہرائیں، یہی principle ہوتا ہے۔ In the end last point میں یہ کہنا چاہوں گا کہ میں نے کچھ دلائل دیے کہ کیوں یہ آئینی ترمیم ایسی ہے جو کہ تباہ کر دے گی ہمارے سارے آئین کی روح کو، جو کہ اس کی spirit کو کیا لوگوں کا اعتماد آئین سے اُٹھ جائے گا؟ اگر معاشرے میں انصاف نہیں ہے تو معاشرہ ترقی نہیں کر سکتا۔ میری نظر میں میری request ہو گی کہ اس ستائیسویں ترمیم کو جو لے کر آ رہے ہیں، اس کو reject کریں کوئی جلدی نہیں ہے، ہم بیٹھتے ہیں، ہم سوچتے ہیں۔ اگر ہم نے cases کی pendency کم کرنی ہے تو بہت ساری options ہیں۔ ہم آپ

کے ساتھ بیٹھنے کو تیار ہیں، ہم ان amendments کو دیکھیں گے جو لوگوں کی بھلائی کریں، لیکن یہ ہم برداشت نہیں کریں گے کہ آپ نقصان پہنچائیں، بہت شکریہ۔

Mr. Chairman: Akhtar Bibi, MNA and Prince Nawabzada Salahuddin Saeed, Ex-MNA, they are sitting in the gallery. I give the Floor to the Hamid Khan Sahib.

میں کرتا ہوں، اس کے بعد آپ بول لیں، سب بات کریں گے، میں رکا رہا مگر آپ بولنا نہیں چاہتے تھے۔

**Senator Hamid Khan**

سینیٹر حامد خان: بہت شکریہ، آج آپ نے مجھے یاد کر لیا، ورنہ ایسے موقع پر چھبیسویں ترمیم پر بات کرنے کی اجازت نہیں دی تھی، جو کہ مجھے آج تک افسوس ہے۔ علی ظفر صاحب نے بڑے ہی تفصیل سے یہ جو so-called ستائیسویں ترمیم کے بارے میں بات کی ہے اور آئین کے جو بنیادی نقطے ہیں ان کے بارے میں بتایا ہے، جس کے خلاف یہ لائی جارہی ہے۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ اس کو آئینی ترمیم کہنا یہ دونوں الفاظ کی نفی ہے۔ کبھی آئینی ترامیم اس طرح نہیں لائی جاتی، پہلے آپ اس میں بیٹھ کر consensus کیا جاتا ہے، اور اس کے بعد آئینی ترامیم لائی جاتی ہے۔ آپ جانتے ہیں کہ جب دسویں ترمیم لانی تھی تو قریباً چھے ماہ لگے تھے ایک Committee بنائی گئی تھی ساری political parties کی جن کی تعداد ستائیس پر مشتمل تھی، اس میں ہر party کا نمائندہ موجود تھا اور جب وہ چھ ماہ پر ستائیس کے ستائیس ممبران اس پر متفق ہو گئے تھی کہ ہم اس ترمیم کو مانتے ہیں کہ یہ آئین کو اس کی اپنی روح پر لے کر آرہی ہے، آئین کو اپنی اصل شکل میں لے کر آرہی ہے۔ علی ظفر صاحب نے بالکل صحیح کہا کہ وہ دو ترامیم جو dictator لے کر آئے تھے، ضیاالحق کے دور میں آٹھویں ترمیم تھی اور مشرف کے زمانے میں پندرہویں ترمیم تھی، ان دونوں ترامیم نے بے حد نقصان پہنچایا تھا اور میں اس کا credit دیتا ہوں اس وقت کی Parliament کو جس نے 2010 میں اصل شکل میں آئین کو بحال کیا تھا۔

افسوس کی بات یہ ہے کہ جنہوں نے آئین بنایا تھا، جو انہوں نے اس معاملے میں lead کیا تھا، جس میں ذوالفقار علی بھٹو صاحب وزیر اعظم تھے اور ر ان کا initiative تھا اور بڑا اچھا initiative تھا، انہوں نےOppositionکی ہر جماعت کو confidenceمیں لیا تھا۔ Leader of the Oppositionنے بھی agree کیا تھا، تب جاکے اگر آپ تاریخ دیکھتے ہیں تو وہ ترمیم منظور ہوئی تھی اور اس کی سب سے بڑی خوبی یہ تھی کہ ترمیم جو تھی، وہ سبpartiesکے مشورے کے ساتھ unanimous تھی۔ اس میں ولی خان صاحب بھی، جو اس وقت Leader of the Opposition تھے، انہوں نے بھیagreeکیا تھااور ساری جماعتوں نےagreeکیا تھا۔

تواس حوالے سے وہ آئین جو کہ پاکستان نے پہلی دفعہ ساری قوم نے متحد ہو کر بنایا تھا، اس کی دھجیاں بکھیر دیں۔ پہلے ضیاالحق نے اور بعد میں مشرف نے۔ یہ بھی Credit People's Partyکو جاتا ہے، جو آپکی پارٹی ہے کہ جو اٹھارہویں ترمیم ہے، وہ بھی آپ کے دور میں آئی اور اس میں بھیinitiative لینے والے جو اس وقت چیئرمین سینیٹ تھے، ان کا بہت بڑا ہاتھ ہے۔ وہ ہمیشہ اس بات کاcredit لیتے ہیں۔

اب سمجھ میں نہیں آ رہا کہ اس کے بعد کیا necessity تھی کہ آپ چھبیسویں اور ستائیسویں ترامیم لے کر آ گئے۔ اس سے تو جو کچھ بھی کیا تھا وہnegate ہو گیا۔ جو original Constitution تھا، اس کی روح ختم ہو گئی۔ جو اٹھارہویں ترمیم میں آئین کو پھر ایک دفعہ اس کی اصل شکل میں بحال کیا تھا، وہ ختم ہو گیا۔ اس وقت جو چھبیسویں ترمیم ہے، وہ میں سمجھتا ہوں کہ آئین کی موت ہے اور اس کے بعد آج جو ستائیسویں ترمیم لائی جا رہی ہے، وہ آئین کو دفن کرنے کی کوشش ہے۔ یہ دونوں ترامیم ہمارے لیے انتہائی قابلِ شرم ہیں، اور اس کو جس طرح سے کرایا گیا، آپ کے سامنے چھبیسویں ترمیم میں لوگوں کو اٹھا اٹھاکے لایا گیا، بیچارے لوگوں کے بچوں کو اٹھاکے لایا گیا کہ ہاں جی اب آپ ووٹ ڈالیں۔ تو اس حالت میں تو ترمیمpass کی گئی۔

دوسری بات یہ ہے کہ چندpolitical parties کو یہ شکایت رہی کہ جب صحیح معنوں میں عدلیہ آزاد ہوئی تو اس نے دو Prime Ministers کوdisqualify کرنے کا order

pass کیا جس کی وجہ سے دو political parties کو ایک شکایت پیدا ہوئی۔ اب اس کا answer یہ نہیں ہے کہ وہ personal ہو جائیں، وہ پارٹی ذاتی عناد پر اتر آئیں کہ جس آئین کے تحت، جس judiciary نے انہیں disqualify کیا ہے، آج ہم اس آئین کو مسخ کرکے رکھ دیتے ہیں، ہم اس آئین کو ختم کر دیتے ہیں، ہم اس judiciary کو ختم کر دیتے ہیں جس نے اتنی جرأت کرکے Prime Ministers کو disqualify کیا۔

میں سمجھتا ہوں کہ فیصلے بے شک کافی حد تک controversial ہیں، میں ان کی support نہیں کر رہا، لیکن اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ اس بنیاد پر کہ فلاں وقت میں فلاں Chief Justice نے یہ فیصلہ کیا، اس کے بعد یہ Chief Justice تھا، اُس نے یہ فیصلہ کیا، اس لیے Judiciary کی یہ جو independence ہے، یہ بہت غلط چیز ہے، اس کو ختم کر دیا جائے۔

لہٰذا کبھی بھی کسی سیاسی جماعت کو ذاتیات پر نہیں اترنا چاہیے، نہ یہ غصے نکالنے چاہییں کہ کسی ہماری جماعت کے خلاف یا ہمارے leader کے خلاف یہ فیصلہ کیا گیا۔ تاریخ میں فیصلے صحیح بھی ہوتے ہیں اور غلط بھی ہوتے ہیں، اس سے عدالتیں ban نہیں کر دی جاتیں کیونکہ اگر ایک فیصلہ غلط ہوا تو یہ عدالت ہی کو ناکام اور ختم کر دیا جائے، یہ درست نہیں۔ تو میرا کہنے کا مطلب یہ ہے کہ یہ سوچنے کی بات ہے۔ اس وقت اگر آپ کا یہ عدالتی نظام ختم ہو جائے گا تو پھر اس کے بعد آپ اپنے بنیادی حقوق کے لیے کس کے پاس جائیں گے ؟ کس کے پاس جائیں گے اپنے اور حقوق منوانے کے لیے؟

یہ جو لوگ اس کو vote ڈالیں گے، اور جنہوں نے چھبیسویں ترمیم کو vote ڈالا، وہ تاریخ میں اپنے آپ کو justify نہیں کر سکیں گے۔ یہ بات واضح ہو جائے گی کہ انہوں نے temporary مقاصد کو حاصل کرنے کے لیے ایک مستقل ایسا فیصلہ کیا ہے جس سے سارا آئینی نظام اور عدالتی نظام تباہ و برباد ہو کے رہ گیا ہے۔ اس لیے چیئرمین صاحب، میں آپ کی توجہ دلاتا ہوں۔ ہم تاریخی موڑ پر بیٹھے ہیں۔ اگر ہم کسی وجہ سے بھی کسی بھی ذاتی عناد کی وجہ سے، کسی بھی ذاتی رنجش کی وجہ سے کوئی ایسا step اٹھاتے ہیں جس سے آئین مسخ ہوتا ہے اور عدالتی نظام تباہ ہوتا

ہے، تو اس کو سب بھگتیں گے۔ Vote ڈالنے والے بھی بھگتیں گے اور آنے والی نسلیں بھی۔ یہ وقت ہے کہ ایک دفعہ پھر سوچیں کہ اس قسم کی چیز نہیں ہونی چاہیے۔ آپ کا بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: سینیٹر پرویز رشید صاحب۔

**Senator Pervaiz Rasheed**

سینیٹر پرویز رشید: بہت شکریہ چیئرمین صاحب۔ بہت بہت شکریہ۔ سب سے پہلے چیئرمین صاحب، میں ایک اعتراف کرنا چاہتا ہوں۔ Leader of the Parliamentary Party Senator Ali Zafar صاحب کے ساتھ میرے تین رشتے ہیں۔ احترام کا، محبت کا اور discipline کا۔ احترام اس طرح کہ ان کے والدِ محترم میرے دوست تھے اور یہ ان کے بیٹے ہیں، لہٰذا اُن کے احترام میں میں اِن کا احترام بھی کرتا ہوں۔ محبت کا کہ یہ بھی میرے دوست ہیں اور discipline کا کہ یہ ایک ایسی کمیٹی کے چیئرمین ہیں جس کا میں رکن ہوں، لہٰذا میں ان کے discipline میں بھی ہوں۔ ان تینوں رشتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے میں کچھ گفتگو کرنا چاہتا ہوں۔ میں نے ان کی تقریر کو سنا، ایک وکیل کے طور پر انہوں نے ہمیں تصویر کا وہ رخ دکھایا جو اُن کا پسندیدہ ہے۔ تصویر کا وہ رخ جس نے پاکستانی قوم کو زخم لگائے، جس نے پاکستان میں عدلیہ کو عدالتی نظام کا حصہ ہونے کے بجائے ایک پارٹی کے آلہ کار میں اور tool میں بدلنے کی کوشش کی گئی، وہ انہوں نے فراموش کر دیا۔

کاش یہ ہمیں بتاتے کہ جس عدلیہ کی آزادی کی بات اور میں عدلیہ کا لفظ واپس لیتا ہوں، جو حضرات عدلیہ کو اپنے مقاصد کے لیے استعمال کر رہے تھے، انہوں نے جب عدالتی منصب پر بیٹھتے ہوئے جو جج حضرات کے robes ہوتے ہیں، جو ان کا gown ہوتا ہے، اس کے نیچے ایک political party کا جھنڈا چھپا لیا اور اس political party کے مقاصد کو پورا کرنے کے لیے اپنا کردار ادا کرنا شروع کر دیا۔ اگر اس طرف بھی تھوڑی سی روشنی ڈال دیتے تو مناسب تھا۔ بہر حال مجھے خوشی ہے کہ سینیٹر حامد نے اُس کا اعتراف کیا کہ عدلیہ کے وہ فیصلے متنازع بھی تھے، مشکوک بھی تھے اور ناپسندیدہ بھی تھے۔

جناب چیئرمین! عدلیہ کی آزادی کے لیے جو آزادی عدلیہ کو حاصل ہوئی پاکستان میں اس کے لیے کوئی بھی کوشش پاکستان کی عدلیہ نے کبھی نہیں کی۔ پورے 70 سال کی تاریخ لے لیں جسٹس منیر سے شروع ہو جائیں اور جسٹس ثاقب نثار تک آ جائیں جو آزادی انہیں میسر ہوئی جس کا غلط استعمال انہوں نے کیا وہ آزادی پاکستان کے سیاسی کارکنوں کی جدوجہد کے نتیجے میں حاصل ہوئی۔ اس کا سب سے بڑا گواہ آپ کی اپنی ذات ہے۔

مجھے آج بھی وہ تصاویر یاد ہیں جب عدلیہ کی آزادی کے لیے جدوجہد کی جا رہی تھی اور آپ اس میں بذاتِ خود شریک ہوتے تھے۔ وہ دن بھی یاد ہے جب اسی تحریک کے دوران ایک بم دھماکے میں ایک سیاسی کارکن اپنی ٹانگوں سے محروم ہو گیا تھا اور آج بھی وہ wheel chair پر ہے۔ جناب والا! پاکستان کے سیاسی کارکنوں نے ان کو آزادی دلانے کے لیے کوڑے کھائے۔ پاکستان کے سیاسی کارکنوں نے ان کو آزادی دلانے کے لیے جیل کی صعوبتیں برداشت کیں اور پھر ان کی ناانصافیوں کا شکار ہوئے جن میں آپ کا نام بھی سرِ فہرست ہے، انہی کے دیے ہوئے فیصلوں کے نتیجے میں۔ میں یہ نہیں کہتا کہ اب ہمیں انتقام کے ذریعے چونکہ ان کے دیے فیصلوں کا ہم نشانہ بنے ہیں تو ہمیں اب ان سے انتقام لینا ہے لیکن یہ ضروری ہے کہ اس نظام میں بہتری لائی جائے۔ اس نظام کو چند افراد کی صوابدید پر شکار نہ ہونے دیا جائے اور نظام کو ایسے تبدیل کیا جائے کہ لوگوں کو حقیقت میں آئین اور قانون کے تحت انصاف مل سکے۔

جناب والا! اس کے لیے پارلیمنٹ کی جانب سے کوشش کی گئی۔ اسی پارلیمنٹ کی جانب سے جس نے 18ویں ترمیم کی تھی اور جس کو آج سینیٹر حامد خان صاحب نے خراج تحسین بھی پیش کیا۔ جبکہ مجھے یاد ہے جب وہ کوشش کر لی گئی تو اس کے بعد اس پارلیمنٹ کو بھی لٹیروں اور ڈاکوؤں کی پارلیمنٹ انہی کی جانب سے کہا گیا تھا۔

جناب والا! دھرنا سیاست کا آغاز بھی اسی زمانے میں ہوا تھا۔ جب نظام کو تہہ و بالا کرنے کے لیے پارلیمنٹ سے باہر یلغار اور حملہ آوری کی گئی اور دھرنے کی سیاست کو فروغ دیا گیا تھا۔ جب عدالت کے باہر دھلے ہوئے کپڑے سوکھنے کے لیے لٹکائے جاتے تھے، جب crane کی مدد سے اس ایوان کے دروازوں کو اکھاڑ دیا جاتا تھا اور جب یہ کہا جاتا تھا کہ وزیراعظم کے گلے میں رسی ڈال کر اسے

گھسیٹ کر باہر نکالا جائے گا۔ کاش! اس وقت دانشمندی، بصیرت کا عمل کر لیا جاتا، جس کا سبق آج دوسروں کو دیا جارہا ہے۔ مجھے خوشی ہے کہ ترمیم کے صرف ایک نکتے پر دو تقاریر آج کی جاچکی ہیں، جس کا زیادہ تعلق عدلیہ کے حوالے سے ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ میرے اپوزیشن میں بیٹھے اراکین، جن کی تقاریر میں نے کل بھی سنی تھی اور کل کی بھی ساری تقاریر جو تھیں وہ ایک گرفتاری سے شروع ہوتی تھیں اور ایک رہائی پر آ کر ختم ہو جاتی تھیں۔ ترمیم کے بارے میں کوئی ایک لفظ بھی میں نے کل کی کسی تقریر میں نہیں سنا۔ آج ترمیم کے کسی نکتے کے بارے میں تو نہیں سنا، صرف ایک نکتے یا ایک شق کے بارے میں دو تقاریر سنی ہیں۔ لہٰذا میں اس سے یہی مطلب اخذ کروں گا کہ میرے ان ساتھیوں نے جو House کے اُس جانب بیٹھے ہیں انہوں نے ترمیم کے باقی تمام نکات کو تسلیم کر لیا ہے۔

مجھے خوشی ہوتی اگر یہ جو کمیٹی بنی تھی، اس میں شرکت کرتے، اس میں شرکت فرماتے، اور اپنی تجاویز اس کمیٹی کے سامنے پیش کرتے، جو آج یہاں تقاریر کے نتیجے میں پیش کی جارہی ہیں تاکہ وہ کمیٹی اپنی رپورٹ میں ان کا ذکر کرتی اور جب یہ House میں آتا تو ان کی تجاویز، مشوروں کو بھی ہم ضرور دیکھتے اور اس کے مطابق پھر وہ اپنے ووٹ دینے کا فیصلہ کرتے۔

آخر میں میں صرف یہ گزارش کروں گا کہ میرے محترم دوست اور خاص طور پر ایسے دوست جن کا میں احترام تین وجوہات کی بنا پر کرتا ہوں کہ آپ انہیں ہدایت کریں کہ وہ جو Standing Committee جس کے یہ چیئرمین ہیں اس کے اجلاس کو بلانا شروع کر دیں، تاکہ وہ جو کام معطل ہو چکا ہے اور ایک پوری وزارت جو ہے وہ احتساب کے عمل سے بچی ہوئی ہے، اس احتساب کے عمل سے اس کا بچ جانا ان کی عدم شرکت کی وجہ سے ہے۔ یہ سہولت جو انہوں نے ایک وزارت کو دی ہے وہ جمہوری اصولوں کی نفی کرتی ہے۔ وہ پارلیمانی اصولوں کی نفی کرتی ہے۔ اگر یہ اس معیار کو بھی سمجھ لیں اور اس spirit کو بھی سمجھ لیں اور کمیٹیوں کے اجلاسوں میں جن کے یہ صدر ہیں، شرکت شروع کریں، ان کے اجلاسوں کو فعال بنائیں تاکہ پارلیمانی نظام کی روح کو برقرار رکھا جاسکے۔ بہت بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: سینیٹر محمد اعظم خان سواتی صاحب۔

**Senator Muhammad Azam Khan Swati**

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔۔ میں نے آج اس ایوان میں دو بڑی تقاریر سنی حامد خان صاحب اور علی ظفر صاحب کی جو قانونی ماہر بھی ہیں jurists بھی ہیں۔ انہوں نے مجھ جیسے قانون کے طالب علم جو 22 سال سے اس ایوان کا حصہ ہے۔ ان کے بزرگوں، دوستوں سے اور خاص کر پرویز رشید صاحب سے جن سے میرا تعلق اگر تین زاویوں سے نہیں تو ایک ضرور ہے وہ ہے عزت کا رشتہ، ان شاءاللہ تعالیٰ ہمیشہ قائم رہے گا۔

میں ایک سیاسی تقریر نہیں کروں گا صرف وہ بات کروں گا جس کو میں سمجھتا ہوں کہ ہم بہت بڑی قانون اور آئین کے ساتھ زیادتی کرنے جارہے ہیں۔ گو کہ آئین کی جو تاریخ ہے انتہائی مسخ ،انتہائی مشکل تاریخ ہے اور اس سے ہم کبھی نہیں نکلے۔ آپ کے لیڈر، پاکستان کے لیڈر ذوالفقار علی بھٹو نے اور سارے قائدین نے جتنی بھی جماعتوں کے قائدین تھے، بڑا زبردست آئین بنا کر دیا تھا۔ آج کا Bill جس کو میں کالا آئینی شقوں پر مشتمل Bill کہوں گا اس کو مسخ کرنے کے لیے جارہا ہے۔ میں صرف ایک بات عزت و تعظیم سے پرویز رشید صاحب سے گزارش کر رہا ہوں کہ خدارا سپریم کورٹ پر جب چڑھائی کی گئی تھی اور ججوں کو اپنی کرسیوں سے اٹھا کر پھینکا گیا تھا، ہمیں وہ قطعاً بھی نہیں بھولنا چاہیے۔ حالانکہ میں بڑا specifically آج صرف یہ بات کر رہا تھا کیونکہ کچھ عرصہ میں پارلیمانی امور کا وزیر رہا۔

جناب چیئرمین! میں آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں اس Bill سے متعلق میں صرف Bill پر بات کرنا چاہتا ہوں۔ اس کا آخری page بڑا important ہے۔ چونکہ میں نے کئی Bills بنائے ہیں اور اس کے نیچے نام لکھا ہوا ہے اعظم نذیر تارڑ صاحب کا جو منجھے ہوئے وکیل اور jurist ہیں۔ میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ یہ Bill جو اتنی عجلت سے بنا ہے، قومی مفاد کے خلاف، قومی مفاد کے حق میں نہیں جس عجلت میں بنا ہے میرا یہ خیال کہ انہوں نے اس آخری page کو جو statement of objects and reasons ہوتے ہیں وہی ان کو پڑھنے کی فرصت یا وقت نہیں ملا کم از کم اس میں دیکھ لیں جو ہم اس Bill کے اندر amendment لے کر آرہے ہیں۔

کیا یہ statement of object and reasons کا احاطہ کرتا ہے یا نہیں کرتا ہے۔ میں کہتا ہوں کہ وہ نہیں کرتا ہے اس لیے کہ بنیادی طور پر ہم نے پرانے Article 184(3) کی دھجیاں اڑا کر رکھ دی ہیں، جس میں original jurisdiction سپریم کورٹ کی تھی، جس کی طرف ہر تکلیف والا، ہو مظلوم آنکھ اٹھا کر دیکھتا تھا کہ ایک ایسی جگہ ہے جہاں پر میں جا کر انصاف لے سکوں گا۔ اب جو Articles 175 and 191 پیش کیے گئے ہیں انہیں دیکھ لیں کہ کیا ان کے خدوخال اس سے ملتے ہیں یا نہیں۔

میرا یہ خیال ہے کہ judicial independence جس کے لیے ہم سب نے اپنی قربانی پیش کی۔ سارے ملک میں اس وقت، میں ان کا نام نہیں لیتا، اس وقت وہ سپریم کورٹ کے بہت senior justice ہیں لیکن ان کی طرف سے آواز آتی ہے کہ ہمیں ان چیزوں کی ضرورت تھی، میں سمجھتا ہوں کہ پورے پاکستان کے اندر میں نے ان آزادی کے متوالوں کو جو عدالت کی independence کے لیے کوششیں کر رہے تھے، اپنے وکلاء اور اپنے سیاسی قائدین کو میں نے پانی پہنچایا، آج اس کا جنازہ نکل رہا ہے۔ Separation of power جو اس کی بنیاد ہے، اسے wrap-up کیا جا رہا ہے اور اب میرا یہ خیال ہے کہ جس طریقے سے ہمارے بنیادی حقوق کا جنازہ نکل گیا ہے، اب عدلیہ نہیں کہہ سکتی کہ وہ independent ہو گی اور دو منجھے ہوئے وکلا نے اپوزیشن کی طرف سے اس کی تفصیل پیش کی، میں اس پر مزید بحث نہیں کرنا چاہتا۔

Fundamental rights جو کہ Articles 8 and 28 کے تحت ہیں اس کی اب کون guarantee دے گا، ہم دادرسی کے لیے کہاں جائیں گے؟ پرویز رشید صاحب، 13 اکتوبر، 2022 سے لے کر اب تک اس عمر میں مجھ پر 104 مقدمات ہو چکے ہیں۔ 70 مقدمات ایسے ہیں کہ جب میں اٹک جیل کے اندر تھا اور FIR کے اندر لکھا گیا ہے کہ میں نے اسلام آباد کے 7 تھانوں پر پچاس آدمیوں کے ساتھ یلغار کی اور میں نے کئی constables کو زخمی کیا، جب کہ 25-24 اور 26 نومبر کو میں اٹک جیل میں قید تھا۔ یہ وہ درد ہے جو ہم آپ کے سامنے بیان کر رہے ہیں اور یہ ان شاءاللہ تعالیٰ آپ کو ڈسے گا۔ اللہ تعالیٰ آپ کی عمر دراز کرے، آپ کو یہ ایک دن ڈسے گا اور آپ کہیں گے کہ ہم نے بہت بڑی غلطی کی ہے، جس طریقے سے حامد خان صاحب

نے کہا اور میں بھی کہتا ہوں کہ ہم نے بھی بہت غلطیاں کی ہیں، اس کا ہم اعتراف کرتے ہیں لیکن اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ بار بار اس ایوان کو کھلواڑ بنا کر اس آئین کی روح کو تباہ کیا جائے۔

Article 243 کے بابت میں سمجھتا ہوں کہ یہ rules جو ہمارے اور آپ کے ہیں، جناب آپ اس ایوان کے custodian ہیں، Rules 99 and 120 کو آپ کسی طریقے سے بھی اس کے اندر نہیں جوڑ سکتے ہیں، اس لیے کہ آپ جو بات کر رہے ہیں وہ Constitutional Federal Court کی بات کر رہے ہیں۔ اب نئی judicial body کی creation ہوگی اور خدا جانے کہ میرا ملک، اس کا آئین اور یہ تمام precedent جو پوری دنیا کے ہیں وہ کہاں جائیں گے۔ پھر omissions اتنی بڑی ہیں کہ Article 70(3) کے تحت یہ تمام case کہاں جائیں گے، کوئی پتا نہیں ہے۔ یہ objects and reasons کے اندر باقاعدہ طور پر آنا چاہیے تھا اس لیے میں کہتا ہوں کہ میں صرف اسی بنیاد پر جس پر کہ آپ اپنی ترامیم لے کر آ رہے ہیں، جب وہی خول خالی ہے تو آپ کس طریقے سے اس purpose کو حل کر سکیں گے۔

جناب 18th Amendment آئی تو میں نے کئی مرتبہ JUI(F) مولانا فضل الرحمن صاحب کی طرف سے represent کیا، کتنا وسیع canvas تھا، کتنی وسیع طور پر ہم ایک دوسرے کی باتوں کو سنتے تھے اور ہم نے مشرف اور ضیاء الحق کی قانون اور آئین کے ساتھ جو زیادتیاں تھیں انہیں ہم نے reverse کیا۔ آج اس کو بلکہ اس سے بھی بدتر تباہی کے ہم ضامن ہوں گے۔ آپ نے کسی بار کونسل سے نہیں پوچھا، آپ نے کسی ایسوسی ایشن سے نہیں پوچھا۔ آپ نے اس ایوان کے اندر ہمیں بھی اتنا وقت نہیں دیا کہ کم از کم ہم اس پر debate کر سکیں اور ایک دوسرے کو سمجھا سکیں۔ جس طرح سے علی ظفر صاحب نے کہا کہ ہو سکتا ہے کہ بہت سی چیزوں پر discussion کے بعد ہم کوئی ایسا راستہ نکالتے کہ نہیں یہ راستہ صحیح نہیں ہے اور وہ صحیح ہے اور ایک consensus پیدا کر کے اس آئین کے لیے ہم کوئی بہتر صورت دے سکتے اس لیے objects and reasons vague and incomplete ہیں، اس کا پورا scope

اپنے بنیادی مقصد سے عاری ہے، میں اس کو اپوزیشن اور پاکستان تحریک انصاف کی طرف سے مکمل طور پر reject کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین: سینیٹر سید مسرور احسن صاحب۔ I am giving it to other parties as well. آپ اپنی باری پر بات کریں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: سینیٹر سید مسرور احسن۔ میں دیتا ہوں، میں پہلے بلانا چاہ رہا تھا مگر آپ باہر چلے گئے۔ جی سرمد صاحب، what is your point of order?

سینیٹر سرمد علی: جناب چیئرمین! Rule 225 کی شق (vii) کہتی ہے کہ "a Member shall not chant slogans, display banners, play-cards, throw and tear Table documents and reports, etc."، اور اس کے حوالے سے ڈپٹی چیئرمین کی ایک ruling بھی موجود ہے کہ کوئی کسی سیاست دان کی تصویر وغیرہ لے کر House میں نہیں آئے گا۔ اگر ہم اپنے بنائے ہوئے rules کی تضحیک کریں گے تو ہمیں کون seriously لے گا۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں اسے clearly دیکھنا چاہیے کہ جب جس کا دل چاہتا ہے وہ banners لے کر آ جاتا ہے، جس کا دل چاہتا ہے وہ تصویریں لے کر آ جاتا ہے، ہمیں یہ ختم کرنا چاہیے، Rule بہت clear ہے کہ play card نہیں لایا جا سکتا اور اس حوالے سے ڈپٹی چیئرمین ایک ڈیڑھ ماہ پہلے ruling بھی دے چکے ہیں کہ تصاویر House میں نہیں لائی جا سکتیں۔

Mr. Chairman: Rule 225 (7) says that "shall not chant slogans, display banners, play-cards, throw and tear Table documents and reports, etc." I will request them please refrain from this thing.

سینیٹر سرمد علی: جناب چیئرمین! ان سے کہیں کہ یہ تصاویر اور play cards کو نیچے کر دیں۔

جناب چیئرمین: سینیٹر سید مسرور احسن صاحب۔

**Senator Syed Masroor Ahsan**

سینیٹر سید مسرور احسن: آپ کا بہت بہت، شکریہ جناب چیئرمین کہ آپ نے مجھے وقت دیا۔ میں یہاں سے اپنی بات شروع کروں گا کہ قانون کی حکمرانی اور قانون کی بالادستی تو ہم نے ابھی بھی دیکھ لی۔ آپ نے حکم دیا اور یہاں سب چیزیں اپنی جگہ موجود ہیں۔ نہ تصویر ہٹتی ہے اور نہ باتیں ہٹتی ہیں۔ بہرحال یہ ذاتی معاملات ہیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: وہ بات کر رہے ہیں،.please no cross-talk جواب آپ اپنی باری پر دے دیجیے گا۔

سینیٹر سید مسرور احسن: آپ جواب دے دیجیے گا دوست محمد صاحب۔ میں اپنے تمام اپوزیشن کے معزز دوستوں کا بہت احترام کرتا ہوں اور شاید یہ دکھی بھی ہوں لیکن دکھی کے ساتھ ساتھ یہ سب confuse ہیں اور بہت خوب صورتی سے سینیٹر پرویز رشید صاحب نے۔۔۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: Order in the House.

سینیٹر سید مسرور احسن: میں confuse نہیں ہوں، میں آپ سب لوگوں کو جانتا ہوں، میں تو آپ کے فائدے کی بات کر رہا ہوں، آپ سننا ہی نہیں چاہتے۔ آپ آئین میں ترمیم کی بات کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اس میں یہ تجویز، وہ تجویز جبکہ دوسری طرف جو اصل بات ہوتی ہے، وہ پرویز رشید صاحب نے کہہ دیا ہے کہ وہاں آپ خاموش رہتے ہیں، اس کا مطلب دال میں کہیں کچھ کالا تو چل رہا ہے۔ ہم تو کالے ہیں، ہم تو اتنے کالے ہیں کہ ضیاء الحق کے دور میں جب آپ ٹرافی لے کر گھوم رہے تھے تو ہم اس وقت بھی لڑ رہے تھے۔ ہم ایسے بُرے نہیں ہیں، جب آپ کو ہسپتال کی زمین ملی تھی، ہم اس وقت بھی ماریں کھا رہے تھے، جب آپ کو اعزازات مل رہے تھے، ہمارے لوگوں کو پھانسیاں ہو رہی تھیں۔ آپ ہمارا کیا مقابلہ کریں گے، ہم اس پارٹی کے امین ہیں جس کے گھر کے صحن

میں چار لاشیں پڑی ہوئی ہیں، ذوالفقار علی بھٹو شہید کی لاش، بے نظیر بھٹو شہید کی لاش، مرتضیٰ بھٹو کی لاش، شاہنواز بھٹو کی لاش اور آخر میں بوڑھی بیگم نصرت بھٹو کی لاش، آپ ہمارا مقابلہ تو نہ کریں۔

**(مداخلت)**

Mr. Chairman: No cross talk, please address the Chair.

سینیٹر سید مسرور احسن: جناب والا! بہت اچھے انداز سے ایوان چل رہا تھا۔ ہم نے علی ظفر صاحب کی بات اچھے طریقے سے سنی، وہ بہت تحمل سے بیان کر رہے تھے لیکن جس چیز کو انہوں نے چھوڑ دیا، اس کی پرویز رشید صاحب نے نشان دہی کر دی۔ حامد خان صاحب نے بہت ساری چیزوں کا اعتراف بھی کیا اور تنقید بھی کی۔ میں کہتا ہوں کہ 'تم میں ہمت ہے تو دنیا سے بغاوت کر لو، ورنہ ماں باپ جہاں کہتے ہیں شادی کر لو'۔ آپ پارلیمنٹ کے اندر بھی ہیں، آپ سیاسی لوگوں کے ساتھ بیٹھے بھی ہیں، آپ سیاسی لوگوں کے ساتھ قانون سازی کرنے کے لیے بھی تیار ہیں لیکن بات آپ کسی اور کے ساتھ کرنے کی کہتے ہیں، ہماری سمجھ میں یہ نہیں آتا۔ میں بحیثیت سیاسی پارٹی آپ کا احترام کرتا ہوں۔

**(مداخلت)**

Mr. Chairman: Please address the Chair.

سینیٹر سید مسرور احسن: آپ میں یہی خامی تھی، آپ نے تین سالہ دور میں پتا نہیں کتنی چیزیں bulldoze کر دیں۔

جناب چیئرمین: وہ distract کر رہے ہیں، he should address me, don't look at them.

سینیٹر سید مسرور احسن: جناب والا! میں صرف یہ بتانا چاہتا ہوں کہ آج جو ہم یہاں سب لوگ موجود ہیں، اس کی ایک تاریخ ہے اور وہ یہ ہے کہ اس ملک میں جب بھی آمرانہ دور آیا، ہم سب

نے مل کر اُس کے خلاف جدوجہد کی ہے، اس جدوجہد کے نتیجے میں 1973 میں ذوالفقار علی بھٹو شہید نے ایک متفقہ آئین بنایا اور اس آئین کے نتیجے میں آج ہم سب لوگ یہاں بیٹھے ہیں۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: Order in the House.

سینیٹر سید مسرور احسن: جناب والا! اگر یہ بات نہیں کرنے دیں گے تو ان کی آواز میری آواز سے تیز نہیں ہے، میں اکیلا کافی ہوں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: دوست محمد صاحب! آپ تشریف رکھیں۔ جی۔

سینیٹر سید مسرور احسن: میں جب سے ایوان میں آیا ہوں، یہ سن رہا ہوں کہ یہ مصیبت ہو گئی، وہ مصیبت ہو گئی، یہ مار کھا گیا، وہ قانون بن گیا، ہمارے آدمی کو بند کر دیا، فلاں کر دیا، پیپلز پارٹی کے لوگوں نے اس ملک میں جمہوریت کی بحالی کے لیے ستر ہزار کوڑے کھائے ہیں، پیپلز پارٹی کے چھ کارکنوں کو جنرل ضیاء نے پھانسی کے تختے پر چڑھا دیا تھا، ہم پھانسی کے تختے کو چوم رہے تھے اور آپ ٹرافی لے کر جھوم رہے تھے، ہم میں اور آپ میں فرق ہے۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: Order in the House.

سینیٹر سید مسرور احسن: جناب والا! فلک بی بی کو تو یہ شرمندگی ہے کہ یہ مجبوری میں پتا نہیں کہاں پھنس گئی ہیں، یہ ہماری پارٹی کی ہیں۔ میں آپ سے کہتا ہوں، یہ باہر نکلیں، بے نظیر بھٹو شہید کا نام لیں یہ رونے لگیں گی، ہم ایسی پارٹی کے امین ہیں۔ اس لیے ایسی باتیں نہ کریں، مل جل کر اچھے طریقے سے چلیں، سب لوگوں کی باتیں سننی چاہییں۔ دیکھیں جتنا مل سکتا ہے لے لو، آپ میں اتنی ہمت نہیں ہے۔ ہم تو لیں گے ہم تو جمہوری آدمی ہیں اور ہم dialogue پر believe

کرتے ہیں اور dialogue ہی اس ملک میں جمہوریت کو استحکام دینے کا ایک ذریعہ ہیں۔ اگر کہیں کسی بھی قسم کی لڑائی ہو تو ہم لڑنا نہیں چاہتے، آپ ہمیں اور Establishment کو لڑوانے کی کوشش کریں گے، ہم نہیں لڑیں، ہم مل جل کر چلیں گے۔ ٹھیک ہے، ہم بھی نہیں سمجھتے کہ بہت ساری چیزیں صحیح ہیں لیکن جمہوریت میں منزل پر پہنچنے کے لیے ہمیں سیڑھیوں پر چڑھنا پڑتا ہے۔ اگر ضیاء الحق نے اپنی ترامیم کی تھیں تو جب آپ وقت کے وزیراعظم تھے، آپ نے حکم دیا اور $18^{th}$ Amendment آ گئی، پورا دستور بحال ہو گیا، اب جو بچ گیا وہ ہم کر رہے ہیں، پارلیمنٹ میں بیٹھے ہوئے ہیں، آپ اپنے وقت میں اس کی اصلاح کر لیجیے گا لیکن جب آپ کا وقت آئے گا تو آپ کچھ بھی نہیں کریں گے، مجھے پتا ہے۔

(مداخلت)

سینیٹر سید مسرور احسن: مجھے غصہ نہ دلائیں، میں چاہتا ہوں کہ جس طرح مسکرا کر آپ ہمارے ساتھ اختلاف کر رہے ہیں، اس طرح آپ بھی مسکرا Standing Committee میں بیٹھیں، یہاں بھی تو اس طرح بیٹھے ہوئے ہیں، وہاں بیٹھ کر ان ترامیم پر اپنی ساری تجاویز دیں۔ علی ظفر صاحب! آپ بہت سمجھ دار آدمی ہیں، آپ بیٹھیں، اگر آپ نے وہ دروازہ ہی بند کر دیا تو یہاں بات کرنے سے کیا فائدہ۔ آپ کے لیے ایک special committee بنی ہے، جس میں آپ کو سہولتیں ملتی ہیں، آپ وہاں جائیں، وہاں آپ کی باتیں سنی جائیں گی، Standing Committee تو اسی لیے ہے۔ میری گزارش ہے کہ اگر آپ نے افہام و تفہیم کے دروازے بند کیے تو آپ میں سے کسی کی اتنی ہمت نہیں ہے کہ بعد میں مقابلہ کریں گے۔ میں زیادہ بات نہیں کروں گا اور یہ کہوں کہ please ملک بہت خطرناک حالات سے گزر رہا ہے، ہمارے پڑوسی ہمارے دشمن ہیں اور اگر آپ اپنے آپس کے اختلافات کی وجہ سے انہیں مداخلت کی اجازت دیں گے تو پھر ہم کہاں کھڑے ہوں گے، نہ یہ سینیٹ رہے گا نہ قومی اسمبلی رہے گی۔ اس لیے ساری چیزوں کو سمجھتے ہوئے آپ بات چیت کے دروازے کو بند نہ کریں، اسے کھلا رکھیں، مذاکرات سے تمام مسائل حل ہو سکتے ہیں۔ لندن میں پہلے Lord Preston تھا، بہت عرصے کے بعد ووٹوں کی اجازت ملی تھی، امریکہ میں بھی عورتوں کو ووٹ دینے کی اجازت نہیں تھی، بہت عرصے کے بعد ان کو ووٹ

دینے کی اجازت ملی ہے، ہمیں تو ابھی ستر سال ہوئے ہیں، ان میں بھی تیس، چالیس سال کوئی اور حکمران رہا ہے۔ ہم جب بھی آئے ہیں، ہم نے لوگوں کو دیا ہے۔ آپ بات کرتے ہیں کہ عوام متاثر ہوں گے، آپ کے تین سالہ دور میں آئین کی clause 25 (a) کے تحت کتنے بچوں کو تعلیم ملی، جس clause میں کہا گیا ہے کہ پانچ سال کے بچوں کی تعلیم ضروری ہے، یہ سب فضول باتیں ہیں، عام آدمی کو نہیں پتا کہ آئین اور دستور کیا ہے، یہ تو ہم، آپ بات کر رہے ہیں، حقیقت یہ ہے کہ ہم fundamental rights کی بات تو کرتے ہیں لیکن ہم fundamental rights دینے کے لیے تیار نہیں ہیں۔ اس لیے ایسے حالات پیدا کریں جن میں آپ کی بات آئے اور لوگوں کو آپ دے سکیں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: سینیٹر محسن عزیز صاحب۔ میں صرف ایک بات کرنا چاہ رہا ہوں۔ بڑے آرام سے، دونوں طرف سے آرام سے سنیں۔ آپ کی باری ہے تو جواب دے دیں۔ آپ کو غصہ دلواتے ہیں۔ آپ نہ غصہ کریں۔ آپ غصہ نہ کریں۔

(مداخلت)

سینیٹر محسن عزیز: نہیں نہیں۔ مسرور صاحب غصہ نہ کریں۔ صحت کے لیے اچھا نہیں ہے۔ آپ بیٹھ جائیں۔ جس عمر میں آپ اور میں ہیں غصہ اچھی بات نہیں ہے۔ آرام سے بیٹھ جائیں۔ دل کو تکلیف ہوتی ہے۔

جناب چیئرمین: سینیٹر محسن عزیز صاحب۔

**Senator Mohsin Aziz**

سینیٹر محسن عزیز: السلام علیکم، بہت بہت شکریہ۔ جناب چیئرمین! بات یہ ہے کہ آج ہم یہاں پر ستائیسویں ترمیم پر گفتگو کے لیے بیٹھے ہیں۔ سب سے پہلے تو میں کہتا ہوں کہ اس کی seriousness کا آپ احوال لیجئے کہ کس بات کی جلدی ہے، کیوں جلدی ہے اور کیونکہ جلدی ہے کہ Prime Minister Sahib باکو میں اگر ان کا جانا ضروری تھا تو وہاں سے بیٹھ کر Zoom پر یہ بات کرتے ہیں۔ آیا اس کی discussion ضروری یہاں نہیں ہے۔ آیا اس پر بحث

ضروری نہیں ہے۔ Right or wrong بات یہ ہے کہ دیکھیں ہم تو بڑی مدت سے TV پر مناظر جو سن رہے ہیں۔ جو لوگ resourceful ہیں۔ جو لوگ source full ہیں اور جو لوگ well knowledge رکھتے ہیں۔انہوں نے تو پہلے سے بتا دیا تھا یہ آنی ہے، کس طریقے سے آنی ہے اور date بھی دی جا چکی ہے۔اس date سے پہلے پہلے پاس ہو جائے گی۔ تو میں سمجھتا ہوں یہاں پر جس طرح سید مسرور صاحب کہہ رہے ہیں کہ بحث کریں۔ بحث کی تو یہاں زیادہ گنجائش ہی نہیں ہے۔ بحث کی تو یہاں زیادہ اجازت ہی نہیں ہے۔ ہمارے اپوزیشن لیڈر کی کرسی یہاں پر خالی پڑی ہے۔ایسے موقع پر اپوزیشن لیڈر کا نہ ہونا کس جمہوریت کی نشان دہی کرتا ہے۔

جناب چیئرمین! مجھے یہ سوچ آتی ہے اور میں کہنے پر مجبور ہوتا ہوں کہ دیکھئے اگر جائزہ لیا جائے تو 52 سالوں میں یعنی 1973 کے آئین میں صرف پچیس ترامیم اس میں آئیں ہیں اور پچیس ترامیم میں جو آپ سمجھ لیں benign ہیں یا بہت miner ہیں یا جن کو academic آپ کہہ سکتے ہیں وہ جس طرح کی اس میں پہلی ترمیم آئی تھی۔ تیسری ترمیم آئی تھی۔ 6th Amendment آئی تھی۔ 10th Amendment آئی تھی اور 12th Amendment آئی تھی۔ یہ تمام اس طرح کی Amendments تھیں جو کہ academic تھیں یا East Pakistan کا اگر کہیں ریفرنس ہے اس کو ہٹایا گیا ہے۔ اگر کہیں نیشنل اسمبلی کے سیشن کے intervals کتنے ہونے چاہیے۔ اس کو discuss کیا گیا ہے۔ سپریم کورٹ کی age and retirement وغیرہ وغیرہ کو discuss کیا گیا ہے۔ اس کے بعد وہ ترامیم آئی ہیں جو کہ major تھیں۔ جس سے جمہوریت کو البتہ ضرور تقویت ملی ہے۔ اگر آپ اٹھارویں ترمیم کی بات کریں۔ 13th Amendment کی بات کریں۔ پچیسویں ترمیم کی بات کریں۔ جہاں پر Presidential form کو ہٹا کر پھر Parliamentary form کی طرف لایا گیا ہے کہ وہاں پر ایک وقت میں Presidential Form کو زیادہ تقویت دی گئی ہے۔ Parliaments سے ان کی طاقتیں لی گئی ہیں۔ ان کو واپس restore کیا گیا ہے۔ اب بات یہ ہے کہ اگر ہم دیکھیں تو یہ ایک سال میں دو ترامیم کی ضرورت کیوں آ گئی۔ کیونکہ چھبیسویں کے بعد ستائیسویں کی ضرورت پیش آ گئی۔ آیا ہمیں یہ سوچنے کی ضرورت ہے کہ وہ بھی عجلت میں کی گئی یعنی چھبیسویں ترمیم کو بھی عجلت میں کیا گیا۔ اس میں خامیاں رہ گئیں اور آج دوبارہ سے ہم اسی

غلطی کو دہرا رہے ہیں کہ دوبارہ اس کو عجلت میں کر رہے ہیں۔ ہمیں کیوں ایک مقدس آئین جو ہمارے سامنے پڑا ہے اس کو change کرنے میں اتنی جلدی کیا ہے۔ کیونکہ ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہم ایک پارلیمانی باڈی کی حیثیت سے، ایک سیاسی پارٹی ہونے کی حیثیت سے ہم نے personal capacity میں ایک oath لیا ہوا ہے۔ ہم کب سیاست کو جھوٹ سے نکالیں گے۔ فریب سے نکالیں گے اور دروغ گوئی سے نکالیں گے۔ ہم کب سیاست کو سچائی کی طرف لے کے جائیں گے اور خدمت کی طرف لے کے جائیں گے۔ انصاف کی طرف لے کے جائیں گے۔ یہ ہم سب کو یہاں بیٹھ کے سوچنا ہے۔ ہم چاہے $27^{th}$ Amendment ہو یا کوئی اور Amendment ہو ہم کب ایک مضبوط پاکستان کی بات کریں گے جس سے پاکستان مضبوط سے مضبوط تر ہو۔ ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ ہم اداروں کو کس طرح سے، کس قیمت پر اور کیوں اور کب مضبوط بنائیں گے۔ ہم کس طریقے سے جوڈیشری کو مضبوط بنائیں گے۔ آیا $26^{th}$ Amendment اور $27^{th}$ Amendment میں ہم جوڈیشری کو مضبوط بنا رہے ہیں یا اس کو کمزور سے کمزور تر کر رہے ہیں۔ جناب چیئرمین! اپوزیشن کی بات بے شک نہ سنیں۔ آپ جو Independent Bodies ہیں دنیا میں یہاں پر جو National Bodies ہیں۔ جو International Bodies ہیں ان کی بات سنیں۔ ان کے تجزیے دیکھیں۔ ان کے جو میڈیا پر آ کر talk دیکھیں۔ آپ کو پتا چلے گا کہ ہم نے جوڈیشری کو کمزور سے کمزور تر کیا ہے۔ ہمیں مضبوط بقا چاہیے۔ ہمیں مضبوط فوج چاہیے۔ ہمیں مضبوط Health and Education چاہیے اور سب سے بڑھ کر ہم کو ایک مضبوط economy چاہیے۔ اس کے لیے ہمیں بیٹھ کر یہاں پہ گفتگو کریں۔ اگر economy ہماری خراب ہو رہی ہے۔ جو ہماری bases ہے۔ تمام جو کہتے ہیں money make the mare go. ہم اس پر بات کریں۔ اس پر تجاویز دیں اور گفتگو کریں۔ کہاں پر غلطی ہو گئی اور کیسے غلطی ہو گئی۔ ہمارا غریب کہاں چلا گیا۔ ہمارا GDP growth کیوں نہیں ہو رہا۔ ہماری ایکسپورٹ کیوں decline کر گئی ہے۔ ہماری بجلی کی cost کیوں اتنی زیادہ ہے کہ جس کی وجہ سے ہماری industry collapse کر چکی ہے۔ ہمارے یہاں پر foreign investors کیوں باہر جا رہے ہیں۔ ہماری unemployment کیوں بڑھ رہی ہے۔ اس طریقے سے ہم اگر اپنی amendments میں بات کریں اور ان amendments کو لے

کر آئیں کہ ہم اگر Charter of Democracy کر سکتے ہیں یا نہیں کر سکتے کم از کم ایک Charter of Economy تو کر سکتے ہیں۔ اس طریقے کی amendments لے کر آئیں تو میں سمجھوں گا کہ میرے آج یہاں اگر گیارہ سال ہو چکے ہیں تو میں نے بھی اپنی سیٹ کے ساتھ اور اپنی post کے ساتھ justice کی ہے ورنہ میں سمجھتا ہوں کہ میں تو یہاں پر اپنی مراعات کے لیے بیٹھا رہا، مراعات میں کھاتا رہا اور تنخواہ کھاتا رہا لیکن میں نے justice نہیں کی۔ یہ میں انصاف کی بات کرتا ہوں۔ میں خود بھی اس میں ایک قصور وار ہو سکتا ہوں۔

جناب چیئرمین! آپ اور ہم کو یاد ہے کہ جب ہم بار باڈوس Commonwealth کی کانفرنس میں گئے تھے وہاں ڈیموکریسی کی کیا بات ہو رہی تھی۔ ان کی Prime Minister کی جو تقریر تھی۔ جس کو ہم سب نے appreciate کیا۔ وہ کیا کہہ رہی تھی۔ وہ اپوزیشن کو ساتھ لے کر چلنے کی بات کر رہی تھی۔ وہ یہ کہہ رہی تھی کہ جو Constitutional post ہوتی ہیں چاہے وہ جوڈیشری کی ہو، چیف جسٹس کی ہو، چاہے وہ چیف الیکشن کمشنر کی ہو یا دیگر ہوں اس کے لئے کتنا انہوں نے tough بنا دیا ہے کہ

if the Opposition and the Treasury benches, the Government do not agree, how tough have they made it to happen,

کہ پانچ پانچ مہینے اس پر لگ جائیں گے and they have to go through a long drawn process. یہ اس لیے انہوں نے سخت بنایا کہ بحث اور گفت و شنود کے بعد Treasury and Opposition ایک page پر آئیں۔ ہم نے وہاں اس کو کتنا appreciate کیا۔ اب آپ خود سوچئے کہ ہم یہاں بیٹھ کر اس وقت اپوزیشن کا کیا کردار ادا ہو رہا ہے؟ اگر یہی بات جس طرح میں نے اپنی گفتگو کا آغاز کیا۔ اگر ہمیں پہلے سے ہی بتا دیا گیا ہے کہ اس date سے پہلے یہ ترمیم ہو جائے گی۔ تو میں سمجھتا ہوں۔ یہاں پر ہم گفتگو تو صرف گفتگو کر سکتے ہیں۔ ایک debate تو کر سکتے ہیں لیکن بے حاصل۔ جس کا کوئی حاصل نہیں ہوگا۔ جس کا کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔ مسرور صاحب! میں اس لیے کہتا ہوں کہ آپ تو بغاوت کے چرچے ضرور کرتے ہیں۔

شہادت آپ نے بالکل دی ہے، سارا پاکستان مانتا ہے۔

ہم دل سے مانتے ہیں لیکن آ کر پھر آپ بھی بات وہی مانتے ہیں کہ باپ کی بات مان جاتے ہیں تو ایسے تو نہ کریں۔ آپ ان شہادتوں کو نہ بیچیں۔ ہم سب کو پتا ہے۔ یہاں پر علی ظفر صاحب نے اور ہمارے حامد صاحب نے جو گفتگو کی، کس طریقے کی گفتگو کی ہے، آیا یہ کسی طریقے سے سیاسی گفتگو تھی؟ اگر انہوں نے کی ہوتی تو میں ضرور کہتا لیکن انہوں یہاں پر آ کر گفتگو کی ہے، opposition not for the sake of opposition but opposition for the sake of betterment of this country. انہوں نے جس طریقے سے یہاں گفتگو کی ہے، انہوں نے بتایا ہے کہ کس طریقے سے ہماری judiciary کمزور سے کمزور تر ہوتی جارہی ہے۔ کس طریقے سے یہ ملک کمزور سے کمزور تر ہوتا جارہا ہے؟ ہم سب کی یہ responsibility ہے کہ ہم اس ملک کو خراب نہ ہونے دیں۔ ہمیں ایک مضبوط پاکستان چاہیے۔ ہمیں مضبوط سرحدیں چاہییں۔ ہم چونکہ پارلیمنٹ ہیں، ہم چونکہ people's representatives ہیں، چاہے direct election ہو یا indirect election ہو، ہم وہ لوگ ہیں جو اداروں کو جا کر ground realities بتا سکتے ہیں۔ سچ سچ بتائیں، دل سے بتائیں، صرف یہ نہیں کہ lip service کریں، کسی کو خوش کرنے کے لیے نہ بتائیں۔ ہم میں اگر وہ ہمت پیدا ہو جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ ملک ترقی کرے گا، کبھی بھی تنزلی نہیں کرے گا۔

اگلے روز میں سن رہا تھا، یہاں پر خیبر پختونخوا کے نام کو دوبارہ تبدیل کرنے کی بات ہو رہی ہے۔ کیوں ہو رہی ہے، کون سی پارٹی کر رہی ہے، وہ پارٹی کہاں پر ہے، آیا صوبے میں موجود ہے یا نہیں ہے؟ ایسا کیا ہے کہ بارہ سالوں کے بعد آپ دوبارہ اس بچے کا نام تبدیل کرنا چاہتے ہیں؟ یہ سیاست ہے، اس کو صرف سیاسی اسکورنگ کہتے ہیں۔ ہمیں چاہیے کہ یہ سیاسی اسکورنگ ہم یہاں پر چھوڑ دیں۔ ہم وہ بات کریں کہ جو کہ ملک کی بہتری کے لیے ہو۔ ہم نے اگر آج سے بارہ یا پندرہ سال پہلے نام change کروایا تھا تو ہم نے اپنے constitutional right کو forego کیا تھا، یہ بات کریں۔ آرٹیکل 158 جو ہمارے صوبے خیبر پختونخوا کو ایک حق دیتا ہے کہ ہمیں گیس کے

معاملے میں precedence ملے گا۔ جب ہمارے پاس گیس short ہو گی، سب سے پہلے ہمیں گیس ملے گی، اس کے بعد کسی اور صوبے کو ملے گی۔ اس کو بیچ کر ہم نے نام لے لیا، بڑا اچھا کام کیا۔ بہت اچھا کام کیا۔ میں تو نہیں سمجھتا، اس وقت بھی سیاست کی گئی کہ یہ 18th Amendment کی بات ہے۔ نہیں، یہ آپ نے اس وقت صوبے کے ایک نام پر اپنے right کو forego کیا۔ اس کے ساتھ باچا خان انٹر نیشنل ایئر پورٹ کا نام رکھ دیا۔ کیا یہ ہماری سیاست ہے؟ کیا ہم اسی سیاست کے لیے رہ گئے ہیں؟

(اس موقع پر ایوان میں اذانِ مغرب سنائی دی)

سینیٹر محسن عزیز: میں آخر میں یہی کہنا چاہتا ہوں کہ دیکھیے، یہاں پر فارم 47 کی گفتگو ہوئی۔ ہم سب کو معلوم ہے کہ ایک حکومت ہے جو کہ legitimate نہیں ہے۔ دوسری طرف ایک شخص اور ایک پارٹی جو اس وقت پاکستان میں majority میں موجود ہے، ایک پارٹی جس کا لیڈر اس وقت پابندِ سلاسل ہے، اگر آپ اس کی بات اور گفتگو نہیں سنیں گے اور اس کو آپ اس ترمیم میں شامل نہیں کریں گے اور اسے bulldoze کریں گے تو یہ پاکستان کے لیے صحیح نہیں ہے۔ ہم نے اس طرف دیکھنا ہے کہ ہم کس طریقے سے پاکستان کو آگے لے کر جائیں۔ آج اورنگزیب صاحب یہاں بیٹھے ہیں، یہ ان کا قصور نہیں ہے، he is a very fine person and spotlessly clean. میں بالکل اس بات کا اعتراف کرتا ہوں۔ ماشاء اللہ! یہ جب سے فنانس منسٹر بنے ہیں، اللہ تعالیٰ نے انہیں neat and clean رکھا ہے، میری دعا ہے کہ آئندہ بھی رکھے۔ بات یہ ہے کہ ہمارا جس ملک سے مقابلہ ہے، جس ملک کی آپ بات کرتے ہیں، ایک طرف economy کی بات ہے، ایک طرف آپ کی فوج کی بات ہے۔ جہاں تک economy کی بات ہے، اس ملک کا ایک گروپ آپ کے سارے پاکستان کی پوری کی پوری economy پر حاوی ہے۔ ہم کہاں چلے گئے ہیں؟ ہم کس طریقے سے نیچے چلے جا رہے ہیں؟

میں یہاں ایک اور بات بھی کرنا چاہ رہا ہوں کہ ہمیں یہاں پر financial constraints کا سامنا ہے، ہمارے ہاں GDP growth نہیں ہو رہی۔ ہمارے ہاں tax collection نہیں ہو رہی۔ ایک طرف سننے میں آیا ہے کہ ہماری ایک چیف منسٹر صاحبہ، میں ان

کا نام احترام سے لیتا ہوں وہ 50 بندوں کا entourage لے کر environmental conference کے لیے برازیل تشریف لے گئے ہیں۔ کیا ہم afford کر سکتے ہیں؟ یہ فیصلہ میں آپ پر چھوڑتا ہوں۔ کیا ہم afford کر سکتے ہیں کہ ایک کانفرنس کے لیے آپ چالیس سے پچاس کروڑ روپے لگادیں اور .you bring back home nothing بات یہ ہے کہ environment سے تو ہم دور دور تک واقف نہیں ہیں۔ لہٰذا، ہمیں ان چیزوں کی بھی احتیاط کرنی ہے۔

میں آخر میں صرف اور صرف یہ کہتا ہوں کہ دیکھیے کوئی عجلت نہیں ہے۔ عجلت نہ کیجیے۔ آپ کی جو اچھی ترامیم ہوں گی، بالکل ہم آپ کے ساتھ شانہ بشانہ بیٹھ کر اس کو agree کریں گے۔ اس میں کوئی طنز و مزاح کی بات نہیں ہے کہ ہم نے کچھ مان لیا اور کچھ نہیں مانا۔ ہاں جو اچھی بات ہوگی، جو پاکستان کے لیے ہوگی، ہمیں اس کا blame بھی لینا پڑے تو مانیں گے لیکن جو نہیں ہے، ان کو نہیں مانیں گے۔ اس لیے اس کو بحث کے لیے open کیا جائے۔ ہماری تجاویز کے حوالے سے ہمارے ساتھ بیٹھا جائے۔ ہمیں یہ جو عندیہ دیا جارہا ہے کہ ہر حالت میں before such and such time, this will be over. So, there we cannot be a part of that bulldozing exercise. بہت بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: سینیٹر فیصل جاوید صاحب۔

سینیٹر فیصل جاوید: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ بہت بہت شکریہ۔ میں چھوٹی سی بات کروں گا۔ کل بھی ستائیسویں ترمیم کے اوپر بات ہوئی۔ یہاں جب کوئی ترمیم لائے گا تو ان کو فارم 47 یاد آئے گا۔

جناب چیئرمین: سینیٹر صاحب! آپ مختصر کریں۔ میں نے غلطی سے آپ کو موقع دے دیا ہے، کل آپ بول چکے تھے۔

سینیٹر فیصل جاوید: جناب! میں ایک چھوٹی سی بات کروں گا۔ آج علامہ اقبال کا یوم پیدائش ہے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: آپ مختصر کریں۔ میں غلطی کر بیٹھا ہوں۔

سینیٹر عطاء الرحمان: جناب چیئرمین! مغرب کی نماز کا وقت ہو گیا ہے۔

جناب چیئرمین: آپ پڑھ لیں۔ جلدی آئیں کیونکہ speechآپ کی ہے۔

سینیٹر فیصل جاوید: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ (عربی) اے اللہ، ہم تیری عبادت کرتے ہیں اور صرف تجھی سے مدد مانگتے ہیں۔

جناب چیئرمین: دس منٹ کی breakدے دیتے ہیں۔ مولانا عطاء الرحمان صاحب کہتے ہیں میں یہیں نماز پڑھ رہا ہوں۔ آپ یہاں نہ پڑھیں، میں نے دس منٹ کی breakدے دی ہے۔

(اس موقع پر نماز مغرب کی ادائیگی کے لیے اجلاس ملتوی کیا گیا)

(نماز مغرب کے وقفے کے بعد اجلاس دوبارہ جناب چیئرمین کی صدارت میں شروع ہوا)

جناب چیئرمین: جی سینیٹر فیصل جاوید۔ میں appreciate کروں گا اگر آپ ذرا جلدی wind up کر دیں کیونکہ ایک dinner ہے۔

**Senator Faisal Javed**

سینیٹر فیصل جاوید: جی جی، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ بہت شکریہ چیئرمین صاحب! آپ نے مجھے ایک بار پھر بولنے کا موقع دیا۔ کل 27ویں ترمیم کے حوالے سے کچھ بات ہوئی اور آج کیونکہ علامہ اقبال کا یوم پیدائش بھی ہے تو میں تھوڑی سی بات اس پر بھی کرنا چاہوں گا۔ میں یہ بات کر رہا تھا کہ یہاں جب کوئی ترمیم لائے گا، تم کو فارم ۴۷ یاد آئے گا۔

(اس موقع پر ڈیسک بجائے گئے)

سینیٹر فیصل جاوید: یہ جو بنیاد ہے جمہوریت کی کہ عوام اختیار دیتے ہیں اپنے truly elected representatives کو، حقیقی منتخب کردہ نمائندوں کو کہ وہ جا کر عوام کے behalf پر قانون سازی کریں، یہ spirit ہے جمہوریت کا اور اس جمہوریت کی اصل روح

صاف وشفاف الیکشن ہے۔ جب ہم الیکشن کی طرف refer کرتے ہیں تو ہمیں پتا چلتا ہے کہ یہ الیکشن فارم ۷ ۴ کا الیکشن تھا کہ 17, نشستیں جیتنے والے حکومت نہیں کر سکتے۔ لیکن اس کے باوجود جو عمران خان صاحب کی اکثریت تھی، 180 سے زائد نشستیں حاصل کیں، اس کو بدل دیا گیا اور فارم ۷ ۴ کے ذریعے 17 سیٹیں جیتنے والوں کو اقتدار دے دیا گیا۔ اب وہ دھڑا دھڑ یہ ترامیم کر رہے ہیں۔ یہ عوام کی کوئی عکاسی نہیں کرتے۔ پھر reserved seats بھی ان کو دے دیں لیکن یہاں پر سب سے بڑی بات یہ ہے جس طرح کل میں نے جو ذکر کیا کہ جس طرح سے الیکشن ہوا، انتخابی نشان چھینا گیا، ساری چیزیں ہوئیں، اس کے باوجود پاکستان کی تاریخ میں ہمیں ایسی مثال نہیں ملتی کہ لوگوں نے انتخابی نشان نہ ہونے کے باوجود یہ نہیں دیکھا کہ امیدوار کون ہے، امیدوار نے ووٹر ڈھونڈا ہی نہیں، پہلا الیکشن ہے۔ امیدوار اپنا manifesto لے کر ووٹ مانگنے کے لیے جاتا ہے۔ اس بار تو اس کی ضرورت ہی نہیں پڑی کیونکہ ووٹر نے ڈھونڈا امیدوار کو کہ کس پر عمران خان نے ہاتھ رکھا ہے، میں نے اس کو ووٹ دینا ہے۔ اس حد تک اپنی منشا کا اظہار کیا، اس سے زیادہ عوام کیا کر سکتی ہے؟ اور overwhelming majority دی۔ کوئی بھی قانون سازی ہو، وہ عوام کے behalf پر elected representatives کرتے ہیں۔

ہم نے دیکھا کہ جس طرح سے عمران خان، ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی اور ان کی پارٹی کے باقی لوگوں کے ساتھ جو کچھ ہوا، جو ان کے ساتھ ناانصافی ہوئی، جو ناحق قید میں ہیں۔ میں نے بات کی تھی ڈاکٹر یاسمین راشد صاحبہ کی، ہماری خواتین کا اگر ہم ذکر کریں تو آپ کو ایک لمبی فہرست ملتی ہے جنہیں ناحق سزائیں سنائی گئیں، بشریٰ بی بی، یاسمین راشد صاحبہ، زرتاج گل، کنول شوذب، ساتھ میں عالیہ حمزہ، خدیجہ شاہ، عائشہ بھٹہ، فرخندہ کوکب، صنم جاوید، فردوس رائے، فرح آغا اور دیگر کئی ہیں جنہیں ناحق سزائیں سنائی گئیں۔ تاریخ میں یہ مثال بھی نہیں ملتی۔۔۔

جناب چیئرمین: آپ محمود صاحب کا نام بھول رہے ہیں۔

سینیٹر فیصل جاوید: جی میں اس طرف آ رہا ہوں، میں ابھی خاص طور پر خواتین کا ذکر کر رہا تھا۔ شاہ محمود قریشی، اعجاز چوہدری صاحب، عمر سرفراز چیمہ، میاں محمود الرشید، حسان نیازی اور دیگر کئی لوگ ہیں جنہیں ناحق سزائیں سنائی گئیں، جیلوں میں رکھا گیا۔ عمران خان صاحب، بشریٰ بی بی اور دیگر لوگ ہیں، دو سال سے زائد کا عرصہ ہو گیا، جیل Manual کے مطابق جو ان کا حق بنتا ہے، نہ

ان کی ملاقاتیں ہوتی ہیں اور نہ ان کے بچوں سے ان کی بات کرائی جاتی ہے۔ ان کی فیملی، ان کی بہنیں کئی بار جاتی ہیں اور ان سے ملاقات نہیں کرائی جاتی۔ دو سال ہو گئے اور پارٹی کے لوگوں کی ملاقات نہیں کرائی جاتی۔

محمد زبیر جو گورنر سندھ تھے، نواز شریف کے Spokesperson, وہ ٹی وی پر بتاتے ہیں کہ جب نواز شریف جیل میں تھے تو ہر ہفتے سو سے ڈیڑھ سو لوگ آرام سے ملنے جاتے تھے۔ کسی سے اجازت نہیں لینی پڑتی تھی۔ پھر ہم نے دیکھا کہ یہاں پر ابھی تک اپوزیشن لیڈر نہیں ہے۔ سب نے نام لکھ کر دیے۔ ہمارے چیئرمین عمران خان صاحب نے نامزد کیا۔ سب نے sign کر کے دیے لیکن ابھی تک اپوزیشن لیڈر نہیں آئے۔ پچھلے اپوزیشن لیڈر کو ناحق سزا سنادی گئی۔ سینیٹر شبلی فراز، جن کو ہم خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب خان اور پنجاب اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر احمد صاحب کو ناحق سزائیں سنائی گئیں۔ ہمارے باقی MNAs ہیں، عبدالطیف چترالی، دیگر لوگ، کئی نام ہیں، احمد چھٹہ، بلال اعجاز، کئی نام ہیں، نام ختم نہیں ہوتے۔ یہ جو سب ہو رہا ہے، بنیاد ہی ہم ٹھیک نہیں رکھ رہے۔ جتنا اس طرح سے ہو رہا ہے، پبلک اور متنفر ہوتی جا رہی ہے۔ پبلک اس پورے نظام سے متنفر ہوتی جا رہی ہے۔ چیئرمین صاحب! آپ یہاں سے ٹیمیں بھیجیں، آپ ذرا سروے کرائیں تو سہی، ذرا پبلک میں جائیں، لوگوں سے پوچھیں، نمائندے بھیجیں کہ لوگوں کا sentiment ہے کیا۔ اور کبھی بھی پاکستان ترقی نہیں کر سکتا جب تک حکومت اور عوام کے بیچ میں trust deficit بڑھتا رہے گا اور یہ بڑھ رہا ہے، مزید بڑھ رہا ہے۔ اس طرح سے چیزیں bulldoze کر دینا، اس سے پبلک مزید متنفر ہو رہی ہے۔

یہاں پر میں دو نام اور بھی لینا چاہوں گا۔ ہمارے workers patriotic Pakistani, ہیں جنہوں نے اپنے کپتان عمران خان کے ساتھ پاکستان کے پرچم کو ہر میدان میں سربلند کیا۔ سید سلمان رضا اور جنید جہانگیر، ان کی families پریشان ہیں۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر فیصل جاوید: کیا یہاں پر عوام کی بات نہیں ہو سکتی؟ براہ مہربانی آپ بیٹھ جائیں۔ پہلے بھی انہوں نے interrupt کیا ہے۔

Mr. Chairman: Please wind up.

سینیٹر فیصل جاوید: میں ختم کر رہا ہوں۔ یہ بیٹھ جائیں۔ جا کر وہاں پر coffee پی لیں، پہلے بھی بہت پی رہے تھے۔Coffee پیو، کافی ہو گیا، اب آپ coffee پیو۔ کافی ہو گیا، کافی ہو گیا۔ میں واپس آتا ہوں، ہم یہاں پر عوام کی بات کرتے ہیں تو انہیں تکلیف ہوتی ہے۔ جناب! ہمارے سید سلمان رضا، جنید جہانگیر، ان کی families بہت پریشان ہیں۔ ہم یہاں سے ڈیمانڈ کرتے ہیں کہ ان کو انصاف دیا جائے۔ شہباز بھٹی، نثار خان، عثمان جوڑا، صنم جاوید، فلک جاوید، میں نے پہلے ذکر کیا۔ جب تک ہم انصاف نہیں کریں گے، پبلک متنفر ہو گی۔ کتنی قانون سازی کر لیں، یہ لے آئیں، وہ لے آئیں، کبھی بھی ملک آگے بڑھ ہی نہیں سکتا، آپ جتنی مرضی ترامیم کر لیں، ملک تب آگے بڑھتا ہے جب عوام کا اعتماد حاصل ہو۔ جب تک عوام کا اعتماد حاصل نہیں ہو گا تب تک ملک آگے نہیں بڑھے گا۔ علامہ اقبال نے جو خودی کا نظریہ لکھا، عمران خان نے وہ خودی بن کر دکھایا۔ اپنی قوم کی عزت نفس بحال کی۔ اپنی قوم کی غیرت، عزت نفس، self-esteem بحال کی۔

آج علامہ اقبال کا یوم پیدائش ہے۔ جو نظریہ علامہ اقبال کا تھا کہ

دیار عشق میں اپنا مقام پیدا کر
نیا زمانہ نئی صبح شام پیدا کر
میرا طریق امیری نہیں فقیری ہے
خودی نہ بیچ غریبی میں نام پیدا کر

Mr. Chairman: Thank you.

سینیٹر فیصل جاوید: میں اپنی بات ختم کر رہا ہوں، آخری جملہ کہتا ہوں۔ اقبال کہتے ہیں کہ اپنی خودی کو پہچان۔ عمران خان کہتے ہیں کہ غلامی قبول نہیں ہے۔ 2011 میں مینار پاکستان پر تاریخی جلسہ ہوا۔ عمران خان نے کھڑے ہو کر امریکہ کو کہا کہ ہم امریکہ سے بھی دوستی کریں گے لیکن غلامی نہیں کریں گے۔ یہ ہے وہ خودی، یہ ہے وہ self-esteem جس کی بات عمران خان کرتے ہیں۔ چیئرمین صاحب! میں اپنی بات ختم کرنے لگا ہوں۔ آخری باتیں کر رہا ہوں۔ جس طرح وہ کہتے ہیں کہ "ایسے دستور کو صبح نور کو میں نہیں مانتا، میں نہیں مانتا"۔ یہ کون گاتا تھا؟

Mr. Chairman: Thank you.

سینیٹر فیصل جاوید: یہ شہباز شریف، وزیراعظم شہباز شریف۔ جن کے یہ scripts چل رہے ہیں۔

Mr. Chairman: Thank you.

سینیٹر فیصل جاوید: جناب! میں آخری بات کر رہا ہوں۔ اس پر اپنی بات ختم کرتا ہوں۔ میں ہمیشہ یہ بات اپنی تقریر کے آخر میں کرتا ہوں کہ قرآن پاک کی آیت ہے، اللہ نے ہمیں حکم دیا ہے کہ زمین پر عدل قائم کرو۔ یقین کیجیے ہم جو مرضی ہے کریں، جب تک ہم انصاف کی طرف گامزن نہیں ہوں گے، عدل پر مبنی معاشرہ لے کر نہیں آئیں گے، ہم کبھی بھی نہ اس دنیا میں اور نہ آخرت میں کامیاب ہو سکتے ہیں۔ ہمیں انصاف کے راستے پر جانا ہے۔ جناب چیئر مین! بہت بہت شکریہ۔

جناب چیئر مین: سینیٹر نور الحق قادری صاحب۔

**Senator Noor ul Haq Qadri**

سینیٹر نور الحق قادری: شکریہ، عزت مآب چیئر مین صاحب آپ کا، آج جس ترمیم کے حوالے سے ہم یہاں بیٹھے ہیں اور بحث کر رہے ہیں، تو محترم وزیر قانون صاحب نے جس طریقے سے اس کو پیش کیا، ان الفاظ سے اور اس انداز سے، تو یہ لگ رہا تھا کہ اس ترمیم کی آج کے دن اور اس وقت اس قوم کو اتنی اشد ضرورت ہے کہ اگر یہ ترمیم نہ لائی جائے تو ملک کا، انسانیت کا، اور اس ملک کے عوام کا سارا نظامِ حیات رک جائے گا۔ چیئر مین صاحب، 1973 کے متفقہ آئین پر بے شمار حملے ہو گئے ہیں اور یہاں پر Floor of the House ان ترامیم کو دہرایا گیا۔ جب 1973 کے متفقہ آئین کو اور جس آئین کو شہید ذوالفقار علی بھٹو اور اُس وقت کی Joint Opposition علامہ شاہ احمد نورانی صاحب، مفتی محمود صاحب، پروفیسر غفور احمد صاحب، خان عبدالولی خان صاحب اور محبِ وطن رہنماؤں کی ایک بڑی لمبی فہرست ہے، اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند فرمائے، جن کی کوششوں اور کاوشوں سے 1973 کا آئین پاکستان معرض وجود میں آیا۔ اس کے بعد بے شمار حملے ہو گئے۔ چیئر مین صاحب، آپ Prime Minister تھے، آپ کی نگرانی میں، آپ کی facilitation سے، یہاں پر دونوں Houses میں بارہ مہینے کی ان تھک کوشش اور محنت کے بعد اٹھارویں ترمیم کا مسودہ پیش آیا، جس نے ان سارے لوگوں کو ابھی Ishaq Dar صاحب ادھر موجود تھے، رضا ربانی صاحب اس وقت یہاں موجود نہیں ہیں ان سارے لوگوں کی کوششوں اور کاوشوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ لیکن جو موجودہ ترامیم کے شکل میں اور جس طرح Law Minister نے اصلاح احوال کا نام دے کر جس طریقے سے 1973 کے آئین پر، آئین پاکستان پر جتنے حملے ہو گئے ہیں، یہ حملہ ان سب حملوں میں سے خطرناک اور بدترین حملہ ہے۔

میں گزارش کروں گا کہ نظریہ ضرورت ہمارا خیال تھا کہ مرحوم مغفور شریف الدین پیرزادہ صاحب کے بعد یہ نظریہ دفن ہو چکا ہے، ہمارے وزیر قانون نے اس نظریے کا دوبارہ احیا کر دیا ہے اور ہر آمر کے لیے، ہر dictator کے لیے، اس کی من پسند دوا جو ہے تجویز کرنے کا formula بنا دیا ہے۔ میں گزارش کروں گا کہ اکثریت کے بل بوتے پر آپ اس Bill کو pass کریں گے، آپ نے پاس کرنا ہے، یا کل کرنا ہے، یا پرسوں کرنا ہے، لیکن ملک کے آئین میں ایک بہت بڑے dent ڈالنے کے لیے اور اس طرح کہ جس سے آئین کا تمام خدوخال اور حلیہ بگڑ جائے، اس کے لیے ایک سیر حاصل گفتگو اور بحث کی ضرورت ہے، افہام و تفہیم کی ضرورت ہے، معاشرے کے تمام طبقوں کو ساتھ لینے کی ضرورت ہے، جو یہاں پر مسلسل مفقود نظر آتی ہے۔ آپ اکثریت کے ساتھ کریں گے، لیکن کون سی اکثریت؟ جھوٹا mandate؟ bogus اکثریت؟ جعلی حکومت؟ اور سب کو پتا ہے بقول اچکزئی صاحب میری نانی کو بھی پتا ہے سب کو پتا ہے کہ بابا آدم علیہ السلام اور حوا بی بی کے زمانے سے آج کے دن تک اتنا بڑا fraud اور دھوکا اور دھاندلی نہیں ہوئی جو 8 فروری 2024 کو ہو گئی ہے۔ اس اکثریت کے ساتھ، اس جعلی اکثریت کے ساتھ آپ اتنے بڑے فیصلے کرنے جا رہے ہیں جمہوریت کے، ریاست کے جو pillars ہیں، ایک pillar مقنّنہ، دوسرے pillar عدلیہ کی آزادی پر حملہ کر رہا ہے، اس کی آزادی کو چھینا جا رہا ہے اور High Court and Supreme Court کے معزز ججوں کے تقرری اور تبادلے کو DC, Assistant Commissioner کی طرح ایک حکومت اور انتظامیہ کے سپرد کیا جا رہا ہے۔

میں چاہتا ہوں جو لوگ استثنٰی چاہتے ہیں جو لوگ تاحیات رہنا چاہتے ہیں، تاحیات رہنے والوں کیلئے اللہ تعالیٰ کی ذات جب حضرت انسان کو نعمتیں دیتا ہے بصارت کی نظر کی، سماج کی کانوں کی، پاؤں کی طاقت کی، ہاتھوں کی طاقت کی وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ وہ نعمتیں ایک ایک کر کے واپس لیتا ہے اور آپ ایسا ایک قانون جس سے اس عہدے کے ساتھ چمٹنے کا ایک تصور ہے، یہ تصور آپ کے اس Hall کے دیوار پر اللہ عزیز، الجبار، المتکبر، سورۃ حشر کی یہ آخری آیات میں اللہ تعالیٰ کے اسمائے عزیز اور جبار اور متکبر وہ ذات ہے وہ جب لیتا ہے کس طرح لیتا ہے، یہ کوئی گھمنڈ نہ کرے۔ ایک محترمہ نے بتایا تھا کہ مجھے یہ اقتدار اور حکومت اللہ نے دی ہے، یہ اللہ پر افترا ہے (عربی) جو اللہ پر جھوٹ باندھتا ہے اور منصوب کرتا ہے اس سے بڑا کوئی ظالم نہیں۔ سب کو پتا ہے کہ 8 فروری

2024 کو آپ کو mandate کس نے دیا تھا، اللہ کے حکم، اللہ تعالیٰ کی مرضی، اللہ تعالیٰ کے عدل انصاف کے نظام کے خلاف اس کرسی پر آپ براجمان ہو گئے ہیں۔

ایک گزارش کروں گا یہ سب کچھ جو ہو رہا ہے اس کا پس منظر کیا ہے، اس کے پیچھے عوامل کیا ہے، وجوہات کیا ہے، ایک خوف ہے اور اس آدمی کا خوف ہے، وہ جیل کے اندر سلاخوں کے پیچھے آپ کی راتوں کی نیندیں حرام کرکے بیٹھا ہے اور آپ سب کچھ کرنے کے لیے تیار ہو گئے ہیں۔ میں گزارش کروں گا کہ اس ترمیم کی آڑ میں جس طریقے سے عدلیہ کی آزادی پر حملہ کیا گیا اور جس طریقے سے chain of Command یہ حساس بات ہے لیکن ضروری بات ہے کہ mention کی جائے وہ یہ کہ وہ rotation کا جو ایک Chairman Chief of Joints Committee کا ایک کردار تھا اس کو ایک فرد واحد کو خوش کرنے کے لیے آپ اس ایک طرف اس کو منتقل کر رہے ہیں اور اس کو آپ آئین کا shelter اور چھتری دے رہے ہیں۔ بالفاظ دیگر، دیگر مسلح افواج کو جو rotation پر Chairman بننے کا استحقاق تھا اس استحقاق کو سلب کر رہے ہیں۔ یہ احساس ملک میں محرومی کو فروغ دے گا اور اس نفرتوں کو فروغ دے گا جو کسی بھی طور پر ایک احسن اقدام نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔

سینیٹر نورالحق قادری: یہاں پر ہمارے محترم جن کی تقریر کو میں بہت غور سے سنتا ہوں پرویز رشید صاحب جو سلجھے ہوئے الفاظ کے ساتھ، سلجھی ہوئی گفتگو کرتے ہیں، انہوں نے کہا کہ آپ بات شروع کرتے ہیں تو ایک شخص کی رہائی پر اور گرفتاری پر کرتے ہیں۔ ہاں ہم کرتے ہیں اور کرتے رہیں گے، پاکستان کی عزت اور رسوائی اس شخص کی رہائی اور گرفتاری کے ساتھ ہے۔

آپ نے صرف ایک بندے کو گرفتار نہیں کیا ہے، آج اس ترمیم کے ساتھ آئین پاکستان کو گرفتار کر رہے ہیں۔ آزاد عدلیہ کو آپ گرفتار کر رہے ہیں۔ میں معذرت کے ساتھ آج علامہ محمد اقبال کی روح کے ساتھ معذرت کے ساتھ شاعر مشرق، فلسفی، صوفی، سیاستدان، پاکستان کے خواب دیکھنے والے متحرک کردار علامہ محمد اقبال کا آج یوم پیدائش ہے۔ اس یوم پیدائش پہ ہم اقبال کے خواب

والے پاکستان کے ساتھ کیا کرنے جارہے ہیں۔ اس لیے ہم معذرت کرتے ہیں۔ اقبال کی روح سے ہم شرمندہ ہیں۔ اقبال کی روح کے سامنے جس نے تو یہ کہا تھا کہ

جس کھیت سے دہقاں کو میسرّ نہیں روزی

اُس کھیت کے ہر خوشئہ گندم کو جلادو

کیوں خالق و مخلوق میں حائل رہیں پردے

پیرانِ کلیسا کو کلیسا سے اُٹھادو

میں ناخوش و بیزار ہُوں مَرمَر کی سِلوں سے

میرے لیے مٹّی کاحرم اور بنادو

سینیٹر نور الحق قادری: سُلطانیِ جمہور کاآتا ہے ان شاء اللہ، 804 تسبیح والاآئے گا، سُلطانیِ جمہور کاآتا ہے زمانہ، جو نقشِ کُہن تم کو نظر آئے، مٹادو۔ یہ آپ کی ساری ترامیم تہس نہس ہو جائیں گی اور ملیامیٹ ہو جائیں گی، ان شاء اللہ اس کے آنے کاانتظار ہے۔

جناب چیئرمین: سینیٹر سرمد علی صاحب۔ طلحہ محمود صاحب آپ بولیں۔

**Senator Muhammad Talha Mahmood**

سینیٹر محمد طلحہ محمود: اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطَانِ الرَّجِیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ نَحمَدُہٗ وَنُصَلِّی عَلَی رَسُولِہِ الکَرِیم۔ میں آج اس معزز ایوان میں جو اس وقت انتہائی اہم آئینی ترمیم کے حوالے سے بات چیت ہو رہی ہے، جس میں اس کا مقصد ریاستی ڈھانچے کو مضبوط کرنا، ادارہ جاتی توازن کو قائم رکھنا، پاکستان کے مستقبل کو آئینی استحکام دینا، یہ ترمیم میرے خیال سے وقت کی ضرورت ہے اور وقت کے ساتھ ساتھ تبدیلیاں ضرورت ہوتی ہیں اور اس وقت جو پاکستان ایک اندرونی اور بیرونی challenges سے ہم کنار ہے، ساری دنیا جانتی ہے کہ اس وقت پاکستان چاروں طرف سے دشمنوں کے درمیان گھرا ہوا ہے۔ جو آپ نے پچھلے دنوں دیکھا انڈیا کے ساتھ جو حالات ہوئے اور اس

کے بعد جو اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو عزت عطا کی اور اس کے فوراً بعد جو proxy war انڈیا نے افغانستان کے through شروع کی وہ بھی آپ کے سامنے ہیں۔

میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت جو ہمارا court کا نظام ہے، Federal Constitutional Court جو کہ اس وقت پاکستان میں ایک آئینی معاملات کے لیے خصوصی فورم فراہم کرتی ہے اور یہ میں سمجھتا ہوں کہ ایک بڑی تاریخی اصلاح ہو گی اور آئینی تنازعات کو حل کرنے کے لیے ایک الگ عدالت کا ہونا بڑا ضروری ہے کیونکہ جیسا کہ آپ سب کو معلوم ہے کہ اس وقت عدالتوں کے اوپر بہت زیادہ pressure ہے اور ہزاروں کے حساب سے cases اس وقت pending ہے۔ تو اس صورت حال کے اندر ہمیں ایسے اقدامات کرنے کی ضرورت ہے جس سے عدالتوں کے اوپر جو اُس کا بوجھ ہے وہ کم ہو اور سپریم کورٹ انتظامی اور قانونی مقدمات کی طرف غور کر سکے۔

وفاق اور صوبوں کے درمیان جو تنازعات ہیں ان کو حل کرنے کے لیے ایک آئینی عدالت کا ہونا، اُس کی خود مختاری صوبائی خود مختاری کو محفوظ کرتی ہے۔ SSC میں judges کی تقرری کے نئے اصول شفافیت پر مبنی ہیں۔ عدالتی اداروں کے درمیان check and balance کا ایک نظام سامنے لاتے ہیں لیکن میں ادھر ایک بات ضرور کرنا چاہوں گا کہ ہمارا اس وقت جو سب سے زیادہ مسئلہ ہے ہماری National Security کا ہے اور اس میں جو Marshal Airforce, Field Marshal and Admiral of the fleet کو جو تا حیات اعزازی حیثیت، مراعات اور فوجی یونیفارم برقرار رکھنے کی اجازت دی جارہی ہے، تو میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت جو پاکستان جس مشکل مرحلے سے گزر رہا ہے اور اس وقت دونوں طرف سے دشمنوں کے درمیان گھرا ہوا ہے اور ایک unexpected افغانستان کا جو رویہ ہمارے سامنے آیا، وہ سب کے سامنے ہے کہ جس کی وجہ سے پاکستان کو بہت زیادہ نقصان پہنچا ہے۔

میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت ہمیں اپنی فوج کو بہت مضبوط کرنے کی ضرورت ہے کیونکہ اگر یہ فوج مضبوط ہو گی تو یہ ملک بھی مضبوط ہو گا اور ملک بھی محفوظ ہو گا۔ میں اس موقع سے فائدہ اٹھا کے ایک بات ضرور کرنا چاہوں گا کہ ایک بات تو ہم ہمیشہ کرتے ہیں کہ صوبوں میں شفافیت کے

ساتھ تقسیم یعنی NFC Award کے حوالے سے لیکن اُس سے آگے جو تقسیم ہے اُس کے بارے میں ہم کچھ نہیں کہتے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ ضلعوں کے ساتھ، تحصیلوں کے ساتھ اور چھوٹے علاقوں کے ساتھ بہت ظلم ہوتا ہے جب اُن کے resources دوسروں علاقوں میں استعمال ہوتے ہیں جہاں پر حکومت کرنے والوں کی طاقت چلتی ہے۔

میں سمجھتا ہوں کہ اس کے اندر، آپ کے سامنے ہے کہ بہت سارے ایسے ڈسٹرکٹ ہیں جو ہمارے، بہت پیچھے رہ گئے ہیں۔ جس میں آپ کے سامنے کوہستان کا علاقہ ہے، چترال کا علاقہ ہے اور مختلف علاقے ہیں۔ پھر پنجاب کے جو علاقے ہیں Central Punjab, جنوبی پنجاب وہاں پر جو غربت کے حالات ہیں اور وہاں پر development کے حوالے سے جو funding لگی، یا تو funding لگی نہیں اور اگر لگی بھی تو کتابوں میں لگی اور کتابوں میں ختم ہو گئی۔

یہ بہت بڑا gap ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس کے اندر میری House سے درخواست ہو گی اور میں آپ سے درخواست کروں گا کہ

this House may authorize the Chairman Senate to constitute a Special Committee on the problems of development, tourism, infrastructure and against corruption in Chitral to investigate and report on matters of public importance relating to overall infrastructure development in Lower and Upper Chitral and the road network to Chitral including the Chakdara–Chitral Road and the Gilgit–Shandur Road. Promotion of tourism and sustainable economic activity in the region, and issues of governance, maintenance, and project implementation affecting public welfare and connectivity in Chitral.

اس موقع سے فائدہ اٹھاکے میں نے یہ ایک کمیٹی کی حوالے سے تجویز پیش کی ہے تو یہ میری اس حوالے سے گزارش ہو گی کہ جس طرح باقی علاقے development کے مستحق ہیں، اسی طرح یہ علاقے بھی development کے مستحق ہیں اور اس وقت جو ہماری

Constitutional amendmentsآ رہی ہیں ، اس میں صوبے اور صوبے کے ساتھ ساتھ ضلعے اور تحصیلیں، even نیچے یونین کونسل تک اِس development fund کی تقسیم اور فراہمی ایک انصاف کے ساتھ ہونی چاہیے۔

جو میں نے House سے ایک درخواست کی ہے، تو میری یہ request ہے کہ ایک Committee constitute کی جائے جس کے اندر ہم یہ سارے کام کر کے آپ کو اور House کو report پیش کریں۔ میرے ساتھ سینیٹر روبینہ خالد اور سینیٹر سرمد صاحب بھی ہیں۔

جناب چیئرمین: سیف اللہ ابڑو صاحب۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: He was having a temperature so he had to leave. دیکھیں، ایمل ولی خان صاحب بول چکے تھے ابھی اور پارلیمانی لیڈر بیٹھے ہیں۔ آپ کسی کا جواب دینا چاہیں گے تو میں بعد میں دے دوں گا مگر پہلے بات ہونے دیں۔

**Senator Saifullah Abro**

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: بہت شکریہ چیئرمین صاحب۔ Actually یہاں کل سے ماشاءاللہ کافی دوستوں نے discuss کیا ہے۔ میرے خیال میں وہی same باتیں دہرانے کا کوئی فائدہ نہیں ہے، کافی دوستوں نے اس پر discuss کیا ہے۔ ہر حکومت کا حق ہے، جو بھی حکومت جس بھی طریقے سے آئی، جیسے بھی آئی، وہ قانون سازی یا amendment یا جو بھی ہے، وہ پیش کرتی ہے۔ جو لوگ اپوزیشن میں ہیں یا حکومت کے دوست ہیں، وہ اس پر discuss کر سکتے ہیں۔ تو یہ قانون سازی کوئی پہلی مرتبہ نہیں ہوئی۔

میں حکومت کے دوستوں سے کہتا ہوں کہ آپ enjoy کریں۔ آپ یہ amendment لائیں ہیں اس کو pass کرائیں۔آپ بلاوجہ اگر Opposition کے لوگ اٹھتے ہیں، ان کو disturb کرتے ہیں، بولنے نہیں دیتے۔ ایک دن یا چند گھنٹوں کی بات ہے، ویسے بھی یہ pass ہو جائے گی۔

یہاں سے جو بھی دوست بولتے ہیں تو بیچ میں cross talk کیا جاتا ہے۔ جناب چیئرمین! within House, overall آپ ماشاءاللہ ہم سب سے senior ہیں جو یہاں پر ممبرز بیٹھے ہیں۔ آپ کبھی بھی کسی کو کہہ سکتے ہیں ruling دے کر House سے نکل جائیں یا کہہ دیں کہ اس کو House سے نکالو۔ یہاں mostly یہ ایک رواج بن گیا ہے کہ کچھ دوست اُٹھتے ہیں، جذباتی ہو جاتے ہیں ان کو نکالو۔ آپ اپنا کام کریں amendment لائیں اس پر کام کریں، باقی کسی بات میں نہ پڑیں۔

میں زیادہ amendment پر اس وجہ سے بات نہیں کر تا کیونکہ ہمارے Parliamentary Leader نے اتنی اس پر بات کی ہے وہ ہمارے Leader ہیں۔ انہوں نے جیسے سمندر کو کوزے میں بند کر دیا۔ ابھی میں بات کروں گا تو کوزے کا ڈھکن کھل جائے گا۔ پھر پانی آ جائے گا۔ پھر زیادہ پانی آ جائے گا۔ پھر flood آ جائے گا، پھر لڑائی ہو جائے گی۔ میں نہیں چاہتا آپ کے enjoy کرنے کا موقع ہے آپ مشکل سے ساتھ ملے ہیں۔ آج شام آپ کا dinner ہے۔ اس کو آپ enjoy کریں، بہتر ہے کہ بجائے پھر آپس میں لڑ پڑیں، جیسے دو صوبے چند دنوں تک آپس میں لڑ رہے تھے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: جناب والا! میں آ جاتا ہوں۔ بات تو کرنے دیں۔

**(مداخلت)**

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: جناب چیئرمین! جیسے خواجہ آصف صاحب کو۔۔۔اس کو تھوڑا پان کھلائیں۔ یہ چپ رہیں ناں۔ عادت ہے آپ کو۔ آپ بیٹھے ہیں اتنے قابل ہیں اس دن قانون اٹھا کر سب کو پڑھا رہے تھے۔

Mr. Chairman: Please address the chair.

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: نہیں، نہیں آپ کو ہی address کر رہا ہوں۔ جناب چیئرمین! اس دن آپ نہیں تھے کبھی آپ نے نہیں سنا ہوگا۔ آپ Speaker بھی رہے ہیں ماشاءاللہ بڑے House کے۔ یہاں بھی آپ Chairman ہیں،PM بھی ماشاءاللہ آپ سے زیادہ کسی کو تجربہ نہیں۔ کبھی آپ نے نہیں سنا ہوگا اس history میں کہ کوئی supplementary question ہو تو اس پر قانون بتایا جائے۔ پانچ چھ لوگ اٹھ کر کھڑے ہوئے، نہیں ہونا چاہیے تھا۔ میں آ جاتا ہوں اپنے Parliamentary Leader کی بات پر اس نے بہت ہی باتیں کیں۔ مجھے خوشی ایک بات پر ہے کہ Government کے سب دوست ہمارے Parliamentary Leader سے بڑے خوش ہیں۔ Parliamentary Leader کے ساتھ سب نے خوبی بیان کی۔ سینیٹر پرویز رشید صاحب نے بھی کہا کہ ان کے والد صاحب بھی ہمارے دوست تھے، خود بھی اچھے آدمی ہیں۔

میں آپ سے التجا کرتا ہوں کہ ہمیں وجہ بتا دیں کہ آپ کی جتنی علی ظفر سے محبت ہے، اتنی ہم سے محبت کیسے پیدا ہو سکتی ہے؟ ہم بھی وہ کام کر لیتے ہیں، آپ تھوڑا ہمیں بھی بتائیں تو سہی۔ آپ سینیٹر حامد خان صاحب سے بھی ویسے ہی محبت کریں۔ مجھے بھی وہ چیز یاد آئی۔

(مداخلت)

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: نہیں غلط ہے، سمجھاؤ ناں۔ اچھی بات نہیں ہے۔ دیکھیں پھر آپ خود دو لفظ برداشت نہیں کر پاتے ابھی کیا کریں۔

جناب چیئرمین: سینیٹر فاروق حامد نائیک صاحب، ویلکم۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: جناب چیئرمین! لیکن مجھے وہ وقت بھی یاد ہے جب پارلیمنٹ کا joint session ہوا تھا کوئی ڈیڑھ سال پہلے۔ جب خواجہ آصف صاحب نے ہماری lady senators کو گالیاں دی تھیں تو اس وقت بھی ہمارے Parliamentary Leader علی ظفر صاحب اٹھے تھے۔ مجھے وہ وجوہات یاد آ رہی ہیں۔ جب خواجہ آصف نے گالیاں دیں تو Parliamentary Leader کا کام تھا کہ اس کو جواب دیتا۔ ہمارے Parliamentary

Leader نے تاریخی الفاظ بولے تھے۔ اس نے کہا کہ خواجہ آصف کے جو والد صاحب ہیں وہ میرے والد صاحب کے دوست تھے۔ ایاز صادق صاحب میرے دوست ہیں، لہٰذا یہ دوستی سمجھ میں آتی ہے۔ لیکن ہم چاہتے ہیں کہ ہم باقی بھی آپ کے دوست، بھائی ہیں ہم سے بھی تھوڑی محبت تو کریں۔ کم از کم اتنا برداشت تو کریں جتنا جس کا tenure ہے۔

جناب چیئرمین! حکومت جو بھی ہوتی ہے وہ قانون سازی کرتی ہے۔ آپ کو یاد ہوگا، ہمارے دور میں بھی ہمارے ایک، اللہ ان کو جنت نصیب کرے جو ہمارے Law Minister تھے فروغ نسیم صاحب وہ بھی قانون سازی کرتے تھے، حالانکہ انہوں نے کبھی تنظیم سازی نہیں کی۔ انہوں نے قانون سازی کی۔ ابھی بھی ہوتے ہیں، زندہ ہیں فروغ نسیم صاحب۔ اچھا زندہ ہیں، مجھے پتا نہیں تھا۔ جناب والا! میں حکومت کو کہوں گا کہ۔۔۔ کس کا جی۔

(مداخلت)

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: آپ تو مجھے بولنے دو نا۔ آپ چھوٹی چھوٹی چڑیا ہو، بیچ میں بول دیتی ہو۔

Mr. Chairman: Please address the chair.

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: دیکھیں، میں اپنے سیدھے دوستوں سے کہوں گا، یہاں پر اچھی بات نہیں ہوتی آپ کے سامنے۔ میرے خیال میں میں آپ کو ایک التجا بھی کرتا ہوں۔ یہاں ایک بات کی گئی ضیاء الحق کے حوالے سے۔ ٹھیک ہے کسی کو سو اختلاف ہو تو میں نے بھی speeches کی ہیں۔ کوئی کہتا ہے کہ مرد مومن مرد حق، کوئی کہتے تھے کہ یہ شہید بھٹو کا قاتل ہے۔ یہ دو ہنس بھی رہے ہیں، چپ بھی ہیں۔ مجھے پتا نہیں کہ ان کی یادداشت کم ہو گئی ہے لیکن میں ابھی 56 میں ہوں۔ میں نے کتابوں میں پڑھا ہے کہ جب یادداشت کم ہو جائے تو بادام کھانے چاہیے۔ بادام کھانے سے یادداشت آ جاتی ہے۔ یہاں کافی دوست ہیں، آپ کو کوئی اور چیز کھلاتا ہوں تاکہ آپ خاموش رہیں۔

(مداخلت)

جناب والا! بات یہ ہے کہ یہاں بات کی گئی judges کی یا ان کی میں کسی نہیں پڑتا، یقین کریں اگر کسی دوست کو تکلیف ہو۔ جن کو ثاقب نثار کا time یاد ہے۔ میں نہ ثاقب نثار کا نہ رشتہ دار ہوں، نہ اس کا وکیل ہوں۔ اُن لوگوں کو یہ یاد کرنا چاہیے کہ 1997 میں جسٹس ملک قیوم ایک تھا، اُس نے شہید محترمہ بے نظیر بھٹو اور ہمارے ابھی جو سپریم کمانڈر ہیں آصف علی زرداری صاحب کو 1999 میں سزا لاہور ہائی کورٹ میں کس نے سنائی تھی۔ میرا بھائی میرے بابا کی عمر کا ہے شاہ صاحب انہوں نے بڑی جذباتی speech کی، شاید وہ یا تو بھول گئے ہیں۔ ابھی جو آپ کے سپریم کمانڈر ہیں اس کو 1999 میں سزا کس نے دی تھی۔ وہ audio leak کیسے ہوئی تھی؟ جسٹس قیوم کے ساتھ بات کون کر رہا تھا کہ بے نظیر صاحبہ کو سزا دیں؟ بے نظیر صاحبہ سب کی لیڈر ہیں، وہ سب کی ماں ہیں اس کی وجہ سے آپ لوگ یہاں بیٹھے ہیں۔ وہ آپ کو یاد ہونی چاہیے۔

(اس موقع پر ایوان میں ڈیسک بجائے گئے)

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: بلاوجہ آپ حکومت کے شوق میں پڑ گئے ہیں۔ بے شک وہ 100 amendments لائیں ہمیں کوئی فرق پڑتا۔ بے نظیر صاحبہ کو نہ بھولیں۔ شاید آپ اُس کو بھول چکے ہیں۔ 2001 میں سپریم کورٹ نے اس decision کو ختم کیا۔ اُس نے کہا کہ یہ biased ہے۔ مجھے پیپلز پارٹی کے دوستوں پر افسوس ہوتا ہے کہ اپنے اُس time کا جو بیان آتا ہے وہ نکالیں۔ محمد اکرم جسٹس قیوم کے والد تھا وہ جج تھا۔ یہ پیپلز پارٹی کا narrative تھا کہ 1979 میں جب بھٹو صاحب کو پھانسی ہوئی تھی انہوں نے جج کی حیثیت سے اس نے بھی decision دیا تھا کہ بھٹو کو پھانسی دی جائے۔ کیا ہو گیا ہے آپ لوگوں کو۔ چھوڑیں ان کو، جو بھی بات ہے۔ یہاں پر کسی بندے نے کہا کہ ضیاء الحق قتل کرکے نکلا۔ ابھی کسی نے کہا کہ ضیاء الحق عمران خان کے لیے ان کا باپ ہے۔ کون کہتا تھا کہ ضیاء الحق کس کا باپ ہے 1985 سے۔ عمران خان کو اتنا target نہ بنائیں۔

میں آپ سے التجا کرتا ہوں کہ یہ شاید آپ کے مولوی صاحب بیٹھے ہیں، جو بھی ہیں ناں۔ قرآن شریف یہاں پر لائیں میں حلف اٹھاتا ہوں پہلے کہ میرا خان، میرا لیڈر عمران خان honest ہے جس کو آپ نے جیل میں بند کیا ہے۔ آپ میں سے جس میں ہمت ہے تو اپنے

leadershipکی آ کر یہاں قسم اٹھائیں۔ آئیں ادھر ابھی میں وضو سے ہوں۔ میں ابھی نماز پڑھ کر آیا ہوں۔ چھوڑو بابا، آپ اپنی قانون سازی کریں جو آپ amendment لائیں ہیں خان سے غصے کو کم کریں۔ اچھی بات نہیں ہے۔ ابھی یہاں کوئی کہہ رہا ہے عمران خان کا باپ ہے ضیاء الحق۔ وہ ضیاء الحق ہے۔ خان صاحب نے سیاست 1996 میں شروع کی ہے۔ ضیاء الحق 1988 فوت ہو گیا ہے۔ یہ کیا ہوا، سیاسی باپ کا آ جاتا ہے ناں۔ ویسے تو ہر کوئی اپنے باپ کی اولاد ہے۔ وہ 1988 میں فوت ہو گیا۔ خان صاحب نے سیاست کی 1996 میں۔ ضیاء الحق ان کا باپ ہے جنہوں نے 1985 میں سیاست start کی تھی۔ ان کا باپ ہے ضیاء الحق۔ عمران خان کا نہیں ہے۔ تماشا بناتے ہیں یہاں پر بیٹھ کر۔ گالیاں سننے کے لیے نہیں بیٹھے۔ Amendment ہے آپ کا حق ہے، لائیں کل pass بھی ہو جائے گی۔ کوئی issue نہیں ہے۔ لیکن اس کے لیے تھوڑا کہ آپ کو time نہیں ملا۔ باقی آپ جتنے بڑے لیڈر ہیں دو دن پہلے میں نے دیکھا تھا خوش قسمتی آپ لوگوں کی کہ آپ کو سینیٹر سید علی ظفر جیسا Parliamentary Leader ملا ہے۔ جس سے آپ کی محبت ہے۔ آپ اس کی leadership کو enjoy کریں۔ لیکن ایسا نہیں ہے کہ ہمارے پاس زبان نہیں یا ہم بات نہیں کر سکتے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: بہت شکریہ۔

(مداخلت)

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: جناب چیئرمین! صحیح ہے۔ بے شک کوئی بات نہیں ہے۔ میں صرف اتنا ہی چاہتا ہوں کہ amendment ہے۔ آپ دل بڑا رکھیں۔ اسحاق ڈار صاحب بیٹھے ہیں ابھی amendment نہیں آئی تھی تو اسحاق ڈار صاحب نے یہی کہا تھا کہ سب discuss کریں۔ واقعی ہو، سب دوست بول رہے ہیں، اس میں کون سی قباحت ہے؟ جس کا جو opinion ہے بولے لیکن میری اتنی گزارش ہے کہ اتنے انقلابی leader کم بنے۔ اپنی یادداشت سب کی ہونی چاہیے۔ باقی کام جس کا اپنا ہو گا، سب وہ اپنا کرے گا۔ جو حکومت کا کام حکومت کا ہے، opposition کا کام opposition کا ہے۔ یہ کبھی نہیں ہو سکتا کہ ہم ایک دوسرے کی صحیح بات کو بھی مانیں۔

لہٰذا ان کا جو عمران خان پر اتنا غصہ ہے اسے کم کرنا چاہیے۔ اتھارٹی کا ہمیں بھی پتا ہے، یہ ابھی جو بڑے بڑے champion بنے ہوئے ہیں، ابھی ہمارا Chief Minister خیبر پختونخوا سے آیا اس نے کہا کہ میں نے خان صاحب سے ملاقات کرنی ہے تو Prime Minister کہتے ہیں کہ میں کوشش کرتا ہوں۔ جب آپ ایک ملاقات نہیں کروا سکتے ہیں تو پھر champion کس بات کے بنتے ہیں، ہمیں آپ لوگوں کا پتا ہے۔ آپ اس چیز کو چھوڑیں، آپ اپنی amendment enjoy کریں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ سینیٹر ڈاکٹر افنان اللہ خان صاحب۔ جی سینیٹر روبینہ خالد صاحبہ۔

سینیٹر روبینہ خالد: شکریہ، جناب چیئرمین! there should be a time limitation for whatever one wants to say, کیونکہ اس پر لوگ focused رہیں گے اور مطلب کی بات کریں گے، ادھر ادھر کی باتیں نہیں کریں گے، there should be a time limit, whatever one wants to say اس مقررہ وقت کے اندر بات کریں اور to the point کریں۔

جناب چیئرمین! دوسری بات یہ ہے کہ یہاں میرے قابل قدر بھائی نے قرآن پاک کا ذکر کیا، قرآن پاک پر ہم سب کی جان قربان ہے، وہ ہم سب کے لیے مشعل راہ ہے، ہم اس سے سیکھتے ہیں، وہ اس لیے نہیں اتارا گیا کہ ہم اس پر قسمیں کھائیں، تو مہربانی کرکے یہ trend نہیں ہونا چاہیے۔ شکریہ۔

**(مداخلت)**

جناب چیئرمین: جی سینیٹر افنان اللہ صاحب۔

**<u>Senator Dr. Afnan Ullah Khan</u>**

سینیٹر ڈاکٹر افنان اللہ خان: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ، جناب چیئرمین! کچھ باتیں اپوزیشن کی جانب سے بار بار کی گئی ہیں، میں انہیں address کرنا چاہ رہا تھا۔ ہم نے آج سنا کہ اپوزیشن نے بڑی لمبی لمبی تقاریر کیں کہ قیدی نمبر ۸۰۴ کے یہ مسائل ہیں، جیل میں یہ مسائل ہیں،

فارم ۷ ۴ کی کہانیاں ہمیں سنائی گئیں مگر اللہ کے فضل سے کسی ایک بندے نے بھی تقریر میں یہ نہیں بتایا یہ جو ستائیسویں آئینی ترمیم ہے اس میں کیا چیز ٹھیک نہیں ہے یا اس میں کیا تبدیلی لائی جائے کیونکہ آپ لوگوں نے صرف ادھر ادھر ادھر کی باتیں کی ہیں۔ آپ لوگوں نے اس ملک اور قوم کا صرف وقت ضائع کیا ہے۔ آپ مجھے بتائیں کہ آپ کے سینیٹ کے لوگ باہر گھومنے پھرنے تو جاتے ہیں، تنخواہیں بھی پوری لیتے ہیں مگر کمیٹی کی meetings میں آپ لوگ نہیں آتے ہیں۔ یہ کون سا طریقہ ہے، یہ کون سے جمہوریت ہے جس میں آپ لوگ ساری تنخواہیں، perks and privileges بھی لیں مگر جب آپ کو کمیٹی میں اپنا کام کرنے کے لیے بلایا جائے تو آپ نہ آئیں۔

ان کے مطابق فارم ۷ ۴ کے بہت مسائل ہیں تو بھائی آپ یہ بتائیں کہ RTS کس نے بٹھایا تھا، کس علامہ نے RTS بٹھایا تھا یہ بھی تو قوم کو بتائیں۔ قوم کو یہ بتائیں کہ وہ کون سا علامہ تھا جو یہ کہتا تھا کہ میں ISI کو بولتا ہوں کہ بندے پورے کر کے دو۔ وہ جمہوریت کا champion کون تھا جو یہ کہتا تھا کہ میں ووٹ پورے کروانے کے لیے intelligence agencies کا نام لیتا ہوں۔ یہ آپ لوگوں کی performance تھی۔ پھر آپ لوگوں نے فرمایا کہ بہت تیزی سے Bill pass ہو رہا ہے۔

Mr. Chairman: Please address the Chair.

سینیٹر ڈاکٹر افنان اللہ خان: جی جناب۔ میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ نومبر 2021 میں joint session میں انہوں نے پندرہ منٹ میں 33 Bills pass کروائے۔ انہوں نے 2019 میں 11 Presidential Ordinances ایک ساتھ issue کیے، یہ آج ہمیں کہہ رہے ہیں کہ یہ جلدی میں ہو رہا ہے۔ آپ لوگوں کو اس وقت civil supremacy کا خیال کیوں نہیں آیا جب آپ کا وزیراعظم کہتا تھا کہ میں ایجنسیوں سے بندے پورے کرواتا ہوں، تب آپ سارے کے سارے کہاں تھے؟ جب یہ سارا غلط کام ہو رہا تھا اور ملکی جمہوریت کا بیڑا غرق ہو رہا تھا، تب آپ سب چپ کر کے بیٹھے ہوئے تھے۔ آپ لوگوں نے اپوزیشن کو جیلوں میں بند کیا۔ آپ لوگوں نے ہمارے لیڈر کو جیل میں بند کیا۔ آپ لوگوں نے اس ملک کے آئین اور قوانین کی دھجیاں اڑائیں، آج آپ لوگوں کو جمہوریت یاد آ گئی ہے کیونکہ آپ لوگ اپوزیشن میں ہیں تو آپ لوگوں کو جمہوریت

اچھی لگنی شروع ہو گئی ہے۔ آپ کو اس وقت جمہوریت یاد کرنی چاہیے تھی جب اس ملک کا RTS بیٹھا تھا۔ آپ کو اس وقت جمہوریت یاد نہیں آئی جب پانامہ کا فیصلہ آیا اور ثاقب نثار کی عدالت میں لوگوں نے عمران خان کے نعرے لگائے، تب اس عدلیہ کو بھی یاد کرنا چاہیے تھا۔ تب آپ لوگوں کو کوئی شرم نہیں آئی جب عدلیہ کے جج آپ کو بولتے تھے کہ چھوڑیں آپ باہر کیا خوار ہو رہے ہیں، آپ ہمارے پاس آئیں ہم آپ کا مسئلہ حل کرتے ہیں، کس عظیم جج نے یہ والی بات کی تھی، اب بتائیں۔ یہ سارے کالے کرتوتوں کی وجہ سے آئینی ترامیم آئی ہیں۔ اگر آپ کو سمجھ نہیں آ رہی کہ کیوں نہیں آئی ہیں، یہ آپ لوگوں اور عدلیہ کے گٹھ جوڑ نے اس ملک کی جمہوریت کا جنازہ نکالا، اس لیے اس ملک میں چھبیسویں اور ستائیسویں ترامیم آئی ہیں۔ پھر میں کہتا ہوں کہ :

منسوب چراغوں سے، طرف دار ہوا کے

تم لوگ منافق ہو، منافق بھی بلا کے

بات یہ ہے کہ اتنی بھی منافقت نہ کریں۔ اتنی منافقت نہ کریں کہ آپ کو 8 فروری کا الیکشن تو یاد آتا ہے مگر 25 جولائی کا الیکشن یاد نہیں آتا۔ کیا آپ مجھے بتائیں گے کہ ثاقب نثار نے اپنی عدالت میں کھڑے ہو کر یہ نہیں کہا تھا کہ اس نے ہمارے دو سینیٹرز کو کھڑے کھڑے نکالا، کیا ثاقب نثار کی ویڈیو موجود نہیں ہے جس میں وہ یہ کہتا ہے کہ میں چار پانچ MNAs and MPAs کو تو ایسے ہی فارغ کر دیتا ہوں۔ آپ کو وہ والی عدلیہ اچھی لگتی تھی جو آپ کے ساتھ سہولت کاری کرتی تھی، وہ عدلیہ اچھی تھی۔ وہ عدلیہ جو آپ کے لیڈر کو وزیراعظم بناتی ہے وہ اچھی تھی۔ 25 جولائی 2018 کا الیکشن ہوا اور کسی ایک بندے کو allow نہیں کیا کہ وہ Election Commission میں petition file کر سکے، آپ کو وہ والی عدلیہ پسند ہے۔ آپ کو وہ عدلیہ پسند ہے جو آپ کو طاقت میں لے کر آئے۔ آج یہ آئینی ترمیم ایک تاریخی اقدام ہے، اس اقدام کی وجہ سے وہ طاقتیں جو عدلیہ کے پاس چلی گئی تھیں وہ پارلیمان کے پاس واپس آئی ہیں۔

آپ مجھے بتائیں کہ Pakistan Judicial Commission میں کس کی نمائندگی ہے۔ پہلے جو Bench fixing ہوتی تھی جس پر آپ لوگ کہتے تھے کہ یہ عدلیہ بڑی آزاد

ہے کہ ثاقب نثار صاحب، کھوسہ صاحب، بندیال صاحب، یہ سارے کے سارے اپنے ساتھ اپنے دو جج دوستوں کو بٹھاتے تھے اور صبح سے شام تک اپنی مرضی کے فیصلے دیتے تھے۔ جناب چیئرمین! ایک فیصلہ میں آپ کے سامنے لانا چاہتا ہوں کہ 63A کا فیصلہ ثاقب نثار صاحب نے دیا اور یہ کہا کہ میاں محمد نواز شریف صاحب پارٹی کے لیڈر نہیں رہ سکتے کیونکہ آپ نے پارلیمان چلانی ہوتی ہے، کیونکہ پارٹی کے لیڈر نے بڑے بڑے فیصلے لینے ہوتے ہیں اور پھر قوم نے دیکھا کہ 2021 میں جب ہماری پنجاب میں حکومت گرائی جارہی تھی تو پھر اسی عدالت نے فیصلہ دیا کہ پچھلا والا فیصلہ بھی ٹھیک تھا اور اب پارلیمانی لیڈر فیصلہ کرے گا کہ کہاں ووٹ پڑنے ہیں، یہ پوری قوم نے دیکھا کہ پچھلی ثاقب نثار والی عدلیہ نے اس ملک کے آئین کی دھجیاں اڑائی ہیں۔ آج آپ لوگ کہہ رہے ہیں کہ ملک کا آئین ختم ہو گیا ہے۔ آج آپ لوگ کہہ رہے ہیں کہ چھبیسویں اور ستائیسویں ترامیم آئی ہیں۔ ان ترامیم سے پاکستان کی پارلیمان مضبوط ہوئی ہے۔ اس بات پر آپ لوگوں کو خوش ہونا چاہیے مگر بہتر ہوتا کہ آپ لوگ اسے پڑھ لیتے اور اسے دیکھ لیتے۔

جناب چیئرمین! بڑے افسوس کی بات ہے، میں آج یہ بات نہیں کرنا چاہ رہا تھا لیکن میں یہ بات ضرور کروں گا کیونکہ بار بار یہ بات ادھر سے کی گئی ہے۔ بات یہ ہے کہ ان کے وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی صاحب نے انتہائی اخلاق سے گری ہوئی باتیں کی ہیں اور افواج پر الزامات لگائے ہیں۔ مجھے اس بات کی بڑی تکلیف ہوئی ہے، وہ یہ کہتے ہیں مگر میں وہ دہرانا نہیں چاہتا کیونکہ وہ ریکارڈ پر آ جائیں گی لیکن انتہائی شرم ناک باتیں کی گئی ہیں۔ مسجد کے بارے میں، افواج کے بارے میں اور بہت ساری باتیں کی ہیں اور آپ لوگ کہتے ہیں کہ ہماری ملاقات نہیں کرائی جاتی۔ ملاقات نہیں کرائی جاتی تو آپ لوگ یہ حرکتیں کریں گے، اس ملک کی افواج کے 90% لوگ بھی آپ کی طرح مسلمان ہیں۔ کیسے ہو سکتا ہے کہ آپ کا وزیر اعلیٰ جو باتیں کہہ رہا ہے وہ سچ ہوں۔ بات یہ ہے کہ آپ ٹک ٹاک کی دنیا سے باہر آ جائیں۔ آپ بیانیہ بنانے کی دنیا سے باہر آ جائیں۔ ملک میں انتشار نہ پھیلائیں۔ ملک میں انتشار پھیلانے سے آپ لوگوں کو حکومت نہیں ملے گی۔

**(مداخلت)**

Mr. Chairman: No interference,

آپ اپنی باری پر بات کریں۔

سینیٹر ڈاکٹر افنان اللہ خان: آپ لوگ قربانیوں کی بات کرتے ہیں، میں جناب چیئرمین! آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ اس ایوان میں سینیٹر پرویز رشید بیٹھے ہوئے ہیں، سینیٹر مسرور احسن صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، سینیٹر اسحاق ڈار اور سینیٹر شیری رحمان صاحبہ بیٹھی ہوئی ہیں، بہت سے senior سیاست دان بیٹھے ہیں، آپ ان سے پوچھیں کہ تکالیف کیا ہوتی ہیں؟ آپ لوگوں کو تو پتا ہی نہیں ہے۔ 12 سال سینیٹر مسرور احسن صاحب نے جیل کاٹی ہے۔ آپ لوگوں نے کتنی جیلیں کاٹی ہیں، بتائیں؟ پرویز رشید صاحب کے ساتھ جو کچھ ہوا میں بیان نہیں کر سکتا، انہوں نے اس ملک کی جمہوریت کے لیے جتنی تکالیف اٹھائی ہیں اور آپ لوگوں کو تو تاریخ کا نہیں پتا، آپ لوگ سمجھتے ہیں کہ تاریخ شروع عمران خان سے ہوتی ہے۔ تاریخ عمران خان سے شروع نہیں ہوتی، نہ تاریخ عمران خان پر ختم ہوگی۔ بات یہ ہے کہ آپ کو اپنی تکلیف تو نظر آتی ہے مگر آپ لوگ عوام کو یہ نہیں بتاتے کہ Elections Act کے اندر جو تبدیلی کی گئی تھی، جس کی وجہ سے 8 فروری کو جو کچھ ہوا وہ کس جماعت نے کی تھی۔ کس نے کہا تھا کہ intra-party elections نہیں ہوں گے تو symbol نہیں ملے گا، یہ قانون کون لایا تھا؟ جب ہم نے آپ کو منع کیا تھا کہ یہ قانون نہ لائیں، ہم نے اس قانون کی ایوان میں مخالفت کی تھی اور کہا تھا کہ یہ قانون نہ لائیں، آپ یہ قانون لے کر آئے تھے اور اُس وقت آپ بہت خوش تھے، اُس وقت آپ ہم پر ٹھاٹے مارتے تھے۔ آپ کو آٹھ فروری کو پتا چلا کہ جو گڑھا آپ نے ہمارے لیے کھودا تھا، اس گڑھے میں آپ لوگ خود جا کر گرے ہیں۔

جناب والا! میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اپوزیشن کو چاہیے کہ وہ اپوزیشن کا role ادا کرے، انہیں چاہیے کہ وہ ہم پر تنقید کریں، وہ کمیٹیوں میں جا کر وہاں participate کریں، وہ اپنی اچھی inputs دیں۔ اگر یہ کمیٹی میں بیٹھے ہوتے تو شاید ان کی بہت ساری باتیں مانی جاتیں، یہ کمیٹی میں بیٹھے ہوتے تو ان کی بہت ساری ترامیم اس میں آ سکتی تھیں، یہ معاملہ اور لمبا بھی چل سکتا تھا لیکن بدقسمتی سے آپ یہاں آ کر populism کی باتیں کر رہے ہیں، sloganeering کی باتیں کر رہے ہیں جبکہ آپ عوامی مفاد کو بھلا چکے ہیں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: سینیٹر سرمد علی صاحب۔

**Senator Sarmad Ali**

سینیٹر سرمد علی: شکریہ، جناب چیئرمین۔ اصل چیز یہ ہے کہ پاکستان تحریک انصاف یا اُس طرف بیٹھے ہوئے دوست narrative building کے ماہر ہیں، انہیں جتنا narrative بنانا آتا ہے شاید ہی وہ کسی اور کو آتا ہو۔ وہ تو بلکہ Joseph Goebbels سے بھی آگے نکل گئے ہیں جس نے کہا تھا کہ جھوٹ اتنا بولو کہ سچ لگنے لگے۔ اگر ہم یاد کریں تو ان کی story 35 punctures سے شروع ہوتی ہے اور یہ وہاں سے ہوتے ہوئے چار حلقوں تک پہنچتی ہے، پھر پاناما آتا ہے، پھر بیرونی سازش آتی ہے، پھر neutral تو جانور ہوتا ہے کی بات ہوتی ہے، اس کے بعد ہم کوئی غلام ہیں آ جاتا ہے، پھر Form 47 آ جاتا ہے، پھر یہ آتا ہے کہ ہم نے 170 or 180 seats جیتی ہیں، پھر اس کے بعد یہ آتا ہے کہ گولی کیوں چلائی، پھر ان کو Blue Area میں ہزاروں لاشیں نظر آتی ہیں اور پھر 27$^{th}$ Amendment کہاں سے آ گئی، یہ ان کا نیا narrative ہے جس میں یہ کہہ رہے ہیں کہ عدلیہ کو کمزور کیا جا رہا ہے اور زیادہ برا حال کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے پتا نہیں اور کیا کیا بولنا ہے اور کیا کیا narrative build کرنا ہے۔ یہ اتنا جھوٹ بول رہے ہیں کہ لوگوں کو سچ لگنے لگ گیا ہے۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: Please no interference. Continue please.

سینیٹر سرمد علی: جناب والا! ان کی ظلم کی داستان۔۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: Leader of the House please.

**Senator Mohammad Ishaq Dar (Leader of the House)**

سینیٹر محمد اسحاق ڈار (قائد ایوان): شکریہ، جناب چیئرمین! میری دونوں اطراف سے مؤدبانہ گزارش ہے، یہ کوئی طریقہ نہیں ہے، ہم کئی لوگ ہیں جو پچھلے تیس تیس سالوں سے ان ایوانوں میں ہیں، کبھی ایسے نہیں ہوا۔ جناب چیئرمین! آپ اس اجلاس کے بعد سب کو lecture دیں، کوئی

discipline ہوتا ہے، ہم ایوان کی تذلیل کر رہے ہیں، میں دونوں اطراف کو کہہ رہا ہوں۔ کوئی بھی speaker ہو چاہے وہ اِس طرف سے ہو یااُس طرف سے ہو، اس کی بات سنیں، آپ کی باری آئے گی تو آپ جو مرضی کہیں۔ یہ مناسب نہیں ہے کہ ایک ممبر بات کر رہا ہے تو درمیان میں آپ نعرے بازی کر رہے ہیں اور فقرے کس رہے ہیں۔ میری دونوں اطراف کے بہن بھائیوں سے گزارش ہو گی کہ براہ مہربانی اس ایوان کے تقدس کا خیال رکھیں۔ جناب چیئرمین! اس اجلاس کے بعد آپ ضرور ایک lectureدیں۔ شکریہ۔

Mr. Chairman: Senator Falak Naz Sahiba, I would request you that now you should not interfere in any speech. When others are speaking, you should not interrupt otherwise

آپ کی تقریر بھی کوئی نہیں سنے گا۔ شکریہ، جی آپ جاری رکھیں۔

سینیٹر سرمد علی: جناب والا! ان کے ظلم کی داستان سن سن کر ہمارے کان پک گئے ہیں لیکن یہ کیا جانیں کہ ظلم کیا ہوتا ہے، ان کا ظلم قید سے شروع ہوتا ہے اور رہائی پر ختم ہو جاتا ہے۔ ہم سے پوچھیں کہ ظلم کیا ہوتا ہے، ذوالفقار علی بھٹو کے خاندان اور ان کی پارٹی سے پوچھیں۔ جنہوں نے پھانسیاں کھائیں، جنہوں نے قید وبند کو قبول کیا، جنہوں نے کوڑے کھائے، مسرور احسن صاحب نے تقریباً بارہ سال قید کاٹی اور کوڑے کھائے ہیں۔ جن لوگوں نے ضیاءالحق کی آمریت میں کوڑے کھائے ہیں ان میں مسرور احسن صاحب سرفہرست ہیں۔ جناب چیئرمین! آپ نے نوکریاں دینے کی سزا پائی اور پانچ سال کی قید کاٹی۔ ہم سے پوچھیں کہ ظلم کیا ہوتا ہے، آپ کو کیا پتا کہ ظلم کیا ہوتا ہے، آپ کا ظلم نو مئی سے شروع ہوتا ہے اور چھبیس نومبر پر آ کر ختم ہو جاتا ہے، اس کے علاوہ آپ لوگوں کو کوئی بات نہیں پتا کہ کیا کرنا ہے۔ آپ میں سے کسی کو پتا ہے کہ لاہور کے قلعے میں ایک عقوبت خانہ ہوتا تھا، آپ اس عقوبت خانے میں گئے ہیں؟ یہاں لوگوں سے پوچھیں کہ اس عقوبت خانے میں کتنے لوگ گئے، انہیں torture کیا گیا اور کتنے لوگ باہر نکلے۔ آپ لوگوں کو کیا پتا کہ ظلم کیا ہوتا ہے، آپ لوگ ظلم کی باتیں کرتے ہیں، آپ کا ظلم تو ایک شخص کی قید سے شروع ہوتا ہے اور اس کی رہائی پر آ کر ختم ہوتا ہے۔ اب بات ہو رہی تھی کہ انہیں جیل میں marital rights ملنے

چاہییں، غالباً وہ بھی ظلم ہے جو کہ پورے نہیں کیے جا رہے، آدمی سبحان اللہ کے علاوہ کچھ نہیں کہہ سکتا۔

جناب والا! ابھی کہا گیا کہ اس شخص کے باہر نکلنے سے ہمیں خوف ہے، میں مانتا ہوں کہ ہمیں خوف ہے اس شخص کے باہر نکلنے سے، یہ اس لیے ہے کہ اس شخص نے اس ملک کو جتنا نقصان پہنچایا، وہ باہر نکل کر اس ملک کو مزید نقصان پہنچائے گا اور اس ملک کو تباہ و برباد کر دے گا۔ ان سے پوچھیں ظلم کیا ہوتا ہے، ان سے پوچھیں جب بچوں کے سامنے، بیٹی اور بیٹے کے سامنے ان کے باپ کو گرفتار کیا جاتا ہے، جب آصف علی زرداری کو گرفتار کیا جاتا ہے۔ جب چاند رات کو بی بی فریال تالپور کو گرفتار کیا جاتا ہے۔ نواز شریف اور شہباز شریف کے خاندان سے پوچھیں کہ ان کے ساتھ کیا ہوا تھا۔ آپ لوگوں کو کیا پتا ہے اور یہ مکافات عمل ہے، یاد رکھیں جو بوؤ گے وہ کاٹو گے، آج آپ وہی کاٹ رہے ہیں۔ اس وقت نہ آپ نے بویا ہوتا نہ آج آپ کاٹ رہے ہوتے۔

جناب چیئرمین! ہم 27th Amendment کی بات کر رہے ہیں۔ پرویز رشید صاحب نے کہا کہ یہ 27th Amendment پر صرف judicial reforms کی بات کر رہے ہیں۔ ہم 27th Amendment میں Federal Constitutional Court کی بات کر رہے ہیں، یہ پوچھتے ہیں کہ یہ کہاں سے آ گئی۔ میرے خیال میں ان کی memory بہت short ہے، 2005 and 2006 میں جب Charter of Democracy sign کیا گیا تھا، یہ اس کا حصہ تھی, and it was endorsed by Imran Khan as well انہوں نے بھی endorse کیا تھا کہ Federal Constitutional Court ہونی چاہیے۔ Federal Constitutional Court کہیں سے نہیں آئی، پاکستان پیپلز پارٹی کے 2008 کے منشور سے لے کر 2024 کے منشور تک میں Federal Constitutional Court کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ جب کوئی پارٹی اقتدار میں آتی ہے تو اس پارٹی کا فرض ہوتا ہے کہ وہ اپنے manifesto کے مطابق عوام سے کیے گئے وعدوں کو پورا کرے۔ آج اگر پاکستان پیپلز پارٹی Federal Constitutional Court کو support کر رہی ہے تو وہ اپنے وعدوں کو وفا کرنے کی بات کر رہی ہے جو اس نے اپنے منشور میں عوام کے ساتھ کیے تھے، it is our

آپ کے لیے تو responsibility to implement our promises. promises شاید U-turn تک محیط ہیں، آپ جو وعدہ کریں، اگلے دن اسے توڑ دیں، ہم جو وعدے کرتے ہیں، ان وعدوں کو پورا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ میرے خیال میں ان ترامیم سے پارلیمنٹ کا کردار مضبوط ہو رہا ہے، judiciary weaken نہیں ہو رہی لیکن پارلیمنٹ کا کردار مؤثر بنایا جا رہا ہے، strengthen کیا جا رہا ہے۔ اس ملک میں عدلیہ نے منتخب وزیراعظم کو سزائے موت دی، اس ملک میں عدلیہ نے منتخب وزیراعظم کو بغیر کسی وجہ کے disqualify کر دیا۔ جناب چیئرمین! آپ یہاں بیٹھے ہوئے ہیں، آپ منتخب وزیراعظم تھے، آپ اٹھارہ کروڑ عوام کے منتخب نمائندے تھے، آپ کو disqualify کر دیا گیا، does a judge have the right to send an elected Prime Minister home? No, he does not. The right to remove an elected Prime Minister rests with the Parliament, not with a bench of judges جس کا دل چاہے وہ وزیراعظم کو گھر بھیج دے، بہت ہو گئی جناب۔

اب سوال یہ ہے اور اس لیے یہ چیزیں لے کر آنی ضروری ہیں ۔ پارلیمنٹ کو ہم strengthen کر رہے ہیں۔ Judiciary کو ہم weaken نہیں کر رہے ہیں۔ ہم پارلیمنٹیرین ہیں۔ ہم کوئی Judges نہیں ہیں کہ بیٹھ کر کہیں کہ Judiciary کو weaken کیا جا رہا ہے۔ ہم تو پارلیمنٹیرین ہیں ہمیں خوش ہونا چاہیے کہ پارلیمنٹ کو مضبوط کیا جا رہا ہے۔ پارلیمنٹ کو strengthen کیا جا رہا ہے۔ اچھا ان کا مسئلہ Constitutional Court سے نہیں ہے۔ ان کا مسئلہ اصل میں یہ بھی شاید کیونکہ ان کے بانی نے 2005-2006 میں Constitutional Court کو endorse کیا تھا۔ ان کا وہ مسئلہ نہیں ہے۔ ان کا مسئلہ تو یہ ہے کہ ان کی خواہش کے جج چاہیے۔ اگر ان کی خواہش کے Judge Constitutional Court میں آ جائیں وہ دو تین جج جو ابھی بھی موجود ہیں جو بقایاجات ہیں۔ جو باقیات ہیں وہ اگر Judges Constitutional Court میں آ جائیں تو یہ تو خوش ہوں گے۔ یہ تو دھمال ڈالیں گے۔ ان کو Constitutional Court کے لیے ایک نہیں چار چاہیے ہوں گے کیونکہ وہ ان کی مرضی کے فیصلے دیں گے۔ ان کی مرضی کے فیصلے ہوں تو جج بھی صحیح، ان کی مرضی کے فیصلے

ہوں تو Bench بھی صحیح۔ ان کی مرضی کے فیصلے ہوں تو Court بھی صحیح۔ تو Constitutional Court جو ہے وہ آپ کی مرضی کے فیصلے نہیں دے گا۔ وہ merit پر فیصلے دے گا۔ آپ کی خواہشات پر فیصلے یا میری خواہشات پر نہیں دے گا بلکہ وہ merit کے اوپر دے گا اور اس سے پارلیمنٹ کے کردار کو مضبوط کیا جارہا۔ جناب چیئرمین! اس لیے اٹھارویں ترمیم کی بھی جو اصل روح تھی جس کو انیسویں ترمیم سے ہمیں مجبوراً واپس لینا پڑا تھا اس کو ہم بحال کرنے کی اور برقرار کرنے کی باتیں کر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین! یہاں ہم نے Economy کی باتیں کیں۔ ہم نے کہا کہ foreign investment کی بات کریں۔ GDP growth کی بات کریں۔ اس طرف کے جو لوگ بیٹھے ہیں۔ وہ تو یہ بات کرنا چاہتے ہیں اس لیے کہ ایکانومی اگر بہتر perform کرنا شروع ہوگی۔ تو یہ irrelevant ہو جائیں گے۔ ان کا مسئلہ یہ ہے۔ یہ نہیں چاہتے کہ یہ irrelevant رہیں۔ اس لیے جب بھی ایکانومی کی بہتری آتی ہے یہ کوئی نہ کوئی مسئلہ create کرتے ہیں۔ 9th May create کریں گے۔ 26 November کریں گے۔ یہ چاہتے ہی نہیں کہ اس ملک میں economy بہتر ہو۔ جس دن economy بہتر ہوئی اس دن یہ irrelevant ہو جائیں گے اور یہ irrelevant ہونا شروع ہو گئے ہیں۔ وزیراعظم صاحب نے دو بار نہیں بلکہ چار پانچ بار بات کی ہے کہ charter of economy پر بات کریں۔ آئیں ساتھ آ کر بیٹھیں بات کریں۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے اپنی پہلی تقریر میں اور اس کے بعد بارہا کہا کہ مذاکرات ہونے چاہیے۔ Dialogue ہونا چاہیے، بات ہونی چاہیے لیکن آپ تو ہم سے dialogue کرنا ہی نہیں چاہتے۔ آپ تو ہم سے بات کرنا ہی نہیں چاہتے۔ آپ ان لوگوں سے بات کرنا چاہتے ہیں جو آپ سے بات نہیں کرنا چاہتے۔ بات eventually آپ کو سیاستدانوں سے ہی کرنی پڑے گی۔ ان سے نہیں کرنی پڑے گی کیونکہ وہ آپ سے بات ہی نہیں کرنا چاہتے۔ وہ آپ کو recognize ہی نہیں کرتے۔ تو اگر آپ میں عقل آ گئی ہے تو آپ بات کرنا چاہتے ہیں تو جناب آپ کو بیٹھنا چاہیے تھے اس کمیٹی میں جو کہ قانون و انصاف کی کمیٹی تھی جس کے اندر قومی اسمبلی اور سینیٹ کے اراکین تھے۔ آپ بھی تھے آپ کے ممبرز بھی اس کے اندر شامل تھے۔ اس میں آپ کو بات کرنی چاہیے

تھی۔آپ کو اگر 27th ویں ترمیم پر reservations تھی تو وہاں پر آپ آتے اور بات کرتے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ سینیٹر دنیش کمار۔اس کے بعد کیونکہ I have not given the time to the minority.

**Senator Danesh Kumar**

سینیٹر دنیش کمار: بہت بہت شکریہ۔ سب سے پہلے تو میں Leader of the House کو مبارک باد دوں گا کہ یہ ترمیم سینیٹ میں پیش کی گئی۔ یہ بہت بڑا ایک اقدام تھا اس کے لئے میں ان کا شکر گزار ہوں۔ ترامیم کے حوالے سے بلوچستان عوامی پارٹی کی جانب سے ہم نے کچھ تجاویز دی ہیں۔ ڈار صاحب! BAP پارٹی کی جانب سے ہم نے کچھ تجاویز دی ہیں۔ صوبے کی سیٹوں کے حوالے سے اور as a minority میں نے اقلیتوں کے حوالے سے دی ہیں کہ آپ جب Cabinet کی تعداد بڑھا رہے ہیں اور Article 130 میں آپ ترمیم لا رہے ہیں تو وہاں پر آپ کیوں sure نہیں کر رہے ہیں کہ ان میں سے کم از کم جو Cabinet کا ممبر ہو گا ایک اقلیت سے ہو۔ کیونکہ آپ ابھی دیکھیں۔ خیبر پختونخوا میں بھی کوئی اقلیتی ممبر نہیں۔ بلوچستان میں کوئی اقلیتی ممبر نہیں۔ یہاں پر بھی ایک بے چارے کھیل داس کو جو دیا گیا ہے وہ بھی State Minister ہے۔کوئی وفاق میں بھی اقلیتی منسٹر نہیں ہے۔ کھیل داس صرف ایک ہے جو State Minister ہے اور وہ بھی بے چارہ اتنا بے بس ہے کہ اس کی جو مذہبی امور کا منسٹر ہے وہ بھی نہیں سنتا۔ جناب چیئرمین! ہم جب جاتے ہیں پوری دنیا میں تو ہم پاکستان کا جھنڈا بلند کرکے جاتے ہیں۔ ہم کہتے ہیں کہ ہمیں فخر ہے کہ پاکستان کے جھنڈے میں سفید حصہ ہمارا ہے تو لوگ کہتے ہیں کہ ڈنڈا بھی اس سفید حصے میں ہے۔ ہم کہتے ہیں کہ اس سفید حصے کے ڈنڈے نے پاکستان کا پرچم اوپر کیا ہوا ہے۔ ہمیں فخر ہے اور ہم کہتے ہیں کہ ہم پاکستانی ہیں اور ہماری پاکستانیت پر کسی کو شک نہیں ہونا چاہئے۔ انڈیا اور پاکستان میں اقلیتوں کے حوالے سے کیا فرق ہے؟ ٹھیک ہے یہاں پر بھی کچھ شکایتیں اقلیتوں کی ہوں گی۔ مگر پاکستان کی State اقلیتوں کے خلاف کبھی بھی نہیں ہے جس طرح سے انڈیا میں وہاں کی State وہاں کی اقلیتوں کے خلاف ہے۔ یہ فرق ہے۔ ہمیں فخر ہے۔ جناب چیئرمین! یہاں پر آپ دیکھیں ہم جب باہر جاتے ہیں۔ یہ جو آئینی ترامیم ہو رہی ہے۔ ہماری خوش نصیبی ہے کہ ڈار

صاحب جیسے وسیع القلب شخصیت ہمارے سینیٹ میں رہے ہیں۔ آپ کو تو چاہیے کہ سینیٹ کی strengthen کے لیے آپ لاتے کہ ممبر نیشنل اسمبلی کیوں وزیراعظم ہو۔ سینیٹ سے بھی وزیراعظم ہونا چاہیے۔ انڈیا میں یہ ہے۔ بہت سے ملکوں میں ہے۔ آپ کو یہ ترمیم لانی چاہیے کہ سینیٹ سے بجٹ پاس ہونا چاہیے تاکہ ہم بھی کہیں کہ یہ ایوان بالا ہے مگر اس پر بھی توجہ نہیں دی گئی۔ یہ بہت ضروری چیزیں ہیں۔

جناب چیئرمین! اچھا میں آتا ہوں۔ Article 91 میں لکھا ہے کہ جی وزیراعظم صرف مسلم ہو سکتا ہے کیوں ہم غیر مسلم پاکستانی نہیں ہیں۔ یہ کیا بات ہے۔ مجھے سمجھ نہیں آرہا ہے کہ صدر پاکستان صرف مسلم ہو سکتا ہے۔ غیر مسلم نہیں ہو سکتا۔ یہ ان چیزوں میں آپ ترامیم لائیں۔ جب بھی ہم بات کرتے ہیں۔ اسحاق ڈار صاحب! میری ایک عرض سنیں۔ جب بھی یہاں پر ارباب اختیار نے اقلیتوں کی بات کی ہے تو ان پر فتویٰ آ جاتا ہے کہ جی قادیانیوں کے ایجنٹ ہیں۔ ایک دن پرویز رشید صاحب نے بات کی تو ان کے خلاف طوفان مچ گیا کہ جی پتا نہیں پرویز رشید نے قادیانیوں سے کیا کھایا ہے۔ میں حیران ہوں کہ 1973 میں تو قادیانیوں کو آپ لوگوں نے غیر مسلم قرار دیا۔ ہم علی الاعلان غیر مسلم ہیں۔ ہم علی الاعلان کافر ہیں۔ ہمیں کیوں کہا جاتا ہے۔ ہمارے ایک جنرل باجوہ صاحب تھے ان پر بھی الزام لگا کہ وہ قادیانی ہے۔ اب اس قادیانیت کے پیچھے تمام اقلیتوں کے خلاف کام شروع ہو جاتا ہے۔ اس طرح نہیں ہونا چاہیے۔ جناب چیئرمین! ہم اپنا مذہب رکھتے ہیں۔ میں ہندو مذہب سے ہوں۔ یہاں پر عادت ہے جب نواز شریف کے پاس مودی آتا ہے تو کہتے ہیں کہ وہ ہندوؤں کا ایجنٹ ہے۔ عمران خان کے پاس جاتے ہیں تو وہ کہتے ہیں کہ یہود و نصاریٰ کا ایجنٹ ہے۔ میں حیران ہوں کہ مذہبوں سے آپ انہیں کیوں ملاتے ہو۔ یہ آئین پاکستان میں شامل کریں۔ میں ہندو ہوں تو مجھے کافر کیوں کہا جاتا ہے؟ نہیں کہیں۔ یہ آئین پاکستان میں آنا چاہیے۔ یہ اقلیتوں کی بات ہے۔ ہم اقلیت پاکستان کا فخر ہیں۔ ہم اقلیت اسلام کا روشن چہرہ ہیں۔ ہم جب بھی جاتے ہیں ہم کہتے ہیں کہ ہم پاکستان میں آزاد ہیں اور اسلام میں مذہبی برداشت ہے۔ میں جب بات کرتا ہوں میرا دل جلتا ہے کہ برصغیر میں ہمارے پاس اہلِ بید نے سب سے پہلا قدم رکھا اور مجھے فخر ہے کہ ہمارے ڈار صاحب ہیں یہ بھی داتا دربار کے ماننے والے ہیں۔ میں بھی جا کر وہاں سر جھکاتا ہوں۔ میں بھی سہون شریف جاتا ہوں۔ ادھر اتنی interfaith harmony ہے کہ آپ سوچ بھی نہیں سکتے۔

سہون شریف کا میلہ تب شروع ہوتا ہے کہ وہاں پر جب ایک ہندو مہندی لگاتا ہے۔ عبداللہ شاہ بھٹائی کا بھی میلہ تب شروع ہوتا ہے جب مدد لالو شروع کرتا ہے۔ یہ ہمارے صوفیائے کرام ہیں۔ ایک بہت بڑا اصول رکھا تھا ان صوفیائے کرام کے ساتھ ہزاروں ہندو تھے مگر ان پر انہوں نے کبھی نہیں کہا کہ آپ مسلم بنیں۔ انہوں نے روشن چہرہ دکھایا۔ اور میں چاہتا ہوں کہ جو پنجاب صوفیوں کی دھرتی ہے۔ سندھ جو صوفیوں کی دھرتی ہے۔ 1980 میں افغانستان کے war کے بعد یہاں جو گند پھیلا ہے اس کو ختم ہونا چاہیے۔ محبت کا پرچار ہونا چاہیے۔ تمام پاکستانیوں کو وہ ہونا چاہیے۔ اسحاق ڈار صاحب! اس سلسلے میں میری آپ سے ہاتھ جوڑ کر درخواست ہے کہ کہ آپ اقلیتوں کے بارے میں قانون سازی لائیں۔ جو گند پھیلایا جا رہا ہے جو اقلیتوں کے نام سے ہمارے بڑے لیڈروں کو پکارا جاتا ہے کہ جی قادیانیوں کے ایجنٹ ہیں۔ ہندوؤں کے ایجنٹ ہیں اور یہ نصاریٰ کی ایجنٹ ہیں۔ یہ چیزیں ختم ہونی چاہیے۔ بہت بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ سینیٹر شیری رحمان صاحبہ۔

## Motion for Dispensation of Rules in order to move a Resolution

Senator Sherry Rehman: I beg leave to move motion under rule 263. I hereby move under Rule 263 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the requirements of Rules 26, 29, 30 and 133 of the said Rules be dispensed with in order to enable the House to move and pass a resolution on Iqbal Day.

Mr. Chairman: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Please move the resolution.

**Resolution moved by Senator Sherry Rehman regarding 148th birth anniversary of Dr. Allama Muhammad Iqbal**

Senator Sherry Rehman: Thank you. Recognising the immense and enduring legacy of poet, philosopher and great thinker, Dr. Allama Muhammad Iqbal, on his 148th birth anniversary and his pivotal role in awakening the spirit of Muslims of the Indian subcontinent,

Acknowledging him as the poet of the East and the architect of the vision for a separate Muslim homeland in British India, a vision solidified in his 1930 Allahabad address,

Affirming that his poetry, philosophy and political thought continue to inspire the nation and its youth, embodying ideals of self-realisation, the concept of khudi, unity and courage, his intellectual legacy which will continue to serve as a beacon of guidance for future generations,

Committed to upholding the principles of liberty, equality and justice that were central to his vision, the Senate of Pakistan hereby resolves to honour the enduring contributions of Dr. Allama Muhammad Iqbal by promoting his philosophy in educational curricula and public discourse across the nation,

Calls upon all citizens, particularly the youth, to embrace Iqbal's message of self-belief, courage and the pursuit of excellence to build a strong and prosperous Pakistan,

Urges a renewed commitment to the spirit of unity and brotherhood, as articulated in Iqbal's poetry, to overcome internal and external challenges and work for the collective progress of the nation and the Muslim world,

Encourages government, civil society and educational institutions to organise and support events, seminars and cultural activities that reflect and celebrate the life and teachings of Dr. Allama Muhammad Iqbal,

Reaffirms the national resolve to work towards a just, humane and progressive society based on the principles of freedom, dignity, mutual respect as envisioned by Iqbal,

Lastly, decides that the observance of Iqbal Day will be used not only as a day of remembrance, but also as a day of active recommitment to the ideals that were powerfully articulated by Iqbal for the betterment of all humanity. Thank you.

Mr. Chairman: I now put the resolution before the House.

*(The resolution was adopted)*

Mr. Chairman: The resolution is passed unanimously.

چونکہ ڈنر پر جانا ہے، آپ دو منٹ میں جو بات کر سکتے ہیں، کر لیں۔

## **Point raised by Senator Hidayatullah Khan regarding name of the province of Khyber Pakhtunkhwa**

سینیٹر ہدایت اللہ خان: جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔ چونکہ اس وقت جناب لیڈر آف دی ہاؤس بھی ایوان میں موجود ہیں تو جہاں تک 27ویں ترمیم کا تعلق ہے، اس کے لیے ہم نے باقاعدہ حکومت سے بلکہ ابھی کمیٹی میں بھی بلایا گیا تھا، اس میں ہم نے باقاعدہ جو amendments دی تھی، وہ ہم نے ان کو بتادیں۔ لہٰذا، ہم حکومت کے مشکور ہیں کہ وہ تجاویز جو ہٹانی تھیں، NFC ایوارڈ کے بارے میں یا 18ویں ترمیم کے بارے میں ہماری کچھ خدشات تھے، وہ انہوں نے کر دیے۔ باقی جو ہمیں بتایا گیا، جتنی بھی چیزیں تھیں، وہ ہم نے منظور کر دی ہیں۔ جہاں تک خیبر پختونخوا کے نام کا تعلق ہے، ابھی میرے معزز بھائی جو کہ میرے بہت قریبی دوست بھی ہیں اور ہم پختونخوا کے ایک شہر کے رہنے والے ہیں۔ انہوں نے پختونخوا کے نام کے حوالے سے تھوڑی سی بات کی ہے۔ میں اس ضمن میں تھوڑا سا ان کو بتادوں کہ ہمارا یہ خیال نہیں ہے کہ ہمیں خیبر نہیں چاہیے۔ خیبر تو ایک درّہ ہے، ایک تاریخ رکھتا ہے، ایک ثقافت رکھتا ہے، اس کی اس علاقے میں ایک جدو جہد ہے۔ ہم اس کو غلط نہیں سمجھتے۔

جناب چیئرمین: آپ کمیٹی میں بات کر چکے ہیں۔

سینیٹر ہدایت اللہ خان: جناب! میں ان کو جواب دینا چاہتا ہوں۔ ہمارے محسن عزیز صاحب نے بات کی کہ ان کو خیبر پختونخوا سے کیا نقصان ہے۔ بات یہ ہے کہ جس طرح باقی سب صوبوں کے نام ہیں، جیسے کل ایمل ولی خان صاحب نے بتایا تھا کہ پنجاب کے ساتھ اگر آپ ساہیوال پنجاب لگائیں یا سندھ کے ساتھ سکھر سندھ لگائیں، یا بلوچستان کے ساتھ بولان بلوچستان لگائیں تو میرے خیال میں یہ ٹھیک نہیں ہوگا۔ دوسرا مسئلہ کیا ہے؟ اس طرح ہے کہ پختونخوا کا نام آپ لوگوں نے دیا تھا، ہم آصف علی زرداری صاحب اور (ن) لیگ سب کے مشکور ہیں کہ انہوں نے ہمیں یہ نام 'خیبر پختونخوا' دیا تھا کیونکہ اس وقت ہزارہ کے کچھ لوگوں نے اس پر اعتراض کیا۔ ابھی میں یہ سوچتا ہوں کہ ہزارہ اور خیبر کا کیا تعلق ہے جو کہ افغانستان کی boundary پر واقع ہے۔

جناب چیئرمین: آپ کمیٹی میں already کہہ چکے ہیں تو پھر یہ کمیٹی تو نہیں ہے۔

سینیٹر ہدایت اللہ خان: دوسری بات، انہوں نے باچا خان کے بارے میں کہا کہ باچا خان ایئرپورٹ کیوں ان کے نام پر بنا۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اگر یہ باچا خان کو نہیں جانتے تو ان کو جاننا چاہیے۔ وہ پختونخوا بلکہ پورے برصغیر کے لیڈر تھے۔ وہ ایسے لیڈر تھے کہ جب انہوں نے سیاست کی تو عملاً سیاست کی۔ ان کے قول اور فعل میں کوئی تضاد نہیں تھا۔ انہوں نے 37 سال جیل میں گزارے۔ اس قوم کی خدمت کی۔ انہوں نے عدم تشدد کے فلسفے کی ترویج کی اور دوسروں کو اسی راستے پر چلایا۔ وہ ایک عظیم انسان تھے۔ ان کی وفات پر تین ممالک کے جھنڈے سرنگوں ہوئے، اس میں افغانستان، ہندوستان اور پاکستان تینوں ممالک شامل تھے۔ وہ نہ بادشاہ تھے، نہ وزیر تھے اور نہ ہی کوئی وزیراعظم تھے لیکن ایک عظیم ہستی تھے۔ باچا خان کے بارے میں جو الفاظ میرے ساتھی رکن نے کہے، انہیں چاہیے کہ واپس لیں کہ باچا خان کے نام پر پشاور ایئرپورٹ کا نام کیوں رکھا گیا۔

جناب چیئرمین: ہم نے خود رکھا تھا۔

سینیٹر ہدایت اللہ خان: اسی طرح ولی خان کے نام پر اگر یونیورسٹی بنائی گئی ہے تو ان کی خدمات آپ سب کو معلوم ہیں۔ یہاں ہمارے پرانے سیاستدان بھی تشریف فرما ہیں، لیڈر آف دی ہاؤس اور دوسرے اراکین، وہ ان کو جانتے ہیں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ باچا خان کون تھے اور ولی خان کون تھے۔ یہ ان کو جانتے ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ ہمارے معزز سینیٹر صاحب نہ جانتے ہوں لیکن میں آج انہیں تھوڑا سا بتانا چاہتا تھا کہ باچا خان نے ہمیشہ جدوجہد کی، 37 سال اس قوم کی آزادی کی خاطر قید برداشت کی۔ آج اگر آپ اس سیٹ پر بیٹھے ہیں، میں بیٹھا ہوں، سب بیٹھے ہیں تو یہ ان لوگوں کی جدوجہد سے ممکن ہوا۔ انہوں نے انگریز کو یہاں سے نکالا اور ایک ملک بنایا جس میں ہم اب آزادی سے رہتے ہیں۔ اس سے پہلے صوبیدار سے اوپر کوئی نہیں جا سکتا تھا۔ باہر سے انگریز آتے تھے، جتنے بھی بڑے بڑے افسر ہوتے تھے، سارے اُدھر سے آتے تھے۔ میرے خیال میں یہ بات مناسب نہیں ہے۔ مہربانی کرکے معزز رکن اپنے الفاظ واپس لے لیں تو بہتر ہوگا۔

سینیٹر محسن عزیز: جناب! میں تھوڑی سی personal explanation دینا چاہتا ہوں۔ میں عبدالغفار خان صاحب اور ولی خان صاحب کی سیاست کو آج بھی سلام پیش کرتا ہوں۔ میں بھٹو صاحب کی سیاست کو آج بھی سلام پیش کرتا ہوں لیکن میں صرف یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ

آپ ہمارے صوبے کے ساتھ کھلواڑ نہ کریں۔ پہلی بات یہ ہے کہ آپ ہی نے اس صوبے کا نام، اپنے دور حکومت میں جب آپ صوبائی حکومت میں اکثریت میں تھے، آپ کا چیف منسٹر تھا، ایک نام propose کرکے رکھوایا۔ آج 12 سال کے بعد آپ کو وہ ساہیوال پنجاب اور سکھر سندھ یاد آگیا۔ کیوں؟ میں یہ پوچھنے کا حق رکھتا ہوں کہ آج آپ نے صوبائی حکومت سے اس کی اجازت لی؟ آج یہ صوبائی حکومت میں موجود ہیں؟ میں یہ پوچھنے کا حق رکھتا ہوں یا نہیں؟ آپ مجھے بتارہے ہیں کہ میرا صوبہ کیا ہے۔ میرے صوبے کا نام رکھنے والے آپ کون ہیں؟ وہاں آپ کی حیثیت ہی ختم ہے۔

Mr. Chairman: I have given the floor to Leader of the House.

**<u>Senator Mohammad Ishaq Dar</u>**

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: جناب چیئرمین! شکریہ۔ میرے خیال میں اس dispute کو میں تھوڑا clarify کردیتا ہوں۔ ایک تو یہ ہے کہ کچھ ساتھی بڑے اچھے مشورے دے رہے ہیں۔ اس کی base یہ تھی، میں نے جب پچھلے ہفتے بات کی تھی کہ ہم اس وقت یہاں ایک مسودہ لائیں گے جس پر حکومت اور اس کے allies ایک page پر ہوں تاکہ پھر ہاؤس اس کو debate کرے اور ابھی آج بھی کمیٹی میں 140A پر local bodies پر بات ہورہی ہے جو کہ MQM نے دیا ہے۔ نام پر بات ہورہی ہے لیکن دو تین چیزوں کا میں background بتادیتا ہوں۔ یہ صوبے نے نہیں کیا تھا، with all due respect یہ میرے بھائی ہیں۔ 18 ویں ترمیم کے آخری تین دن اس پر لگے تھے۔ اس خادم نے اسفند یار ولی خان صاحب سے کوئی پانچ meetings کی تھیں۔ ادھر سے کمیٹی divided تھی۔ ایک حصہ کہتا تھا کہ ہزارہ یا خیبر اس کا نام ہونا چاہیے جبکہ ایک حصہ کہتا تھا، اسفند یار ولی میرے بھائی ہیں۔

ہم دونوں ساتھ ساتھ بیٹھتے تھے۔ انہوں نے 2 choices دی تھیں، وہ کہتے تھے کہ اس کا نام پختونخواہو یا پختونستان۔ آخری دن یہ فیصلہ ہوا، اس کے بعد ہم نے sign کیے۔ اٹھارویں ترمیم کو ہم consensus سے کررہے تھے۔ دو subjects تھے جن پر dissent note record پر ہے۔ ایک تعلیم، curriculum اور دوسرا صحت پر۔ اس کے بعد یہ فیصلہ ہوا کہ ایک نام وہاں لے لیں جو ایک گروپ ہے۔ دوسرا نام اُدھر سے لے لیں اور اس کو combine کردیں

تو اسفند یار ولی صاحب نے اس پر finally agree کیا کہ ہزارہ سے خیبر لے لیں اور ہم نے کہا کہ پختونستان سے پختونخوا لے لیں۔ یہ پوری history ہے جو میں آپ کو بتا رہا ہوں۔

ایک اور چیز میں بتا دوں کیونکہ اُدھر سے بھی ساتھی بیٹھے ہوئے ہیں اور آئینی عدالتوں کی بات ہو رہی ہے، اِدھر سے بھی ہم اس کو defend کر رہے ہیں۔ آئینی عدالت کا جو concept تھا، وہ 2002 اور 2006 کے درمیان جب محترمہ بے نظیر بھٹو صاحبہ کے ساتھ 2002 میں میری پہلی میٹنگ ہوئی تو اس میں یہ فیصلہ ہوا کہ ہم code of conduct, civil military relationship, Truth and Reconciliation Commission, آئین کو اپنی اصل حالت میں لانا، کئی اس طرح کی چیزیں تھیں، وہ Charter of Democracy میں ہیں۔ آپ کو یاد ہوگا، 13 مئی 2006 کو لندن میں میاں نواز شریف صاحب اور محترمہ بے نظیر بھٹو، اللہ ان کو جنت میں اعلیٰ مقام دے، ان کے درمیان CoD sign ہوا لیکن چند ہفتوں میں Millennium Hotel, London میں تمام سیاسی جماعتیں آئیں اور اس میں عمران خان صاحب شامل تھے۔ ان کے لیڈر شامل تھے، اس document پر ان کا signature ہے کہ آئینی عدالت اس ملک میں ہونا چاہیے۔ میں اس لیے یہ کہہ رہا ہوں کر رہا ہوں تاکہ informed رہیں اور discuss کریں۔ یہ CoD concept نہ صرف محترمہ بے نظیر بھٹو اور میاں نواز شریف کے درمیان ہوا۔ اس کے بعد اس پر تمام لیڈرز، مولانا فضل الرحمان صاحب صاحب، اسفند یار ولی صاحب، عمران خان صاحب، سب آئے اور سب نے اس کو endorse کیا۔ اس لیے یہ سب کی common ownership ہے۔ میں نے کہا کہ میں تھوڑی سی history کی light دے دوں کیونکہ CoD I have been involved, کی drafting میں رضا ربانی صاحب تھے، میں نے شروع کیا۔ اس کے بعد چونکہ کام بڑھتا گیا تو احسن اقبال اور صفدر عباسی صاحب add ہوئے۔ ان چار بندوں نے وہ initial تیاری کی۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ زرقا سہروردی! آپ دو تین منٹ میں بات کر سکیں گی؟

سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور: جی کر لیتی ہوں۔ بہت شکریہ، جناب چیئرمین!

(مداخلت)

سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور: اگر وقت دے دیں۔ دیکھیں، تہذیب کا یہ تقاضا ہے کہ بات کرنے دیں۔ Very patiently I have been waiting all the day, میرے ساتھ پچھلی مرتبہ بھی یہی ہوا، کاکڑ صاحب چیئرمین کی سیٹ پہ بیٹھے تھے تو میری باری نہیں آئی حالانکہ سب سے پہلے میں نے button press کیا تھا۔۔۔

جناب چیئرمین: اب تو آپ کی باری آ گئی۔

سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور: بہرحال جناب! تسلسل بھی توڑ دیتے ہیں اور سب۔ آج اقبال کا یوم پیدائش ہے اور اس حوالے سے میں ایک شعر اپنی ایوان کے لیے اور اپنے لیے کہنا چاہتی ہوں کہ

پرواز ہے دونوں کی اسی ایک فضا میں
کرگس کا جہاں اور ہے شاہین کا جہاں اور

تو ہم نے decide کرنا ہے کہ کیا ہم کرگس کے role میں رہنا چاہتے ہیں یا ہم شاہین کے role میں رہنا چاہتے ہیں۔ اقبال کے ہی حوالے سے میں عمران خان صاحب کے لیے بھی ایک شعر بولنا چاہتی ہوں کہ

ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پر روتی ہے
بہت مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا

مجھے پتا ہے کہ آج بہت سی تقریریں ہوئیں اور بہت سے comments دیے گئے۔۔۔

جناب چیئرمین: Repetition نہ کریں اور نئی بات کریں۔

سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور: نئی بات ہی کرنے لگی ہوں۔ دو منٹ دے دیجیے۔

جناب چیئرمین: کاکڑ صاحب! اس کے بعد آپ نے بات کرنی ہے۔ جی۔

## Further discussion on the motion regarding the Constitution (Twenty-Seventh (Amendment) Bill, 2025

### Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur

سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور: شاید میری تقریر لوگوں کے کانوں پر بہت ناگوار گزرتی ہے، پسند نہیں آتی اور میں بہت ہی unfavourable قسم کی باتیں کرتی ہوں۔ میں 27ویں ترمیم کے حوالے سے کچھ ترامیم لے کر آئی ہوں اور ترامیم کا مقصد یہ ہے کیونکہ یہاں پر ترامیم کی لوٹ سیل لگی ہوئی ہے۔ یہ جتنی بھی ترامیم آئی ہیں، یہ سب چند ایک لوگوں کے لیے ترامیم ہیں، صدر صاحب کے لیے ہیں یا جو بھی ہیں۔ جو لوگ طاقتور ہیں، ان کے لیے یہ ترامیم ہیں لیکن یہ ملک 25 کروڑ عوام کا ہے اور ہمارا یہ آئین اسی 25 کروڑ عوام کا ہے جس کو ہم بھول جاتے ہیں۔ یہ وہ آئین ہے جس کے تحت 2023 ,2022 اور 2024 میں پی ٹی آئی کے لوگوں کے ساتھ بڑے ظلم ہوئے جو آئین کے ماورا تھے، جو قانون کے ماورا تھے۔ اب ایک اور ترمیم آ رہی ہے تو کیا یہ ترمیم ہمیں تحفظ دے گی؟ کچھ لوگوں کو تحفظ دے گی۔ لیکن سوال یہ ہے کہ وہی آئین جو ہمیں تحفظ نہیں دے سکا وہ کس کو تحفظ دے گا؟ آئین کو تو ہم جہاں چاہتے ہیں لے جاتے ہیں۔ بہر حال، میں نے کچھ ترامیم نکالی ہیں جو عام آدمی کے interest کی ترامیم ہیں۔ پاکستان کی 25 کروڑ عوام کے interest کی ترامیم ہیں اور میں چاہوں گی کہ جہاں اتنی ترامیم دی جا رہی ہیں، ان کے بارے میں بھی میں قائد ایوان، وہ بیٹھے ہوئے ہیں، ان کے بھی گوش گزار کرنا چاہتی ہوں۔ سب سے پہلے تو میرے خیال میں structural reforms, Article 1 and Article 239 (4) کے مطابق allow creation of new Provinces including Gilgit-Baltistan and Azad Jammu Kashmir کیونکہ یہ دونوں Provinces ہمارے لوگوں کے ہیں جن کو پارلیمان میں نمائندگی نہیں ملتی۔ یہ بہت بہت اہم ہے۔ پاکستان کے لیے existential بہت important issue ہے۔ اگر ہم دو تہائی لوگوں سے آئین کی ترمیم کر رہے ہیں تو ہمیں ایسی ترامیم کرنی چاہیئیں جو اس ملک کے لیے اچھی ہوں اور اس ملک کے عوام کے مفاد میں ہوں۔ میں Article 38 کی ایک amendment submit کرنا چاہوں گی جس میں National Population Stabilization policy linking NFC, جس پر بہت سی لے دے ہو رہی ہے، جو population کے حوالے سے ہے لیکن Human

Development Index, it is the lowest of Pakistan, almost lowest in all the countries of the world. اگر آپ این ایف سی ایوارڈ دیتے ہیں، اگر آپ اس کو population سے link کر رہے ہیں تو اس کے ساتھ development of education, health and gender equity outcomes کے حوالے سے آپ کو دینا چاہیے۔ صرف population کے numbers سے نہیں ہونا چاہیے۔

میں Article 39A کے حوالے سے ترمیم دینا چاہوں گی کہ recognize the right to water and climate security. Insuring Inter-Provincial fairness in natural resources. Articles 25 and 37 کے حوالے سے میں ترمیم دیناچاہوں گی کہ persons with disability, جس طرح ہمارے یہاں اقلیتوں کو صوبائی اسمبلیوں اور قومی اسمبلی اور سینیٹ میں سیٹیں دی جاتی ہیں، اسی طرح persons with disability کو ایک ایک سیٹ ہر صوبے میں دینی چاہیے اور قومی اسمبلی اور سینیٹ میں بھی دینی چاہیے۔ Article 25A, which gives the right to education, اس کے بیچ میں digital literacy اور vocational training کو بھی include کرناچاہیے۔ Article 19 (c) کے حوالے سے میں کہنا چاہوں گی، Responsible Digital Expression کے حوالے سے جس پر۔۔۔۔

جناب چیئرمین: یہ amendments کی stage نہیں ہے۔ آپ نے تقریر کرنی ہے تو کرلیں۔ ترامیم جب آئیں گی تو اس وقت آپ کرلیں۔

سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور: پہلے میں نے کہاں کیے ہیں؟

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: میری گزارش یہ ہے کہ آپ ہماری اتنی intelligent colleague ہیں۔ ڈاکٹر صاحبہ! آپ کو یہ ترامیم ایک procedure کے تحت دینے چاہییں۔ ابھی بھی آپ کمیٹی میں جائیں اور اپنی ترامیم پیش کریں اور ان کو فیصلہ کرنے دیں بلکہ جب آپ کے ترمیم کی باری آئے گی تو یہ تمام چیزیں وہاں پر بیان فرمائیں اور ان کو convince کریں کہ یہ کمیٹی میں ہونی چاہییں۔ دونوں ایوانوں کی کمیٹی بیٹھی ہوئی ہے۔ آپ نے ابھی جمع ہی نہیں کروائیں ،اب یہاں پر دینے کا تو کوئی فائدہ نہیں ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور: میری بات سنیں، ہماری پارٹی نے۔۔۔۔

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: جناب! مجھے ذرا floor دے دیں۔ دو حصے ہیں، ہر بندہ یکھتا ہے، دو حصے ہیں، آپ کو یہ ترامیم تو کم از کم بھجوا دینی چاہیے تھیں، سیکرٹریٹ میں جمع کرواتے تاکہ وہاں پڑی ہوتیں۔ پھر آپ یہاں پر اپنا view دیتیں۔ اگر کمیٹی میں نہیں بھی جانا لیکن there is a procedure, we all have to follow. آپ اتنی محنت کر کے، اتنی اچھی چیزیں ہیں، اچھی باتیں کر رہی ہیں، وہاں پر اس کا کوئی اثر ہی نہیں ہوگا۔ ابھی بھی کمیٹی میں جائیں، چھوڑیں وہ جو روزہ رکھا ہوا ہے کہ کمیٹی میں نہیں جانا ہے۔ آپ جا کر ان کو دے دیں، شاید وہ accept کر لیں۔ شکریہ۔

سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور: ایسا ہے کہ آپ کی 27 ویں ترمیم جو لے کر آئے ہیں، اس کو ہماری پارٹی نے اور ہم نے reject کیا ہے because we don’t think that it is in the interest of people of Pakistan.

جناب چیئرمین: آپ نے تو already reject کیا ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور: اگر مجھے بات بھی نہیں کرنے دیں گے چیئرمین صاحب! براہ مہربانی، مجھے بات کرنے دیں۔ لوگ یہاں پر لغو باتیں کر لیں، out of context باتیں کر لیں۔ اگر میں چار عقل کی باتیں کر رہی ہوں اور یہاں اتنے sensible, experienced لوگ بیٹھے ہیں۔ شاید اگلی مرتبہ کوئی بہتر ترمیم لے آئیں جس کچھ عوام کا بھی فائدہ ہو۔

جناب چیئرمین: ڈاکٹر زرقا صاحبہ، میں آپ کو یہ بتانا چاہ رہا ہوں، صرف میں آپ کو guide کر رہا ہوں this is not the stage where you have to give the amendment تو اس لیے آپ اگر کوئی اور باتیں کرنا چاہتی ہیں تو کر لیں۔

سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور: چلیں ٹھیک ہے I will not talk about the amendments if that is لیکن basically جی دیکھیں بات یہ ہے کہ جو یہاں پر ہو رہا ہے، ہماری فوج اس وقت افغانستان کے ساتھ ہمارا اتنا terrorism کا issue ہے، ہماری فوج کے شہداء وہاں پر اپنی جانیں دے رہے ہیں لیکن آئین کی لاش پچھلے تین سالوں میں ہم نے یہاں پر نکالی ہے۔ 1973 میں آئین آیا، کسی نے پوچھا کہ تیں، چالیس سال پہلے ہم آئین کیوں نہیں لے کر آئے، کیونکہ East Pakistan اور West Pakistan تھا۔ ہم بہت اجارہ داری میں

believe کرتے تھے، ہم نہیں چاہتے تھے کہ East Pakistan کو اس کا حق ملے، East Pakistan گیا تو ہم آئین لے آئے، معذرت کے ساتھ یہ جو اجارہ داری کی باتیں ہیں ہمیں اس سے آگے چلنا پڑے گا۔

جناب چیئرمین: ایک سیکنڈ میں correct کر دیتا ہوں، 1956 میں آئین بنایا گیا my father was the signatory of the Constitution, it was a United Pakistan.

سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور: جو جمہوری چیز ہوتی ہے ہم اس کو چلنے نہیں دیتے اور دوسری بات یہ کہ ہم لوگوں کو تحفظ تو دیں، لیکن ہم سب accountable ہیں، پارلیمان کے جتنے members ہیں اور ہمارے میں سے جو Prime Minister, President بنتے ہیں، وہ بھی accountable ہیں، ان کو accountable ہونا پڑے گا، آج بہت باتیں ہوئیں کہ judiciary نے بڑی غلطیاں کیں، ہم مانتے ہیں کہ Judiciary کا past داغدار ہے Justice Munir سے لے کر، لیکن اس کا مطلب یہ تو نہیں ہے کہ آپ Judiciary کے اختیارات لے لیں، آپ Judiciary کا احتساب کیوں نہیں کرتے، اگر Justice Hamood-ur-Rehman Commission نے کہا کہ آپ احتساب کریں، آپ لوگوں کا احتساب کریں، ہم احتساب تو کرنا نہیں چاہتے، ہم بغیر accountability کے سب کو چلانا چاہتے ہیں، ہم کسی چیز کے بارے میں بات نہیں کرنا چاہتے۔

اسی ایوان کی چھبیسویں ترمیم میں پچھلے سال میرا بیٹا اغوا ہوا تھا، اسی حکومت کی presence میں ہوا تھا، میں یہاں پر نہیں آئی تھی، میرے پر بڑی تہمتیں لگیں۔ حالانکہ نہ میں نے ووٹ دیا، نہ ہی میں یہاں پر تھی۔ لیکن جس طرح سے میرے character کو، میری چھوٹی بڑی خدمات کو، اس کو جس طرح داغدار کیا گیا اس کو میں ایک سال سے برداشت کر رہی ہوں، بہت مشکل وقت میں نے گزارا ہے، اور اسی ایوان میں آج ستائیسویں ترمیم کے خلاف میرا وہی stance ہے، جو ہمارا عمران خان صاحب کا ہے، کیونکہ میری Senate کی seat عمران خان صاحب کی ہے، جہاں وہ vote دینا چاہیں گے میں نے وہاں vote دینا ہے، تو میں صرف آخر میں

ایک بات میں کرنا چاہ رہی تھی کہ ایوان میں یہ باتیں ہونی چاہییں، جو مسائل ہوتے ہیں ان کی discussion ہونی چاہیے اور کوئی precedents کا ہونا چاہیے، میں mic کا button press کرتی ہوں پر میری باری ہی نہیں آتی، کیا وجہ ہے؟ شاید میں باتیں اچھی نہیں کرتی، شاید مجھے training کی ضرورت ہے یا کچھ باتیں زیادہ لپیٹ کے کرنے کی۔

جناب چیئرمین: آپ باتیں زیادہ اچھی کرتی ہیں، اس لیے ہم برداشت نہیں کر سکتے، شکریہ۔ سینیٹر نسیمہ احسان صاحبہ۔

**Senator Naseema Ehsan**

سینیٹر نسیمہ احسان: اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، (عربی) شکریہ جناب، آپ نے مجھے بولنے کا موقع دیا، اس House کو دیکھ کر۔

جناب چیئرمین: میں نے کل بھی موقع دیا تھا۔

سینیٹر نسیمہ احسان: بڑی مہربانی جناب، اس House کو دیکھ کر، اس House کے ممبران کو دیکھ کر دل بہت ہی دکھی ہوتا ہے۔ 2012 سے میں اس House میں ہوں، 2012 سے 2018 تک اور یہ میرا دوسرا tenure ہے۔ میں نے اس House کو بہت اچھے سے دیکھا ہے۔ یہاں پر اگر ہم تجاویز دیتے تھے، کوئی ایک ممبر بھی یہاں پر تجاویز دیتا تھا، یہ سارے ممبر جن کی بھی تجاویز ہوتی تھیں، یہاں پر debate ہوتی تھی، یہاں پر ایک دوسرے کے ساتھ مل کر عوامی مسائل حل ہوتے تھے۔ 25 کروڑ عوام کے مسائل کے لیے ہم یہاں پر بیٹھے ہیں، ہم عوامی نمائندگی کے لیے یہاں بیٹھے ہیں۔ یہ میں اس مرتبہ دیکھ رہی ہوں کہ وہاں سے اے، یہاں سے تبے اور وہاں سے چپ، یہاں پر بیٹھو اس طرح کے الفاظ پہلے کبھی میں نے نہیں سنے۔ اس House کا ایک وقار ہے، ایک decorum ہے، ایک توقیر ہے، کیوں ہم اس توقیر کی بے توقیری کر رہے ہیں، یہ بڑے افسوس کے ساتھ مجھے کہنا پڑ رہا ہے۔

میں آپ کا دوبارہ سے شکریہ ادا کروں گی کہ آپ نے مجھے موقع دیا۔ گزشتہ دنوں Pakistan اور India کے درمیان جو معرکہ حق ہوا اس پر مجھے بولنے کا موقع نہیں ملا تھا۔ آج مجھے

بولنے کا موقع ملا ہے تو میں یہاں پر آج اپنے Field Marshal اور Navy اور Air Force کے سر براہان کو خراج عقیدت پیش کرتی ہوں کہ جس بہادری سے ہماری پاک فوج نے دشمن کو سبق سکھایا۔

موجودہ جو زیر غور آئینی ترمیم ہے، اس حوالے سے تمام ممبران نے بات کی میری بھی ایک آدھ گزارش ہے۔ یہ ترمیم جو زیر غور ہے اگر ہم اپنے مذہب اور اسلامی اصولوں کے مطابق دیکھیں تو ہم اس پر پورا نہیں اترتے کیونکہ جناب حضورِ پاک ﷺ کا ارشاد گرامی ہے، تیس سال بنتے ہیں خلافت راشدہ کے، جس میں خلیفہ ثانی حضرت سیدنا عمر فاروقؓ کا وہ واقعہ جو مسجد نبوی میں پیش آیا، سلمان فارسیؓ کا سوال اور حضرت عمرؓ کا جواب اور حضرت عمرؓ کے بیٹے کی تصدیق۔ جناب اس قصے پر نہیں جاتی ہوں کیونکہ وہ قصہ تمام مسلمانوں کے ذہن میں ہے اور تمام مسلمانوں کو اس کا علم ہے اور اگر عسکری حوالے سے دیکھیں تو حضرت خالد بن ولیدؓ جو عظیم ترین فاتح General تھے، اس کو سیف اللہ کا خطاب دیا گیا تھا اور آج بھی ان کے پاس وہ سیف اللہ کا خطاب ہے۔ جن کی فتوحات کو مغرب اپنی Military Academy میں اپنے جوانوں کو پڑھاتا ہے، وہ بھی احتساب سے بالاتر نہیں تھا۔ انہوں نے ایک دعوت دی، اس موقع کے حساب سے وہ ایک پر تعیش دعوت تھی۔ تو خلیفہ دوم نے اس سے بازپرس کی کہ یہ دعوت آپ نے مال غنیمت سے دی ہے یا اپنے ذاتی وسائل سے، تو ان کو یہ ثابت کرنا پڑا کہ میں نے یہ دعوت اپنے ذاتی وسائل سے دی ہے۔ لیکن آج اگر ہم اسلامی معاشرے کا جائزہ لیں تو یہ چیزیں ہمیں نہیں ملتیں ہیں۔

اب ہم آتے ہیں اس دور کی جانب، ہم اپنے ہی ملک کو لیں، ایوب خان کے بعد ہمیں اپنے ہی ملک میں یہ دیکھنے کو ملا ہے اور ہم نے پڑھا ہے کہ ایک حکومت آتی ہے، ایک policy بناتی ہے، اس policy کے ثمرات عوام تک پہنچتے ہی نہیں ہیں یا پھر پہنچنے سے پہلے اس policy maker کو ہٹایا جاتا ہے، دوسرا آتا ہے غرض اسی طرح ہوتا رہتا ہے۔ ہمارے ملک میں اچھے لوگوں کی کمی نہیں ہے، اچھے policy سازوں کی کمی نہیں ہے، ہمارے ملک کی پانچ سالہ policy جو ڈاکٹر محبوب الحق نے بنائی تھی South Korea جو اس وقت Asia کا tiger بنا ہے اس نے اس سے استفادہ حاصل کیا۔ لیکن ہم آج پیچھے رہ گئے ہیں اور بلکہ میں یہی کہنا چاہوں گی کہ ہم روز بروز پیچھے کی جانب

جا رہے ہیں۔ جناب ہمارے ملک میں ایسے بھی سربراہان گزرے ہیں۔

جن کی corruption کے حوالے سے آج تک کسی ایک نے بھی انگلی نہیں اٹھائی، جناب شہید ذوالفقار علی بھٹو صاحب، جناب ایوب خان صاحب اور جناب جرنل پرویز مشرف صاحب۔ جناب، ہمارے حالیہ فیلڈ مارشل ہیں، اُن کے حوالے سے بھی کسی نے یہ بات نہیں کی کہ مالی بے ضابطگیوں کے حوالے سے۔

جناب والا! ایک ایسا انسان جو ہمارا طاقتور ترین سربراہ ہے اور بے خوف ہو کر انہیں دس سال ملنے چاہیے۔ تاکہ وہ بنائی گئی پالیسیوں کی نگرانی کرے اور اُن کے ثمرات عوام تک پہنچائے۔ تو اس حوالے سے جناب میں یہ سمجھتی ہوں کہ یہ ترمیم قابل قبول ترمیم ہے۔ جناب والا! اگر اس کے ثمرات عوام تک نہیں پہنچتے تو یہ کوئی آسمانی صحیفہ نہیں ہے کہ اس میں ردوبدل نہیں ہو سکتا۔ اس میں ہم اور بھی ترامیم لا سکتے ہیں۔ جناب میں سمجھتی ہوں کہ یہ ترمیم قابل قبول ہے۔

کل یہاں میرے معزز colleague نے عمران خان صاحب کے حوالے سے کہا کہ اُن کی زوجہ کی اُن سے ملاقات نہیں کروائی جا رہی ہے یا پھر اُن کے بچوں کو ملاقات نہیں کرنے دے رہے ہیں اور نا انصافی کا حوالہ دیا، ظلم کا حوالہ دیا تو اس طرف ہمارے colleague مسرور بھائی بیٹھے ہوئے تھے، انہوں نے بھی شہید ذوالفقار علی صاحب کی بات کی۔ اس بات کو ہم سنتے ہیں تو ہمارا دل دکھ سے پھٹ جاتا ہے کہ جو کچھ شہید ذوالفقار علی بھٹو کے ساتھ ہوا اور جو کچھ اُن کے جسد خاکی کے ساتھ ہوا۔ یہاں پہ مولا بخش چانڈیو سینیٹر ہوا کرتے تھے تو اُن سے میں نے سنا تھا کہ اُن کی جسد خاکی کو ایک ایسی چارپائی پر لٹایا گیا کہ اُن کے پیر نیچے لٹک رہے تھے۔

دل کو بہت برا لگا۔ بہت افسوس ہوا لیکن جناب same اسی طرح کی ایک situation بلوچستان میں بھی پیش آئی تھی۔ شہید نواب اکبر بگٹی کے جنازہ پر اُن کا جسد خاکی اُن کی فیملی نے بھی نہیں دیکھا تھا۔ اُن کے بچوں نے، اُن کے بیٹے اور بیٹیوں نے بھی اُن کا جسد خاکی نہیں دیکھا تھا جس کا ہمیں بہت افسوس ہے۔ جناب والا! میں آخر میں جناب ڈار صاحب سے یہی کہوں گی اور جیسے کہ

ہمارے سینیٹر دنیش کمار نے بھی کہا ہے کہ ہمارے صوبہ بلوچستان کی seats بڑھائی جائیں۔ تو یہ میری آپ سے درخواست ہو گی۔ شکریہ۔

**جناب چیئر مین:** شکریہ۔ آغا شاہ زیب درانی صاحب۔

**(مداخلت)**

**جناب چیئر مین:** وہ صبح سے بیٹھے ہیں۔ میں ایک اِدھر سے سن رہا ہوں ایک اُدھر سے سن رہا ہوں۔ یہ last سپیکر ہے۔

**سینیٹر محمد اسحاق ڈار:** جناب، بڑا late لیٹ ہو رہا ہے۔ میری گزارش ہے کہ صبح گیارہ بجے جو speeches رہ گئے ہیں، وہ کروالیں۔

**جناب چیئر مین:** یہ آغا صاحب صرف پانچ منٹ بات کر لیں۔

**سینیٹر محمد اسحاق ڈار:** آغا شاہ زیب صاحب! آپ صبح کر لیں، جناب! He is OK with that. آپ اِن کو صبح گیارہ بجے پہلا speaker رکھ لیں۔ شکریہ۔

Mr. Chairman: OK. The proceedings of the House stands adjourned to meet again on Monday, the 10th of November, 2025 at 11.00 a.m.

-------------------

*[The House was then adjourned to meet again on Monday, the 10th of November, 2025 at 11.00 a.m]*

-------------------